تنظیم المدارس (اہلِ سُنّت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

برائے طلباء

نورانی گائیڈ

حل شُدہ پرچہ جات

درجہ عامہ

1

مُفتی مُحمد احمد نُورانی دامت برکاتہم عالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

H_M_Hashain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

پہلا پرچہ: ترجمہ قرآن وتجوید

وقت: تین گھنٹے کل نمبر ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل: قرآن مجید

سوال نمبر ۱: درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزا کا ترجمہ کریں؟ ۶۰=۱۰×۶

(i) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ○

(ii) كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ج ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ○

(iii) وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ○

(iv) قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ط وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ○ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَ هُدًى وَّ بُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ○

اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْئَلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ط وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ○

(vii) اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ط وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ○

(viii) وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَ نَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ط وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ○

(ix) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ج

H_M_Hasnain_Asadi

فَمَنْ شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ط

(x) هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلَٰئِكَةُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ ط وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ٥

سوال نمبر۲: درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟ ۲×۵=۱۰

(i) هدى (ii) السفهاء (iii) ظلمت (iv) برق (v) فراشا (vi) ثمرة (vii) ميثاق (viii) مستقر

حصہ دوم: تجوید

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے کوئی پانچ حروف کے مخارج تحریر کریں؟ ۲×۵=۱۰

ا، خ، غ، ق، ض، ظ، م

سوال نمبر۴: درج ذیل کوئی سے دو اجزا کے جواب دیں؟

(i) حروف لہاتیہ اور حروف شجریہ کی وضاحت کریں نیز بتائیں کہ حروف قمریہ کون کون سے ہیں؟ ۶+۴=۱۰

(ii) حلق کے کتنے اور کون سے حصے ہیں ہر حصے سے ادا ہونے والے حروف بیان کریں؟ ۵+۵=۱۰

(iii) صفات عارضہ کل کتنی ہیں ان میں سے کوئی سات کے صرف نام لکھیں؟ ۳+۷=۱۰

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالبات بابت ۲۰۲۰ء

پہلا پرچہ: قرآن و تجوید

حصہ اوّل: قرآن مجید

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزا کا ترجمہ کریں؟

(i) اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ٥ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ لا غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ٥

(ii) كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَكُنتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ج ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ٥

(iii) وَاتَّقُوا يَوْمًا لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا

H_M_Hasnain_Asadi

عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ○

(iv) قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ط وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ○ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

(v) قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَ هُدًى وَّ بُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ○

(vi) اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْئَلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ط وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ○

(vii) اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ط وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ○

(viii) وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَ نَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ط وَ بَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ○

(ix) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْۤ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ج فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ط

(x) هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ط وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ○

جواب: ترجمہ آیات قرآنی

(i) تو ہمیں سیدھی راہ دکھا، ان لوگوں کی راہ جن پر تو نے انعام کیا، نہ ان لوگوں کی جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ گمراہ لوگوں کی۔

(ii) تم کیوں انکار کرتے ہو اللہ کا، حالانکہ اس نے تمہیں زندہ کیا، جب کہ تم مردہ تھے، پھر وہ تمہیں مارے گا اور پھر وہ تمہیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

(iii) اور تم اس دن سے ڈرو، جس میں کوئی ایک جان دوسری کے لیے کسی قسم کا بدلہ نہیں دے سکے گی، نہ ان میں سے کسی کی سفارش قبول کی جائے گی اور نہ معاوضہ قبول کیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

(IV) لوگوں نے کہا: آپ ہمارے لیے اپنے پروردگار سے دعا کریں کہ وہ ہمارے لیے گائے کے بارے میں واضح کر دے، کیونکہ گائے ہم پر مشتبہ ہو گئی ہے، اگر اللہ نے چاہا، تو ہم ضرور راستہ پالیں گے، تو آپ (حضرت موسیٰ علیہ السلام) نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ بے شک وہ گائے ہو۔

(V) آپ فرمادیں کون شخص دشمن ہے جبرئیل کا، حالانکہ اس نے تمہارے دل پر ایسی چیز اتاری ہے اللہ تعالیٰ کی اجازت سے، جو تصدیق کرنے والی ہے جو تمہارے پاس موجود ہے، وہ ہدایت ہے اور خوشخبری ہے

H_M_Hasnain_Asadi

مومنوں کے لیے۔

(vi) کیا تم چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے ایسا سوال کرو جس طرح تم سے پہلے (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) سے سوال کیا گیا جو آدمی ایمان کے بجائے کفر کو اختیار کرتا ہے، وہ گمراہی کے برے راستہ پر ہے۔

(vii) جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی، وہ اسے پہچانتے ہیں، جس طرح وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور بے شک ایک گروہ حق کو چھپاتا ہے حالانکہ وہ جانتے ہیں۔

(viii) اور ہم ضرور آزمائیں گے تمہیں کچھ خوف، بھوک، مالوں، جانوں اور پھلوں میں کمی کر کے اور آپ صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیں۔

(ix) رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا جو ہدایت لوگوں کے لیے، ہدایت کی ہدایت اور حق و باطل کی نشانیاں ہیں، تم میں سے جو آدمی اس مہینہ کو پائے وہ اس کے روزے رکھے۔

(x) وہ صرف ایسی بات کا انتظار کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ بادلوں کے سائے میں ان کے پاس آئے اور فرشتے بھی، فیصلہ ہو کر رہے گا اور تمام معاملات اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔

سوال نمبر۲: درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟

(i) هُدًى (ii) السُّفَهَآءُ (iii) ظُلُمٰتٍ (iv) بَرْقٌ (v) فِرَاشًا (vi) ثَمَرَة (vii) مِيثَاقٌ (viii) مُسْتَقَرٌّ

جواب: الفاظ قرآنی کے معانی

(i) ہدایت (ii) بیوقوف لوگ (iii) تاریکیاں (iv) بجلی (v) بچھونا (vi) پھل (vii) پختہ وعدہ (viii) ٹھکانا

حصہ دوم: تجوید

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے کوئی پانچ حروف کے مخارج تحریر کریں؟ ۱۰=۲×۵

ا، خ، غ، ق، ض، ظ، م

اَ:

انتہائے حلق۔ یہ حلق کا آخری حصہ ہے اور اَ کا مخرج ہے۔

غ، خ:

ابتدائے حلق، یعنی حلق کا اگلا حصہ اور یہ غ اور خ کا مخرج ہے۔

ق:

زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ یہ 'ق' کا مخرج ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

ض:

حافہ لسان یعنی زبان کا بغلی کنارہ جو حلق کی طرف ہے اس کے بائیں یا دائیں اوپر کی داڑھوں کی جڑیں۔

ظ:

نوک زبان اور ثنایا علیا کے کنارے، یہ 'ظ' کا مخرج ہے۔

م:

دونوں ہونٹوں کے خشک حصے سے 'م' ادا ہوتی ہے۔

سوال نمبر۴: درج ذیل کوئی سے دو اجزا کے جواب دیں؟

(i) حروف لہاتیہ اور حروف شجریہ کی وضاحت کریں نیز بتائیں کہ حروف قمریہ کون کون سے ہیں؟

(ii) حلق کے کتنے اور کون سے حصے ہیں ہر حصے سے ادا ہونے والے حروف بیان کریں؟

(iii) صفات عارضہ کل کتنی ہیں ان میں سے کوئی سات کے صرف نام لکھیں؟

جواب: (i) حروف لہاتیہ:

وہ حروف جو کوے کے متصل زبان کی جڑ اور تالو سے ادا ہوں۔ مثلاً ق۔ ک۔

حروف شجریہ:

وہ حروف جو وسط زبان اور مقابل کے تالو سے ادا ہوتے ہیں۔ مثلاً ج، ش، ی وغیرہ۔

حروف قمریہ:

وہ حروف جن سے پہلے لام تعریف پڑھا جائے۔ ان کو حروف قمریہ کہتے ہیں۔ حروف قمریہ چودہ ہیں جن کا مجموعہ ہے: اَبْغِ حَجَّكَ وَخَفْ عَقِيْمَهُ جیسے اَلْاٰن، اَلْبُخْلُ۔

(ii) حلق کے حصے اور ان سے ادا ہونے والے حروف:

حلق کے کل تین حصے ہیں۔

(۱) انتہائے حلق (۲) وسط حلق (۳) ابتدائے حلق

انتہائے حلق:

یہ ء اور ھا کا مخرج ہے۔

وسط حلق:

یہ ع اور حا کا مخرج ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

ابتدائے حلق:

یہ غ اور خا کا مخرج ہے۔

(iii) صفات عارضہ:

صفات عارضہ کل سترہ (۱۷) ہیں۔ جن میں سے سات (۷) کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) ترقیق: باریک پڑھنا (۲) لین: مد کی طرح نرمی کرنا (۳) ادغام: ملا دینا (۴) قلب: بدلنا (۵) ابدال: بدلنا (۶) حذف: حرف کو ختم کرنا (۷) اثبات: حرف کو باقی رکھنا۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل: عقائد

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) ذات وصفات الٰہی حادث ہیں یا قدیم؟ عقیدہ لکھیں (ب) سب سے پہلے انسان اور سب سے پہلے نبی کے بارے میں وضاحت کریں؟ (ج) انبیاء کی تعداد مقرر کرنے کے بارے عقیدہ تحریر کریں؟ (د) مرنے کے بعد روح کہاں رہتی ہے؟ تحریر کر (ھ) منکر نکیر کب آتے ہیں اور کیا سوال کرتے ہیں؟ (و) میزان کیا ہے؟ وضاحت کریں۔

سوال نمبر۲: درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزا کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) اللہ تعالیٰ نے عالم کو کیوں پیدا کیا؟ (ب) معصوم کون ہے؟ وضاحت کریں؟ (ج) معجزہ اور کرامت میں فرق کی وضاحت کریں؟ (د) کس وقت ایمان لانا بیکار ہے؟ بیان کریں؟ (ھ) قیامت کن لوگوں پر آئے گی؟ تحریر کریں؟ (و) ولی کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ یہ رتبہ کیسے ملتا ہے؟

حصہ دوم: فقہ

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزا کے جوابات تحریر کریں ۵×۵=۲۵

(الف) وضو کے کوئی پانچ مکروہات تحریر کریں (ب) مباشرت فاحشہ کیا ہے؟ اس سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ (ج) غسل کے فرائض لکھیں؟ (د) غسل کو فرض کرنے والی چیزیں بیان کریں؟ (ھ) کس پانی سے وضو اور غسل جائز ہے اور کس سے نہیں؟ (و) ماء مستعمل کو کام میں لانے کا حیلہ تحریر کریں؟

سوال نمبر۴: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزا کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) نجاست غلیظہ ونجاست خفیفہ کا فرق کب معتبر ہے؟ (ب) کون کون سی چیزیں نجاست خفیفہ ہیں؟ صرف پانچ کے نام لکھیں (ج) کافر کے جھوٹے کا حکم بیان کریں؟ (د) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

(ھ) موزوں پر مسح کرنے کی کوئی تین شرطیں لکھیں (و) موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ

حصہ اوّل: عقائد

سوال نمبر ا: درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) ذات وصفات الٰہی حادث ہیں یا قدیم؟ عقیدہ لکھیں (ب) سب سے پہلے انسان اور سب سے پہلے نبی کے بارے میں وضاحت کریں؟ (ج) انبیاء کی تعداد مقرر کرنے کے بارے عقیدہ تحریر کریں؟ (د) مرنے کے بعد روح کہاں رہتی ہے؟ تحریر کر (ھ) منکر نکیر کب آتے ہیں اور کیا سوال کرتے ہیں؟ (و) میزان کیا ہے؟ وضاحت کریں۔

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) ذات وصفات الٰہی قدیم وغیر حادث:

عقیدہ:

جس طرح ذات باری تعالیٰ ازلی، ابدی اور قدیم ہے۔ اسی طرح صفات باری تعالیٰ بھی ازلی، ابدی، قدیم اور غیر حادث ہیں۔

(ب) سب سے پہلا انسان اور سب سے پہلا نبی:

روئے زمین کا سب سے پہلا انسا حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور سب سے پہلے نبی بھی آپ ہیں۔ آپ سے پہلے نہ کوئی انسان تھا اور نہ کوئی نبی۔

(ج) تعداد انبیاء کے بارے میں عقیدہ:

تعداد انبیاء کرام علیہم السلام کے حوالے سے مختلف روایات منقول ہیں۔ زیادہ مشہور روایت ایک لاکھ چوبیس ہزار والی ہے لہٰذا تعداد انبیاء علیہم السلام کا عقیدہ یوں ہے: کل انبیاء علیہم السلام ایک لاکھ چوبیس ہزار یا کم وبیش ہیں۔

(د) مرنے کے بعد روح کا مسکن:

مرنے کے بعد مسلمان کی روح قندیل عرش عظیم کے نیچے، قبر میں، آسمانوں سے اوپر، چاہ زمزم میں یا

H_M_Hasnain_Asadi

زمین و آسمان کے درمیان یا مقام علیین میں حسب مراتب رہتی ہے، مگر کافر کی روح کا مسکن گندگی کا ڈھیر اور قبر تک محدود ہوتا ہے۔

(ھ) منکر نکیر کا آنا اور میت سے سوال کرنا:

جب میت کو قبر میں دفنا دیا جاتا ہے، تو اس کے پاس زمین کو چیرتے ہوئے دو فرشتے آتے ہیں جن کو منکر نکیر کہا جاتا ہے۔ یہ فرشتے نہایت ڈراؤنی شکل کے ہوتے ہیں۔ مسلمان میت کو اٹھاتے ہیں، اس سے تین سوال کرتے ہیں: (i) مَنْ رَّبُّكَ؟ (تیرا پروردگار کون ہے؟) (ii) (تیرا دین کیا ہے؟) مَا تَقُوْلُ فِیْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ؟ (اس ذات کے بارے میں تو کہا کرتا تھا؟) تو مسلمان یوں جواب دیتا ہے: (i) رَبِّیَ اللّٰهُ (میرا پروردگار اللہ ہے) (ii) دِیْنِیَ الْاِسْلَامُ (میرا دین اسلام ہے) (iii) هٰذَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ یہ اللہ تعالیٰ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ مسلمان منکر و نکیر کے سوالات کے جوابات حسب عوامل و درجہ دے لیتا ہے، مگر کافر گھبراتا ہے اور وہ جواب دینے سے قاصر رہتا ہے۔

(ھ) ''میزان'' کا مطلب:

لفظ ''میزان'' اسم آلہ ہے، جس کا معنی ''ترازو'' ہے۔ یہاں میزان سے مراد وہ ترازو ہے، جو قیامت کے دن نصب کیا جائے، جس پر لوگوں کے اچھے اور برے اعمال تولے جائیں گے۔ میزان حق ہے۔

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزا کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) اللہ تعالیٰ نے عالم کو کیوں پیدا کیا؟ (ب) معصوم کون ہے؟ وضاحت کریں۔ (ج) معجزہ اور کرامت میں فرق کی وضاحت کریں؟ (د) کس وقت ایمان لانا بیکار ہے؟ بیان کریں۔ (ھ) قیامت کن لوگوں پر آئے گی؟ تحریر کریں؟ (و) ولی کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ یہ رتبہ کیسے ملتا ہے؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) عالم کو پیدا کرنے کی وجہ:

غیر اللہ، کو عالم کہا جاتا ہے، عالم کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا، اسے پیدا کرنے کا مقصد اپنی ذات کا اظہار تھی۔ اپنی ذات اور کاریگری کا مظہر بنانے کے لیے ''عالم'' کو وجود بخشا۔

(ب) معصومین:

اللہ تعالیٰ کے تمام فرشتے اور تمام انبیاء کرام علیہم السلام معصوم ہیں، ان سے عمداً اور سہواً ہر قسم کی غلطی نہیں ہو سکتی۔ ان کی طرف غلطی اور گناہ کی نسبت کرنا کفر ہے۔

(ج) معجزہ اور کرامت میں فرق:

نبی سے اعلان نبوت کے بعد، جو عمل خلاف عادت صادر ہو، اسے معجزہ کہا جاتا ہے۔ جس طرح چاند

H_M_Hasnain_Asadi

کے دو ٹکڑے کرنا، ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے۔ معجزہ نبی کی نبوت کی دلیل ہوتا ہے۔
کسی ولی سے جو بات خلاف عادت صادر ہو، اسے کرامت کہا جاتا ہے، کرامت ولی کی ولایت کی دلیل ہوتی ہے۔

(د) ایمان کے غیر معتبر ہونے کا وقت:

وفات کے وقت جب فرشتے نظروں کے سامنے ہوں، یا جب قرب قیامت میں آفتاب مغرب کی طرف سے طلوع ہوگا، ان اوقات میں ایمان معتبر نہیں ہوگا۔ اس لیے یہ ایمان بالغیب کی صورت نہیں رہے گی۔

(ھ) قیامت کن لوگوں پر قائم ہوگی:

قرب قیامت میں نیک لوگوں کو اٹھالیا جائے گا، عورتوں کی کثرت ہوگی، نافرمان لوگوں کی بھرمار ہوگی۔ زکوۃ کو ٹیکس سمجھا جائے گا، جہالت کا دور دورہ ہوگا، زنا عام ہوگا اور عام فرشتوں کو بھی اٹھالیا جائے گا، تو ایسے لوگوں پر قیامت قائم ہوگی۔

(و) ولی کی تعریف اور اس کی عطا کا طریقہ:

جو عالم ربانی، باعمل ہو، اسے ولی کہا جاتا ہے، اس کے لیے صاحب کرامت ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔ بلکہ اپنے علم پر عمل کرنا سب سے بڑی کرامت ہے۔ اللہ تعالی صاحب تقوی، پرہیزگار اور باعمل آدمی کو محض عبادت و ریاضت کی بنیاد پر عطا کرتا ہے۔

حصہ دوم: فقہ

سوال نمبر ۳: درج ذیل اجزا کے جوابات تحریر کریں

(الف) وضو کے کوئی پانچ مکروہات تحریر کریں؟ (ب) مباشرت فاحشہ کیا ہے؟ اس سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ (ج) غسل کے فرائض لکھیں؟ (د) غسل کو فرض کرنے والی چیزیں بیان کریں؟ (ھ) کس پانی سے وضو اور غسل جائز ہے اور کس سے نہیں؟ (و) ماء مستعمل کو کام میں لانے کا حیلہ تحریر کریں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) وضو کے پانچ مکروہات:

(۱) منہ اور ناک میں بائیں سے پانی ڈالنا۔

(۲) چہرے پر زور سے پانی مارنا۔

(۳) دوران استنجاء اپنی شرم گاہ کو دیکھنا۔

H_M_Hasnain_Asadi

(۴) پانی میں عمداً تھوک پھینکنا۔

(۵) دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا۔

(ب) مباشرت فاحشہ کا مطلب اور حکم:

مباشرت فاحشہ کا مطلب ہے کہ مرد اور عورت دونوں کی شرمگاہوں کا آپس میں ملنا، اگر مرد کی شرمگاہ حشفہ کی مقدار عورت کی شرم گاہ میں چھپ جائے، تو وضو ٹوٹ جائے گا بلکہ غسل واجب ہو جائے گا۔ محض دونوں کی شرمگاہ کے ملنے سے وضو نہیں ٹوٹے گا۔

(ج) غسل کے فرائض:

غسل کے تین فرائض ہیں:

(۱) منہ میں حلقوم تک پانی داخل کرنا۔

(۲) ناک میں سخت ہڈی تک پانی ڈالنا۔

(۳) تمام جسم پر پانی کا بہا دینا کہ ایک بال تک بھی خشک نہ رہے۔

(د) اسباب غسل:

(۱) جنابت یعنی منی کا اپنے مرکز سے شہوت کے ساتھ اور ٹپک کر نکلنا۔

(۲) مرد اور عورت کی شرمگاہ کا ملنا اور بقدر حشفہ مرد کی شرمگاہ کا عورت کی شرمگاہ میں داخل ہو جانا۔

(۳) دم حیض کا انقطاع یعنی حیض کا خون آ کر ختم ہو جائے۔

(۴) انقطاع دم نفاس۔

(ھ) وضو اور غسل کے جواز کا پانی:

ہر وہ پانی جو کنویں کا ہو، یا بارش کا ہو اور یا نہر کا ہو، سے وضو اور غسل کرنا جائز ہے بشرطیکہ اس کا رنگ، ذائقہ اور بو تبدیل نہ ہوئی ہو۔ اگر پانی میں پاک چیز مثلاً زعفران وغیرہ چیز مل جائے، تو اس سے بھی غسل اور وضو جائز ہوگا۔

(و) ماء مستعمل کو استعمال میں لانے کا حیلہ:

ایسی مائع چیز جس کا کوئی وصف نہ ہو مثلاً مستعمل پانی کہ اس کا اپنا رنگ، بو اور ذائقہ نہیں ہوتا۔ اگر مطلق پانی میں مل جائے، تو وزن کا اعتبار ہوگا، مطلق پانی زیادہ ہو، تو وضو جائز ہے اور مستعمل زیادہ ہو، تو ناجائز ہوگا۔

سوال نمبر۴: درج ذیل اجزا کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) نجاست غلیظہ و نجاست خفیفہ کا فرق کب معتبر ہے؟ (ب) کون کون سی چیزیں نجاست خفیفہ

H_M_Hasnain_Asadi

ہیں؟ صرف پانچ کے نام لکھیں (ج) کافر کے جھوٹے کا حکم بیان کریں؟ (د) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟ (ھ) موزوں پر مسح کرنے کی کوئی تین شرطیں لکھیں؟ (و) موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

جواب: اجزاء کے جوابات (الف):

نجاست کی دو اقسام ہیں:

(۱) نجاست غلیظہ: جس کا حکم سخت ہے۔ اگر کپڑے یا بدن میں ایک درہم سے زیادہ لگ جائے تو اس کا پاک کرنا فرض ہے۔ بے پاک کیے نماز پڑھ لی تو نماز نہیں ہوئی۔ قصداً پڑھی تو گناہ بھی ہوا اور اگر بہ نیت استخفاف ہے تو کفر ہوا۔ اگر درہم کے برابر ہو تو پاک کرنا واجب ہے کہ پاک کیے بغیر نماز پڑھی تو مکروہ ہوئی یعنی ایسی نماز کا اعادہ واجب ہے قصداً پڑھی تو گناہ بھی ہوا اگر درہم سے کم ہے تو پاک کرنا سنت ہے کہ پاک کیے بغیر نماز پڑھ لی تو ہو گئی مگر خلاف سنت ہوئی اور اس کا اعادہ بہتر ہے۔

(۲) نجاست خفیفہ: وہ ہے جس کا حکم ہلکا ہے۔ کپڑے کے حصہ یا بدن کے جس عضو میں لگی ہے۔ اگر اس کی چوتھائی سے کم ہے تو معاف ہے کہ اس سے نماز ہو جائے گی اور اگر پوری چوتھائی میں ہو تو بے دھوئے نماز نہیں ہوگی۔

یاد رہے دونوں نجاستوں کا فرق نماز کی ادائیگی کے لیے معتبر ہوگا نہ کہ بہ ما اوقات میں۔

(ب) پانچ چیزیں نجاست خفیفہ:

(۱) ان جانوروں کا پیشاب نجاست خفیفہ ہے جن کا گوشت کھایا جاتا ہو مثلاً بکری۔

(۲) گھوڑے کا پیشاب نجاست خفیفہ ہے۔

(۳) حرام گوشت والے پرندے کی بیٹ نجاست خفیفہ ہے مثلاً چیل وغیرہ۔

(۴) حلال گوشت والے جانوروں کا پتا نجاست خفیفہ ہے مثلاً گائے وغیرہ

(۵) اونٹ کا پتا نجاست خفیفہ ہے۔

(ج) کافر کے جھوٹے کا حکم:

ہر انسان خواہ وہ مسلم ہو یا غیر مسلم اس کا جھوٹا پاک ہے بشرطیکہ غیر مسلم کے منہ کو کوئی نجس چیز نہ لگی ہو مثلاً شراب وغیرہ۔

(د) تیمم کا طریقہ:

تیمم کا طریقہ یہ ہے کہ طہارت کی نیت سے پاک و صاف مٹی پر دونوں ہاتھوں سے ایک ضرب لگا کر پورے چہرے کا مسح کیا جائے۔ پیشانی کے بالوں سے لیکر تھوڑی کے نیچے تک، کان کی ایک لو سے لیکر دوسری لو تک کا خوب احاطہ کیا جائے۔ پھر اسی طرح دوسری ضرب لگا کر اپنے دونوں ہاتھوں کا کہنیوں تک مسح کیا

H_M_Hasnain_Asadi

جائے۔

(ھ) موزوں پر مسح کرنے کی تین شرائط:

(i) موزے ایسے ہوں کہ ٹخنے چھپ جائیں، اس سے زیادہ ہونے کی ضرورت نہیں اور اگر دو ایک انگل کم ہو جب بھی مسح درست ہے۔ ایڑی نہ کھلی ہو (ii) پاؤں سے چپٹا ہو، کہ اس کو پہن کر آسانی کے ساتھ خوب چل پھر سکیں۔ (iii) موزہ چمڑے کا ہو، یا صرف تلا چمڑے کا اور باقی کسی اور دبیز چیز کا جیسے کرمچ وغیرہ۔

(و) موزوں پر مسح کا طریقہ:

موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ ہے کہ پہلے دائیں موزے کے ظاہر پر دائیں ہاتھ کی درمیانی تین انگلیوں کو پاؤں کی انگلیوں سے کھینچتے ہوئے پنڈلیوں تک لائیں۔ پھر اسی طرح بائیں پاؤں پر مسح کیا جائے۔ اس کے دو فرائض ہیں: (الف) تین انگلیوں کے برابر ہونا (ب) موزے کی پیٹھ یعنی ظاہر ہونا۔

موزوں پر مسح خواتین و حضرات سب کے لیے جائز ہے۔ مسافر کے لیے تین دن تین رات اور مقیم کے لیے ایک دن ایک رات جائز ہے۔ اس کا آغاز وضو ٹوٹنے سے ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

﴿تیسرا پرچہ: صرف﴾

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: میزان و منشعب

سوال نمبر۱: (الف) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور فعل ماضی کی چار مثالیں ذکر کرنے کی وجہ بیان کریں؟ ۸×۷=۱۵

اما ماضی فعلے را گویند کہ بزمانہ گزشتہ تعلق دارد و آخر او مبنی باشد بر فتحہ قَلَّتْ حُرُوْفُهٗ اَوْ كَثُرَتْ مثالش بعارض چوں فَعَلَ فَعِلَ فَعُلَ فَعْلَلَ

(ب) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور ماضی استمراری بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

ایں ہمہ کہ گفتہ شد بحث ماضی مطلق بود چوں خواہی کہ ماضی قریب یا بعید یا استمراری وغیرہ بنا کنی پس اگر لفظ "قَدْ" بر ماضی مطلق داخل کنی ماضی قریب گردد چوں "قَدْ ضَرَبَ"

سوال نمبر۲: (الف) ماضی مجہول اور مضارع معروف میں سے ہر ایک کے بنانے کا طریقہ سپرد قلم کریں؟ ۸+۷=۱۵

(ب) باب فَعَلَ يَفْعَلُ سے نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف کی گردان تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر۳: (الف) میزان الصرف کی روشنی میں اسم فاعل اور اسم مفعول بنانے کا طریقہ بیان کریں؟ ۸+۷=۱۵

(ب) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے کل کتنے ابواب ہیں؟ ان میں سے کسی ایک باب کی صرف صغیر لکھیں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

حصہ دوم: صرف بہائی

سوال نمبر۴: (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض بیان کریں نیز علم صرف کو علم نحو پر مقدم کرنے کی وجہ تحریر کریں؟ ۹+۶=۱۵

(ب) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور اسمائے مشتقہ کے نام تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

معلوم آنست کہ نسبت او بسوئے فاعل جلی یا خفی باشد چوں خَلَقَ اللّٰہُ (اللہ تعالیٰ آفرید) وَيَخْلُقُ اللّٰهُ (اللہ تعالیٰ آفریند یا خواہد آفرید)

سوال نمبر۵: (الف) نَصَرَ يَنْصُرُ سے فعل جحد معلوم کی گردان مع معانی تحریر کریں؟ ۸+۷=۱۵

(ب) ضَرَبَ، ضَرَبَةٌ اور اِضْرِبْ میں سے کسی دو کی بنائیں صرف بہائی کی روشنی میں تحریر کریں؟ ۲×۵=۱۰

سوال نمبر۶: (الف) قَالَ اور بَاعَ والا قانون مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۵

(ب) درج ذیل قانون کا ترجمہ کرکے مثالیں دیں؟ ۱۰

ہر نون تنوین وخفیفہ را بحرف علت بروق حرکت ماقبل آں بدل میکنند در حالت وقف جواز انز دیونس

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

﴿تیسرا پرچہ: صرف﴾

حصہ اوّل: میزان ومنشعب

سوال نمبر۱: (الف) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور فعل ماضی کی چار مثالیں ذکر کرنے کی وجہ بیان کریں؟

اما ماضی فعلے را گویند کہ بزمانہ گزشتہ تعلق دارد و آخر او مبنی باشد بر فتحہ قَلَّتْ حُرُوْفُهٗ اَوْ كَثُرَتْ مگر بعارض چوں فَعَلَ فَعِلَ فَعُلَ فَعْلَلَ

(ب) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور ماضی استمراری بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟

ایں ہمہ کہ گفتہ شد بحث ماضی مطلق بود چوں خواہی کہ ماضی قریب یا بعید یا استمراری وغیرہ بنائی پس اگر

H_M_Hasnain_Asadi

لفظ "قَدْ" بر ماضی مطلق داخل کئی ماضی قریب گردد چوں "قَدْ ضَرَبَ"

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

اے پر ماضی اس فعل کو کہتے ہیں جو گزشتہ زمانہ سے تعلق رکھتا ہے اور اس کا آخر مبنی بر فتحہ ہوتا ہے خواہ اس کے حروف کم ہوں یا زیادہ ہوں، مگر ساتھ عارضہ کے جیسے فَعَلَ فَعِلَ فَعُلَ فَعْلَلَ۔

فعل ماضی کی چار مثالیں لانے کی وجہ:

مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ نے تین مثالیں فعل ماضی ثلاثی مجرد کی بیان کی ہیں۔ پہلی مثال ماضی مفتوح العین کی، دوسری مثال ماضی مسکور العین اور تیسری مثال ماضی مفتوح العین کی، جب کہ چوتھی مثال رباعی مجرد کی بیان کی ہے۔

(ب) ترجمہ عبارت:

یہ تمام گفتگو ماضی مطلق کے حوالے سے کی گئی ہے جب تو ماضی قریب یا ماضی بعید اور یا ماضی استمراری بنانا چاہے، پس لفظ "قَدْ" ماضی مطلق پر داخل کرنے سے ماضی قریب بن جائے گی مثلاً "قَدْ ضَرَبَ"

ماضی استمراری بنانے کا طریقہ:

ماضی استمراری بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل مضارع کے شروع میں لفظ کان لگانے سے ماضی استمراری بن جاتی ہے مثلاً کَانَ یَضْرِبُ (یعنی وہ ایک آدمی مار رہا تھا)

سوال نمبر۲: (الف) ماضی مجہول اور مضارع معروف میں سے ہر ایک کے بنانے کا طریقہ سپرد قلم کریں؟

(ب) باب فَعَلَ یَفْعَلُ سے نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف کی گردان تحریر کریں؟

جواب: (الف) ماضی مجہول اور مضارع معروف بنانے کا طریقہ:

(۱) ماضی مجہول بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فاکلمہ کو ضمہ، عین کو کسرہ اور لام کلمہ کو اپنی حالت میں چھوڑنے سے ماضی مجہول بن جائے گی مثلاً ضَرَبَ سے ضُرِبَ۔

(۲) مضارع معروف بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل ماضی کے شروع میں علامات مضارع یعنی اتین میں سے اس طرح لگائی جائیں کہ الف واحد متکلم، نون جمع متکلم، تاء آٹھ صیغوں یعنی چھ حاضر کے، دو مؤنث واحد مؤنث غائب اور تثنیہ مؤنث غائب اور یاء واحد مذکر، تثنیہ مذکر غائب اور جمع مذکر غائب کے شروع میں لگا دی جائے۔ فاء کلمہ کو ساکن کر دیا جائے تا کہ مسلسل چار حرکات کا اجتماع لازم نہ آئے۔ پھر پانچ صیغوں واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم کے آخر میں پیش دے دی جائے۔ سات صیغوں تثنیہ مذکر غائب، تثنیہ موث غائب، تثنیہ مذکر حاضر، تثنیہ مؤنث حاضر، جمع

H_M_Hasnain_Asadi

مذکر حاضر جمع مذکر غائب اور واحد مؤنث حاضر کے آخر میں نون اعرابی لگایا جائے گا۔ تثنیہ کے صیغوں میں نون اعرابی مکسور ہوگا اور باقیوں میں مفتوح ہوگا۔ مثلاً فَعَلَ سے یَفْعَلُ یَفْعَلَانِ یَفْعَلُوْنَ الخ۔ جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر کے صیغوں میں نون ضمیر کا لایا جاتا ہے، جو مفتوح ہوتا ہے۔

(ب) فَعَلَ یَفْعَلُ سے نفی تاکید بلن مستقبل کی گردان:

لَنْ يَفْعَلَ	لَنْ يَفْعَلَا	لَنْ يَفْعَلُوْا	لَنْ تَفْعَلَ	لَنْ تَفْعَلَا
لَنْ يَفْعَلْنَ	لَنْ تَفْعَلَ	لَنْ تَفْعَلَا	لَنْ تَفْعَلُوْا	لَنْ تَفْعَلِيْ
لَنْ تَفْعَلَا	لَنْ تَفْعَلْنَ	لَنْ اَفْعَلَ	لَنْ نَفْعَلَ	

سوال نمبر۳: (الف) میزان الصرف کی روشنی میں اسم فاعل اور اسم مفعول بنانے کا طریقہ بیان کریں؟

(ب) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے کل کتنے ابواب ہیں؟ ان میں سے کسی ایک باب کی صرف صغیر لکھیں۔

جواب: (الف) اسم فاعل اور اسم مفعول بنانے کا طریقہ:

(۱) اسم فاعل فعل مضارع معروف سے بنتا ہے۔ علامت مضارع کو حذف کر کے فاء کلمہ کو فتحہ دیا جاتا ہے۔ فاء اور عین کلمہ کے درمیان اسم فاعل کی علامت الف لایا جاتا ہے، عین کلمہ کو کسرہ دیا جاتا ہے اور لام کلمہ کو تنوین دی جاتی ہے جیسے یَفْعَلُ سے فَاعِلٌ بن گیا۔

(۲) اسم مفعول فعل مضارع مجہول سے بنایا جاتا ہے۔ مضارع کی علامت کو حذف کیا جاتا ہے اس کی جگہ میں میم مفتوحہ لائی جاتی ہے۔ عین کلمہ اور لام کلمہ کے درمیان واؤ جو کہ اسم مفعول کی علامت ہے، لائی جاتی ہے، عین کلمہ کو ضمہ دیا جاتا ہے، کیونکہ واؤ چاہتی ہے کہ میرا ما قبل مضموم ہو اور لام کلمہ کو تنوین دی جاتی ہے، کیونکہ تنوین اسم کی علامت ہے۔ یُفْعَلُ سے مَفْعُوْلٌ بن جائے گا۔

(ب) ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے ابواب:

ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے پانچ ابواب ہیں۔

(۱) اِفْعَالٌ جیسے اَلْاِکْرَامُ (عزت کرنا) (۲) تفعیل جیسے تَصْدِیْقٌ (پھیرنا) (۳) تفعل جیسے تَقَبُّلٌ (قبول کرنا) (۴) مُفَاعَلَۃٌ جیسے مُقَاتَلَۃٌ (لڑائی کرنا) (۵) تَفَاعُلٌ تَقَابُلٌ (ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہونا)

ایک کی گردان صرف صغیر:

اَکْرَمَ یُکْرِمُ اِکْرَامًا فَھُوَ مُکْرِمٌ وَاُکْرِمَ یُکْرَمُ اِکْرَامًا فَذَاکَ مُکْرَمٌ لَمْ یُکْرِمْ لَمْ یُکْرَمْ لَا

H_M_Hasnain_Asadi

يُكْرِمُ لَا يُكْرَمُ لَنْ يُكْرِمَ لَنْ يُكْرَمَ الامر منه اَكْرِمْ لِتُكْرَمْ لِيُكْرِمْ لِيُكْرَمْ (الظرف منه مُكْرَمٌ مُكْرَمَانِ مُكْرَمَاتٌ .

حصہ دوم: صرف بھتر ال

سوال نمبر۴: (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض بیان کریں نیز علم صرف کو علم نحو پر مقدم کرنے کی وجہ تحریر کریں؟

(ب) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں اور اسمائے مشتقہ کے نام تحریر کریں؟

معلوم آنست کہ نسبت او بسوئے فاعلے جلی یا خفی باشد چوں خَلَقَ اللهُ (اللہ تعالیٰ آفرید) وَيَخْلُقُ اللهُ (اللہ تعالیٰ آفریند یا خواہد آفرید)

جواب: (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض: تعریف:

صرف کا لغوی معنی ہے ''پھیرنا'' اور اصطلاحی معنی و تعریف ہے وہ علم ہے جس میں ایک کلمہ سے دوسرے کلمات بنانے کا طریقہ بیان کیا جائے۔

موضوع:

کلمہ صیغہ کے اعتبار سے۔

غرض:

ذہن کو صیغہ کی غلطی سے بچانا۔

علم صرف کو نحو پر مقدم کرنے کی وجہ ہے:

مشہور مقولہ ہے: اَلصَّرْفُ اُمُّ الْعُلُوْمِ وَالنَّحْوُ اَبُوْهَا یعنی صرف تمام علوم کی ماں اور نحو ان کا باپ ہے۔ چونکہ ماں کا درجہ باپ سے زیادہ ہوتا ہے۔ اسی مناسبت سے علم صرف کو علم نحو پر مقدم کیا گیا ہے۔

(ب) ترجمہ عبارت:

اس سے واضح ہوتا ہے کہ فعل کی نسبت فاعل کی طرف واضح ہوتی یا پوشیدہ طور پر ہوتی ہے جیسے خَلَقَ اللهُ (اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا) يَخْلُقُ اللهُ (اللہ تعالیٰ پیدا کرتا ہے یا پیدا کرے گا)

اسمائے مشتقات:

(۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) اسم تفضیل (۴) اسم ظرف (۵) اسم آلہ (۶) صفت مشبہ۔

سوال نمبر۵: (الف) نَصَرَ يَنْصُرُ سے فعل جحد معلوم کی گردان مع معانی تحریر کریں؟

(ب) ضَرَبَ، ضَرْبَةٌ اور اِضْرِبْ میں سے کسی دو کی بنائیں صرف بھتر ال کی

H_M_Hasnain_Asadi

روشنی میں تحریر کریں؟

جواب: (الف) نَصَرَ یَنْصُرُ سے فعل جحد معلوم کی گردان بمع معانی:

گردان	معانی
لَمْ یَنْصُرْ	نہیں مدد کی اس ایک آدمی نے
لَمْ یَنْصُرَا	نہیں مدد کی ان دو آدمیوں نے
لَمْ یَنْصُرُوْا	نہیں مدد کی ان سب مردوں نے
لَمْ تَنْصُرْ	نہیں مدد کی اس ایک عورت نے
لَمْ تَنْصُرَا	نہیں مدد کی ان دو عورتوں نے
لَمْ یَنْصُرْنَ	نہیں مدد کی ان سب عورتوں نے
لَمْ تَنْصُرْ	نہیں مدد کی تو ایک مرد نے
لَمْ تَنْصُرَا	نہیں مدد کی تم دو مردوں نے
لَمْ تَنْصُرُوْا	نہیں مدد کی تم سب مردوں نے
لَمْ تَنْصُرِیْ	نہیں مدد کی تو ایک عورت نے
لَمْ تَنْصُرَا	نہیں مدد کی تم دو عورتوں نے
لَمْ تَنْصُرْنَ	نہیں مدد کی تم سب عورتوں نے
لَمْ اَنْصُرْ	نہیں مدد کی میں ایک مرد یا میں ایک عورت نے
لَمْ نَنْصُرْ	نہیں مدد کی ہم دو مردوں یا دو عورتوں نے یا ہم سب مردوں یا ہم سب عورتوں نے

(ب) دو مثالیں:

ضَرَبَ

یہ ضَرْبٌ مصدر سے بنا ہے۔ فاء کلمہ کو اپنی حالت پر چھوڑا، عین کلمہ کو فتحہ دیا اور لام کلمہ کو مبنی بر فتحہ کر دیا، تو ضَرْبٌ سے ضَرَبَ بن گیا۔ ھُوَ ضمیر جائز الاستتار اس میں فاعل ہے۔

اِضْرِبْ

یہ تَضْرِبُ سے بنا ہے۔ مضارع کی علامت تاء کو حذف کر دیا۔ فاء کلمہ ساکن ہونے کی وجہ سے ہمزہ شروع میں لائے۔ عین کلمہ مکسور ہونے کی وجہ سے ہمزہ مکسور شروع میں لائے تا کہ لفظ کی ابتداء سکون سے لازم نہ آئے۔ لام کلمہ کو ساکن کر دیا، کیونکہ امر حاضر معروف مبنی علی السکون ہوتا ہے۔

سوال نمبر ۶: (الف) قَالَ اور بَاعَ والا قانون مع امثلہ تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) درج ذیل قانون کا ترجمہ کر کے مثالیں دیں؟

ہر نون تنوین وخفیفہ را بحرف علت بروق حرکت ماقبل آں بدل میکنند در حالت وقف جواز از نزد یونس

جواب: (الف) "قَالَ اور "بَاعَ" کا قانون:

واؤ اور یاء متحرک ہوں، ان کا ماقبل مفتوح ہو، واؤ اور یاء کو ساکن کر کے الف سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے قَوَلَ سے قَالَ اور بَيَعَ سے بَاعَ ہو گیا۔ اس قانون کے لیے سات شرائط ہیں:

(۱) واؤ اور یاء فاء کلمہ میں نہ ہوں (۲) لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں (۳) تثنیہ کے الفاظ سے پہلے نہ ہوں (۴) مدہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں (۵) یا مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں (۶) اس کلمہ میں رنگ اور عیب کے معنی نہ ہوں (۷) وہ کلمہ فعلان کے وزن پر نہ ہو۔

(ب) ترجمہ عبارت:

ہر نون تنوین اور خفیفہ کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے حالت وقف میں اور یہ قانون امام یونس کے نزدیک ہے جیسے زَيْدٌ سے زَيْدُوْ، زَيْدًا سے زَيْدَا، زَيْدٍ سے زَيْدِيْ، اِضْرِبَنْ سے اِضْرِبَا، اِضْرِبُنْ سے اِضْرِبُوْا، اِضْرِبِنْ سے اِضْرِبِيْ۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

﴿چوتھا پرچہ: نحو﴾

وقت: تین گھنٹے کل نمبر ۱۰۰

نوٹ: آخری دونوں سوال لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: نحو میر

سوال نمبر ۱: (الف) جملہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں مع تعریفات وامثلہ لکھیں نیز جملہ کے دوسرے نام بھی تحریر کریں؟ ۱۵=۵+۱۰

(ب) اسمائے ظروف کون کون سے ہیں؟ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر ۲: (الف) جملہ انشائیہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ ان کی مثالیں بھی ضرور تحریر کریں؟ ۱۵

(ب) اسمائے موصولہ لکھنے کے بعد بتائیں کہ "أيٌّ" اور "أيّةٌ" کو اسمائے موصولہ میں ذکر کرنے کے بعد معرب کیوں قرار دیا؟ ۱۰=۳+۷

سوال نمبر ۳: بدانکہ جمع باعتبار معنی بردو نوع است جمع قلت وجمع کثرت جمع قلت آنست کی برکم از دہ اطلاق کنند

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور جمع قلت کے اوزان مع امثلہ تحریر کریں؟

۱۵=۱۰+۵

(ب) جمع مکسر منصرف اور اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب مثالیں دیکر بیان کریں؟

۱۰=۵+۵

سوال نمبر ۴: وافعال در اعمال بردو گونہ است قسم اول معروف بدانکہ فعل معروف خواہ لازم باشد یا متعدی فاعل را برفع کند و شش اسم را بنصب کند

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور مذکورہ چھ اسموں کے نام لکھ کر ان کی مثالیں تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) افعال ناقصہ کون کون سے ہیں؟ نیز ان کا عمل سپرد قلم کریں۔ ۱۰=۵+۵

حصہ دوم: نظم مائۃ عامل

سوال نمبر ۵: درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزا کا جواب دیں؟

(الف) ناظم نے حروف ناصبہ (للفعل) کتنے اور کون کون سے بیان کیے ہیں؟ شعر کی صورت میں بیان کریں۔ ۱۰

(ب) اسمائے افعال کے متعلق نظم مائۃ عامل میں مذکور اشعار کی مختصر تشریح و توضیح کریں؟ ۱۰

(ج) عوامل قیاسیہ کتنے ہیں؟ ان کے متعلق اشعار ضرور تحریر کریں؟ ۱۰

(د) درج ذیل اشعار کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مصنف کی مراد واضح ہو جائے۔ ۱۰

دیگر افعال یقین و شک بود کاں بر دو اسم چوں درآید ہر یکے منصوب سازد ہر دو را

خِلْتُ باشد با عَلِمْتُ پس حَسِبْتُ با زَعَمْتُ پس ظَنَنْتُ با رَاَیْتُ پس وَجَدْتُ بے خطا

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

چوتھا پرچہ: نحو

حصہ اوّل: نحو میر

سوال نمبر ۱: (الف) جملہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں مع تعریفات و امثلہ لکھیں نیز جملہ کے دوسرے نام بھی تحریر کریں؟

(ب) اسمائے ظروف کون کون سے ہیں؟ سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) جملہ کی تعریف اور اس کی اقسام:

مرکب مفید کو جملہ کہا جاتا ہے۔ پھر جملہ کی دو قسمیں ہیں:

(۱) جملہ خبریہ: وہ مرکب مفید ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جائے۔ جملہ خبریہ کی دو اقسام ہیں:

(i) جملہ خبریہ اسمیہ: وہ جملہ خبریہ ہے جسکی پہلی جز اسم ہو مثلاً زَیْدٌ قَائِمٌ (زید کھڑا ہے) اس کی پہلی جز اسم (زَیْدٌ) ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ii) جملہ خبر فعلیہ: وہ جملہ خبریہ ہے جس کی پہلی جز فعل ہو مثلاً قَامَ زَیْدٌ (زید کھڑا ہوا) اس جملہ کی پہلی جز فعل (قَامَ) ہے۔

(۲) جملہ انشائیہ: وہ مرکب ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جائے جیسے یَا زَیْدُ جملہ انشائیہ کی گیارہ اقسام ہیں۔

جملہ کے دوسرے نام:

جملہ کے دوسرے نام یہ ہیں: (۱) مرکب مفید (۲) کلام

(ب) اسمائے ظروف:

اسماء ظروف وہ ہیں جو کام کرنے کے وقت یا جگہ پر دلالت کرتے ہیں۔ وہ اسمائے ظروف جو کام کرنے کے زمانہ پر دلالت کریں، وہ تعداد میں بارہ ہیں جو حسب ذیل ہیں:

(۱) اِذْ (۲) اِذَا (۳) مَتٰی (۴) کَیْفَ (۵) اَیَّانَ (۶) اَمْسِ (۷) مُذْ (۸) مُنْذُ (۹) قَطُّ (۱۰) عَوْضُ (۱۱) قَبْلُ (۱۲) بَعْدُ۔

اسماء ظروف مکان چار ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) حَیْثُ (۲) قُدَّامُ (۳) تَحْتُ (۴) فَوْقُ۔

سوال نمبر ۲: (الف) جملہ انشائیہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ ان کی مثالیں بھی ضرور تحریر کریں؟

(ب) اسمائے موصولہ لکھنے کے بعد بتائیں کہ "اَیٌّ" اور "اَیَّةٌ" کو اسمائے موصولہ میں ذکر کرنے کے بعد معرب کیوں قرار دیا؟

جواب: (الف) جملہ انشائیہ اور اس کی اقسام مع امثلہ:

جملہ انشائیہ وہ مرکب مفید ہے جس کے قائل کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جائے۔ اس کی کل گیارہ اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) امر جیسے اِضْرِبْ (۲) نہی جیسے لَا تَضْرِبْ (۳) تمنی جیسے لَیْتَ زَیْدٌ حَاضِرٌ (۴) استفہام جیسے ھَلْ ضَرَبَ زَیْدٌ (۵) ترجی جیسے لَعَلَّ عَمْرًا غَائِبٌ (۶) عقود جیسے بِعْتُ وَاشْتَرَیْتُ (۷) ندا، یَا اللّٰہُ (۸) عرض جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا (۹) قسم جیسے وَاللّٰہِ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا (۱۰) تعجب، مَا اَحْسَنَہٗ وَاَحْسِنْ بِہٖ۔

(ب) اسماء موصولہ:

یہ تعداد میں بارہ ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) اَلَّذِیْ (۲) اَللَّذَانِ (۳) اَلَّذِیْنَ (۴) اَلَّتِیْ (۵) اَللَّتَانِ (۶) اَللَّاتِیْ (۷) اَللَّاتِیْ

H_M_Hasnain_Asadi

(۸) اَللَّائِیْ (۹) اَللَّاءِ (۱۰) مَا (۱۱) مَنْ (۱۲) اَیٌّ (۱۳) اَیَّةٌ (۱۴) الف لام بمعنی اَلَّذِیْ (جو اسم فاعل اور اسم مفعول کے شروع میں آئے جیسے اَلضَّارِبُ وَالْمَضْرُوْبُ)

"اَیٌّ" اور "اَیَّةٌ" کو معرب قرار دینے کی وجہ:

اَیٌّ اور اَیَّةٌ کی کل چار حالتیں ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

(۱) اِضْرِبْ اَیُّھُمْ قَائِمٌ ، اَیٌّ کا مضاف الیہ مذکور ہے اور صدر صلہ (صلہ کی پہلی جز) محذوف ہے۔ اصل میں ھُوَ قَائِمٌ تھا۔ اس حالت میں مبنی ہے۔

(۲) مضاف الیہ محذوف اور صدر صلہ مذکور ہو جیسے اَیٌّ ھُوَ قَائِمٌ ۔

(۳) دونوں مذکور ہوں جیسے اَیُّھُمْ ھُوَ قَائِمٌ

(۴) دونوں محذوف ہوں جیسے اَیٌّ قَائِمٌ ۔

آخری تین صورتوں میں معرب ہے۔

سوال نمبر۳: بدانکہ جمع باعتبار معنی بر دو نوع است جمع قلت و جمع کثرت جمع قلت آنست کی بر کم از دہ اطلاق کنند

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور جمع قلت کے اوزان مع امثلہ تحریر کریں؟

(ب) جمع مکسر منصرف اور اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب مثالیں دیکر بیان کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

تو یہ بات جان لے کہ معنی کے لحاظ سے جمع کی دو اقسام ہیں: (۱) جمع قلت (۲) جمع کثرت۔ جمع قلت وہ ہے، جو دس سے کم چیزوں پر بولی جائے۔

جمع قلت کے اوزان اور ان کی مثالیں:

جمع قلت کے چھ اوزان ہیں جو درج ذیل ہیں۔

(۱) اَفْعَالٌ جیسے اَقْوَالٌ (۲) اَفْعُلٌ جیسے اَکْلُبٌ (۳) فِعْلَةٌ جیسے غِلْمَةٌ (۴) اَفْعِلَةٌ جیسے اَعْوِنَةٌ (۵) جمع مذکر سالم بغیر الف لام کے جیسے مُسْلِمُوْنَ (۶) جمع مؤنث سالم بغیر الف لام جیسے مُسْلِمَاتٌ۔

(ب) جمع مکسر منصرف اور اسماء ستہ مکبرہ کا اعراب مع امثلہ

(۱) جمع مکسر منصرف کا اعراب: رفع ضمہ لفظی، نصب فتحہ لفظی اور جر کسرہ لفظی سے آتا ہے جیسے جَاءَنِیْ رِجَالٌ رَاَیْتُ رِجَالًا وَ مَرَرْتُ بِرِجَالٍ ۔

(۲) اسماء ستہ مکبرہ: وہ اسماء ہیں جن کی تصغیر نہ نکالی جائے۔ یہ تعداد میں چھ ہیں:

(۱) اَبٌ (۲) اَخٌ (۳) حَمٌ (۴) ھَنٌ (۵) فَمٌ (۶) ذُوْمَالٍ

H_M_Hasnain_Asadi

ان کا اعراب رفع واؤ ماقبل مضموم سے، نصب الف ماقبل مفتوح سے اور جر یا ماقبل مکسور سے آتا ہے۔
بشرطیکہ یہ غیر یائے متکلم کی طرف مضاف ہوں مثلاً جَاءَنِیْ اَبُوْكَ وَ اَخُوْكَ وَحَمُوْكِ وَ هَنُوْكَ وَ فُوْكَ وَ ذُوْمَالٍ وَرَاَیْتُ اَبَاكَ وَ اَخَاكَ وَ حَمَاكِ وَ هَنَاكَ وَ فَاكَ وَذَامَالٍ مَرَرْتُ بِاَبِیْكَ وَاَخِیْكَ وَ حَمِیْكِ وَ هَنِیْكَ وَ فِیْكَ وَ ذِیْ مَالٍ ۔

سوال نمبر۴: وافعال در اعمال بر دو گونہ است قسم اول معروف بدانکہ فعل معروف خواہ لازم باشد یا متعدی فاعل را برفع کند وشش اسم را نصب کند

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور مذکورہ چھ اسموں کے نام لکھ کر ان کی مثالیں تحریر کریں؟

(ب) افعال ناقصہ کون کون سے ہیں؟ نیز ان کا عمل سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

عمل کے لحاظ سے افعال کی دو قسمیں ہیں: (۱) فعل معروف: تو اس بات کو جان لے کہ فعل معروف خواہ لازم ہو یا متعدی اپنے فاعل کو رفع اور چھ اسموں کو نصب دیتا ہے۔

چھ اسماء اور ان کی مثالیں:

(۱) مفعول مطلق جیسے قَامَ زَیْدٌ قِیَامًا . ضَرَبَ زَیْدٌ ضَرْبًا (۲) مفعول فیہ جیسے صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ (۳) مفعول معہ جیسے جَاءَ الْبَرْدُ وَ الْجُبَّاتِ (۴) مفعول لہ جیسے قُمْتُ اِكْرَامًا لِزَیْدٍ (۵) حال جیسے جَآءَنِیْ زَیْدًا رَاكِبًا (۶) تمیز جیسے طَابَ زَیْدٌ نَفْسًا۔

(ب) افعال ناقصہ اور ان کا عمل:

افعال ناقصہ سترہ ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) کَانَ (۲) صَارَ (۳) ظَلَّ (۴) بَاتَ (۵) اَصْبَحَ (۶) اَضْحٰی (۷) اَمْسٰی (۸) عَادَ (۹) اٰضَ (۱۰) غَدَا (۱۱) مَا بَرِحَ (۱۲) رَاحَ (۱۳) مَا زَالَ (۱۴) مَا انْفَكَّ (۱۵) مَا فَتِیَٔ (۱۶) مَا دَامَ (۱۷) لَیْسَ۔

افعال ناقصہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں۔ مبتداء کو رفع دیتے ہیں، مبتداء کو ان کا اسم کہتے ہیں اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ خبر کو ان کی خبر کہتے ہیں جیسے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا ۔

حصہ دوم: نظم مائۃ عامل

سوال نمبر۵: درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزا کا جواب دیں۔

(الف) ناظم نے حروف ناصبہ (للفعل) کتنے اور کون کون سے بیان کیے ہیں؟ شعر کی صورت میں بیان کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) اسمائے افعال کے متعلق نظم مأۃ عامل میں مذکور اشعار کی مختصر تشریح و توضیح کریں؟
(ج) عوامل قیاسیہ کتنے ہیں؟ ان کے متعلق اشعار ضرور تحریر کریں؟
(د) درج ذیل اشعار کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مصنف کی مراد واضح ہو جائے؟

دیگر افعال یقین و شک بود کاں بر دو اسم　　چوں در آید ہر یکے منصوب سازد ہر دو را
خِلْتُ باشد با عَلِمْتُ پس حَسِبْتُ با زَعَمْتُ　　پس ظَنَنْتُ با رَأَیْتُ پس وَجَدْتُ بے خطا

جواب: (الف) حروف ناصبہ:

ناظم نے حروف ناصبہ فعل مضارع چار بیان کیے ہیں جو اس شعر میں ہیں:

اَنْ وَلَنْ پس کَیْ اِذَنْ ایں چار حرف معتبر　　نصب مستقبل کنند ای جملہ دائم اقتضا

(ب) اسماء افعال کے اشعار کی وضاحت:

ناظم فرماتے ہیں کہ اسماء افعال نو (۹) ہیں جو حسب ذیل ہیں:

(۱) دُوْنَكَ (۲) بَلْهَ (۳) عَلَيْكَ (۴) حَيَّهَلْ (۵) هَا (۶) رُوَيْدَ (۷) هَيْهَاتَ (۸) شَتَّانَ (۹) سَرْعَانَ ۔

پہلے شعر میں چھ اسماء افعال بیان کیے گئے ہیں جو اپنے مابعد اسم کو نصب دیتے ہیں یعنی یہ امر حاضر کے معنی سے ہوتے ہیں اور مابعد اسم ان کا مفعول ہوتا ہے جیسے حَيَّهَلْ اَمْهِلْ کے معنی ہے مثلاً اَمْهِلْ زَيْدًا ۔

دوسرے شعر میں چار اسماء افعال بیان کیے گئے ہیں جو بَعُدَ کے معنی یعنی فعل ماضی کے معنی کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ شَتَّانَ زَيْدٌ ۔

(ج) عوامل قیاسیہ:

عوامل قیاسیہ سات ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) اسم فاعل (۲) مصدر (۳) اسم مفعول (۴) مضاف (۵) فعل (۶) اسم صفت (۷) اسم تام

ناظم نے ان کو دو اشعار میں بیان کیا ہے:

بعد ازاں ہفت قیاسی اسم فاعل مصدر ست　　اسم مفعول و مضاف و فعل باشد مطلقا
پس صفت باشد کہ آں مانند اسم فاعل ست　　ہفتم اسم تام باشد ناصب تمیز را

(د) اشعار کی تشریح:

ناظم نے ان اشعار میں افعال قلوب بیان کیے جو کل سات ہیں:

(۱) عَلِمْتُ (۲) ظَنَنْتُ (۳) حَسِبْتُ (۴) خِلْتُ (۵) رَاَيْتُ (۶) وَجَدْتُ (۷) زَعَمْتُ

یہ افعال قلوب اپنے مابعد دو اسموں کو نصب دیتے ہیں جیسے عَلِمْتُ زَيْدًا عَالِمًا ۔

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

﴿پانچواں پرچہ: عربی ادب﴾

وقت: تین گھنٹے کل نمبر ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر ۱: (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں؟ ۵×۳=۱۵

(i) هذا ورق (ii) هذا قلمي و هذا قلمك (iii) كيف حالك (iv) الكتاب فوق المنضدة (v) هل الارض تحت قدمي (vi) المسطرة تحت المنضدة (vii) هذا قلم قصير (viii) الهرة قريبة من الطعام

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک جز کا ترجمہ کریں؟ ۱۰

(i) صديقي يمشي في الحديقة في الحديقة اشجار كبيرة ومقاعد نظيفة وازهار جميلة و ورود بديعة صديقي يقطف وردة ويشم الوردة ويقول رائحة الوردة طيبة جدا، صديقي يرى في الحديقة حصانا ،صديقي يركب الحصان ويطوف في الحديقة ساعة ثم ينزل عن الحصان ويرجع الى غرفته

(ii) هذه لعبة عائشة، انها لعبة جميلة شعرها اشقر طويل، ولها عينان جميلتان وحاجبان دقيقان و خدان و رديان ولها جبهة عريضة وأنفٌ صغير وفم مستدير ولها شفتان ورديتان ولها ساعدان و عضدان و ساقان و فخذان وهي تلبس ثوبا احمر و تضع شريطة حمراء .

سوال نمبر ۲: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟ ۳×۵=۱۵

(i) یہ بڑا کمرہ ہے (ii) کیا چڑیا چھوٹا پرندہ ہے؟ (iii) میں دیوار سے دور ہوں (iv) کیا تیرے پاس کار ہے؟ (v) آسمان کی طرف دیکھ۔

(ب) درج ذیل میں سے کوئی پانچ خالی جگہیں پُر کریں؟ ۵×۲=۱۰

(i) الاسلام...... (ii) القرآن...... و كتابك (iii) الساعة...... المنضدة (iv) السماء...... راسي (v) هذا ...... معتدل (vi) الفيل حيوان...... (vii) الفار...... صغير (viii) الهرة...... من

H_M_Hasnain_Asadi

الطعام .

سوال نمبر۳: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟ ۳×۵=۱۵

(i)الجدار (ii) الصورة (iii) القلم (iv) سيارة (v) طعام

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ ۵×۲=۱۰

(i)غرفة (ii)دراجة (iii) ساعة (iv)عصفور (v) حمامة (vi) الطريق (vii) خزانة (viii)سرير

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

(i)ما اسمك؟(ii) كيف حالك؟(iii) اين الساعة(iv)هل الام فى الغرفة؟ (v)اهذه ساعة كبيرة؟

(ب) عربی میں کوئی سے پانچ پھلوں کے نام لکھیں؟ ۱۰

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طالباء بابت ۲۰۲۰ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

سوال نمبر۱: (الف) درج ذیل جملوں کا ترجمہ کریں؟

(i)هذا ورق (ii) هذاقلمي و هذا قلمك (iii) كيف حالك (iv) الكتاب فوق المنضدة (v)هل الارض تحت قدمي (vi) المسطرة تحت المنضدة (vii) هذا قلم قصير(viii)الهرة قريبة من الطعام

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک جز کا ترجمہ کریں؟

(i)صديقي يمشي فى الحديقة فى الحديقة اشجار كبيرة ومقاعد نظيفة وازهار جميلة و ورود بديعة صديقي يقطف وردة ويشم الوردة ويقول رائحة الوردة طيبة جدا، صديقي يرى فى الحديقة حصانا ،صديقي يركب الحصان ويطوف فى الحديقة ساعة ثم ينزل عن الحصان ويرجع الى غرفته

جواب: (الف) جملوں کا ترجمہ:

(i) یہ کاغذ ہے (ii) یہ میرا قلم ہے اور یہ تمہارا قلم ہے (iii) تمہارا کیا حال ہے؟ (iv) کتاب میز پر ہے۔ (v) کیا زمین میرے پاؤں کے نیچے ہے؟ (vi) پیمانہ میز کے نیچے (vii) یہ چھوٹا قلم ہے (viii) بلی کھانے

H_M_Hasnain_Asadi

کے پاس ہے۔

(ب) ترجمہ

(i) میرا دوست باغ میں چلتا ہے۔ باغ میں بڑے بڑے درخت ہیں۔ صاف ستھرے بنچ ہیں۔ خوبصورت کلیاں اور انواع واقسام کے پھول ہیں۔ میرا دوست پھول توڑتا ہے۔ پھر انہیں سونگھتا ہے اور وہ کہتا ہے: پھولوں کی خوشبو بہت اچھی ہے۔ میرا دوست باغ میں ایک گھوڑا دیکھتا ہے۔ میرا دوست گھوڑے پر سوار ہوتا ہے۔ وہ باغ میں ایک گھنٹہ چکر لگاتا ہے۔ پھر وہ گھوڑے سے اتر آتا ہے اور اپنے گھر کی طرف لوٹ آتا ہے۔

سوال نمبر۲: (الف) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟

(i) یہ بڑا کمرہ ہے (ii) کیا چڑیا چھوٹا پرندہ ہے؟ (iii) میں دیوار سے دور ہوں (iv) کیا تیرے پاس کار ہے؟ (v) آسمان کی طرف دیکھ۔

(ب) درج ذیل خالی جگہیں پر کریں؟

(i) الاسلام...... (ii) القرآن...... و كتابك (iii) الساعة...... المنضدة (iv) السماء...... راسى (v) هذا ...... معتدل (vi) الفيل حيوان...... (vii) الفار...... صغير (viii) الهرة...... من الطعام۔

جواب: (الف) جملوں کی عربی:

(i) هٰذِهٖ غُرْفَةٌ كَبِيْرَةٌ (ii) هَلِ الْعُصْفُوْرُ طَائِرَةٌ صَغِيْرَةٌ (iii) اَنَا بَعِيْدٌ مِّنَ الْجِدَارِ (iv) هَلْ عِنْدَكَ سَيَّارَةٌ؟ (v) اُنْظُرْ اِلَى السَّمَآءِ۔

(ب) خالی جگہ پر:

(i) اَلْإِسْلَامُ دِيْنِيْ (ii) اَلْقُرْآنُ كِتَابِيْ وَ كِتَابُكَ (iii) اَلسَّاعَةُ عَلَى الْمَنْضَدَةِ (iv) اَلسَّمَاءُ عَلٰى رَأْسِيْ (v) هٰذَا حَيَوَانٌ مُعْتَدِلٌ (vi) اَلْفِيْلُ حَيَوَانٌ كَبِيْرٌ (vii) اَلْفَارُ حَيَوَانٌ صَغِيْرٌ (viii) اَلْهِرَّةُ قَرِيْبَةٌ مِّنَ الطَّعَامِ۔

سوال نمبر۳: (الف) درج ذیل کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟

(i) الجدار (ii) الصورة (iii) القلم (iv) سيارة (v) طعام

(ب) درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ ۵×۲=۱۰

(i) غرفة (ii) دراجة (iii) ساعة (iv) عصفور (v) حمامة (vi) الطريق (vii) خزانة (viii) سرير

H_M_Hashain_Asadi

جواب: (الف) الفاظ کا عربی جملوں میں استعمال:

الجدار: اَلْجِدَارُ بَعِيْدٌ مِنَ الْحِيْوَانِ

الصورة: اَلصُّوْرَةُ عَلَى الْجِدَارِ

القلم: اَلْقَلَمُ فِيْ جَيْبِيْ

سيارة: اَلسَّيَّارَةُ فِي الطَّرِيْقِ

طعام: اَكَلَتْ هِرَّةٌ طَعَامَ عَائِشَةَ

(ب) الفاظ کے معانی:

(i) کمرہ (ii) سائیکل (iii) گھڑی (iv) چڑیا (v) کبوتری (vi) سڑک (vii) دولت (viii) چارپائی۔

سوال نمبر۴: (الف) درج ذیل سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟

(i) ما اسمك؟ (ii) كيف حالك؟ (iii) اين الساعة (iv) هل الام فى الفرقة؟ (v) اهذه ساعة كبيرة؟

(ب) عربی میں کوئی سے پانچ پھلوں کے نام لکھیں؟

جواب: (الف)

(i) اِسْمِیْ اَحْمَدُ (ii) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بِخَيْرٍ وَّ عَافِيَةٍ (iii) اَلسَّاعَةُ عَلَى الْمِنْضَدَةِ (iv) لَا، وَهِيَ فِي السُّوْقِ (v) نَعَمْ هٰذِهٖ سَاعَةٌ كَبِيْرَةٌ

(ب) عربی میں پھلوں کے نام:

(۱) تَمْرَةٌ (کھجور) (۲) تُفَّاحٌ (سیب) (۳) عِنَبٌ (انگور) (۴) اَلْكُمَّثْرٰى (امرود) (۵) اَلرُّمَّانُ (انار)

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

﴿چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان﴾

وقت: تین گھنٹے کل نمبر ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر ۱ اور سوال نمبر ۵ لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: جنرل سائنس

سوال نمبر۱: (الف) خالی جگہیں پُر کریں؟ ۱۰

(۱) بوعلی سینا مسلم دنیا کا...... کہلاتا ہے۔ (۲) جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو...... کہتے ہیں۔ (۳) زندگی کی ابتدا...... سے ہوئی۔ (۴) ای پی آئی مخفف ہے...... کا (۵) ہیپاٹائٹس اے کے وائرس ایک شخص کے پاخانے سے دوسرے شخص کے...... تک گندے پانی اور آلودہ غذا کے ذریعے پہنچتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟ ۱۰

(۱) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔ (۲) کتاب المناظر البیرونی کی تصنیف ہے۔ (۳) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔ (۴) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔ (۵) سگریٹ پینے والا پھیپھڑوں اور دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

سوال نمبر۲: ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی کی کوئی مثال دیجئے۔ ۱۵

سوال نمبر۳: بائیولوجی کی تعریف کریں نیز وضاحت کریں کہ یہ سائنس کی ایک شاخ ہے۔ ۱۵

سوال نمبر۴: دماغی بیماریوں کے بارے میں مختصر بیان کریں؟ ۱۵

حصہ دوم: مطالعہ پاکستان

سوال نمبر۵: (الف) خالی جگہیں پُر کریں؟ ۱۰

(۱) برصغیر میں مسلمانوں کی آمد کا سلسلہ...... میں شروع ہوا۔ (۲) قطب الدین ایبک نے...... کو اپنا پایہ تخت بنایا۔ (۳) نادر شاہ نے محمد شاہ رنگیلا کو...... کے مقام پر شکست دی (۴) پانی پت کا میدان کارزار...... کا سجایا ہوا تھا۔ (۵) شروع شروع میں انگریز...... کی غرض سے برصغیر میں داخل ہوئے۔

(ب) مختصر جواب دیں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

(۱) محمد بن قاسم نے سندھ پر حملہ کب کیا؟ (۲) پاکستان کے موجودہ چیف جسٹس کا نام بتائیں۔ (۳) دو قومی نظریے کا کیا مطلب ہے؟ (۴) قائد اعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کب سنبھالی۔ (۵) آل انڈیا مسلم لیگ کی تشکیل کس سن میں ہوئی اور یہ نام کس نے تجویز کیا؟

سوال نمبر ۶: مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کی برتری کی وجوہات ذکر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر ۷: جنگ آزادی کے مجاہد اعظم علامہ فضل حق خیر آبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کاوشوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ۱۵

سوال نمبر ۸: ۱۹۳۵ء میں برطانوی حکومت نے برصغیر میں نیا آئین نافذ کیا اس حوالے سے مسلمانوں کو کیا مشکلات پیش آئیں؟ ۱۵

☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

چھٹا پرچہ: سائنس و مطالعہ پاکستان

حصہ اوّل: جنرل سائنس

سوال نمبر ۱: (الف) خالی جگہیں پُر کریں؟

(۱) بوعلی سینا مسلم دنیا کا...... کہلاتا ہے۔ (۲) جانداروں کے مشاہدے اور معائنے کے علم کو...... کہتے ہیں۔ (۳) زندگی کی ابتدا...... سے ہوئی۔ (۴) ای پی آئی مخفف ہے...... کا (۵) ہیپا ٹائٹس اے کے وائرس ایک شخص کے پاخانے سے دوسرے شخص کے...... تک گندے پانی اور آلودہ غذا کے ذریعے پہنچتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟ ۱۰

(۱) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔ (۲) کتاب المناظر البیرونی کی تصنیف ہے۔ (۳) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔ (۴) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔ (۵) سگریٹ پینے والا پھیپھڑوں اور دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

جواب: (الف) خالی جگہوں کے الفاظ

(۱) ارسطو (۲) بائیولوجی (۳) سائنس (۴) ایکسپینڈڈ پروگرام...

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی

(۱) غلط (۲) غلط (۳) صحیح (۴) غلط (۵) غلط

H_M_Hasnain_Asadi

سوال نمبر۲: ٹیکنالوجی سے کیا مراد ہے؟ زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی کی کوئی مثال دیجئے۔

جواب: ٹیکنالوجی:

ٹیکنالوجی سے مراد صنعتی فنون کا علم، فنون کے ارتقا کا مطالعہ، تجرباتی سائنسی علوم کے طور پر استعمال کرنا۔

زمانہ قدیم کی ٹیکنالوجی:

ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی اشیاء مثلاً کمہار کا چاک، لوہار کی بھٹی، جولاہے کا تکلہ، کسان کا ہلا اور رہٹ، چپوؤں سے چلنے والی کشتیاں وغیرہ سب زمانہ قدیم کے علم اور اس کی ٹیکنالوجی پر مشتمل ہیں۔

انیسویں صدی کے نصف میں بجلی کے وسیع پیمانے پر تیاری اور ترسیل نے گھریلو اور صنعتی استعمال کے لیے بے شمار ایجادات کو جنم دیا۔ بجلی نہ صرف روشنی مہیا کرتی ہے بلکہ وہ گھروں اور کارخانوں میں ہزاروں مختلف مشینوں کو چلاتی ہے۔ اس سے صنعتی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔

موجودہ صدی میں ہونے والی مختلف دریافتوں نے مواصلاتی نظام میں لازوال ترقی کی ہے۔ وائرلیس، ٹیلی فون، ریڈیو، ٹیلی ویژن، کمپیوٹر اور مواصلاتی سیاروں نے دنیا بھر کے نظام کو ایک ہی لڑی میں پرو دیا ہے۔ انسان نے خلا میں سفر کو ممکن بنا دیا ہے۔

آج کا دور کمپیوٹر کا دور ہے۔ جدید دور کی یہ اہم ایجاد ہے۔ جس نے زندگی کے ہر شعبے میں انقلاب برپا کر رکھا ہے۔ کمپیوٹر سے ای میل کے ذریعے پیغام رسانی بہت تیز ہوگئی ہے۔ کمپیوٹر نے تصاویر کا حصول بھی بہت آسان بنا دیا ہے۔

کمپیوٹر کی مدد سے گھر بیٹھے ملکی وغیر ملکی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔' کیونکہ تمام کمپیوٹر انٹرنیٹ کے ذریعے ایک دوسرے سے منسلک کیے جا سکتے ہیں۔ ان معلومات کو ریکارڈ کیا جا سکتا ہے اور بعد میں صحیح طریقے سے سنا اور سمجھا جا سکتا ہے اور حسب ضرورت ان کا پرنٹ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

الغرض! سائنس اور ٹیکنالوجی کی مدد سے انسان نے اپنی زندگی کو بہتر سے بہتر سہولیات بہم پہنچانے کے لیے بے شمار ایجادات کی ہیں۔ اس وقت زندگی کا شاید ہی کوئی پہلو ایسا ہو جو سائنس اور ٹیکنالوجی سے متاثر نہ ہوا ہو۔ زراعت میں زیادہ پیداوار دینے والے بیج، کرم کش ادویات، کیمیائی کھادیں، زرعی مشینیں، صنعت میں انقلاب لانے والی خودکار مکینیکل اور الیکٹرک مشینیں، مواصلات میں آواز کی رفتار سے تیز اڑنے والے ہوائی جہاز، برق ریل گاڑیاں اور موٹر کاریں، میڈیکل کے شعبے میں جان بچانے والی ادویات و تشخیصی آلات وغیرہ سب کچھ سائنسی تحقیق اور اس کی بدولت ٹیکنالوجی میں ہونے والی انقلابی ایجادات کی

H_M_Hasnain_Asadi

مرہون منت ہیں۔

سوال نمبر۳: بائیولوجی کی تعریف کریں نیز وضاحت کریں کہ یہ سائنس کی ایک شاخ ہے؟

جواب: بائیولوجی کی تعریف اور وضاحت:

سائنسی طریقوں سے جانداروں کا مطالعہ کرنے کے علم کو بائیولوجی کہتے ہیں۔ بائیولوجی دو یونانی الفاظ بائی اوس اور لوگوس سے ماخوذ ہے۔ ائی اوس کا مطلب ہے زندگی اور لوگوس کا مطلب ہے بحث۔ جاندار اشیاء میں حیوانات اور پودے بھی شامل ہیں۔ اس برانچ کے تحت جانداروں کے جسم کی بناوٹ اشیاء کے کام کرنے کا طریقہ کار، تولید اور نشوونما پر بحث کی جاتی ہے۔ بائیولوجی حیاتیاتی سائنسی علم ہے۔ اس کی دو اہم شاخیں مندرجہ ذیل ہیں:

بائنی:

پودوں کے متعلق علم کو باٹنی یعنی علم نباتات کہتے ہیں۔ اس میں پودوں کی ساخت، نشوونما اور ان کے ماحول کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔

زوالوجی:

جانوروں کے متعلق علم کو زوالوجی یعنی علم حیوانات کہتے ہیں۔ اس میں جانوروں اور انسانوں کی جسامت اور ان کے ماحول کے بارے میں بحث کرتے ہیں۔ پودوں اور جانوروں کے بہت سے امور آپس میں مشترک ہیں، لہٰذا علم نباتات اور علم حیوانات کا مطالعہ ایک ساتھ کیا جاتا ہے۔ ان لیے اس مجموعی علم کو الحیات یعنی بائیولوجی کا نام دیا گیا ہے۔

سوال نمبر۴: دماغی بیماریوں کے بارے میں مختصر بیان کریں؟

دماغی بیماریاں:

دماغی بیماریوں میں سائیکوسس اور نیوروسس قابل ذکر ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

سائیکوسس:

سائیکوسس میں ڈیلیریم اور ڈیپریشن قابل ذکر ہیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

ڈیلیریم:

یہ بیماری تیزی سے ظاہر ہوتی ہے جس کی کئی وجوبات ہوسکتی ہیں۔ جیسے نشہ، دیگر بیماریاں جسم میں الیکٹرولائٹس کی کمی اور دماغ میں آکسیجن کی کمی۔

یہ بیماری جسم پر مختلف اثرات چھوڑتی ہے جیسے کہ بگڑتی ہوئی گفتگو، کپکپی طاری ہونا، آنکھوں کا تیزی سے حرکت کرنا، دو دو نظر آنا، نیند نہ آنا، پریشانی، مدہوشی، گھبراہٹ، فریب نظر، یہ ڈر کہ لوگ اسے نقصان

H_M_Hasnain_Asadi

پہنچائیں گے۔اس بیماری میں مریض کو سمجھائیں کہ وہ اپنے اردگرد کے لوگوں پر اعتماد کرے۔

ڈپریشن:

اس میں انسان کی طبیعت ہمیشہ پریشان اور معمول سے کم رہتی ہے زیادہ تر صبح کے وقت مزاج مدہم ہو جاتا ہے۔سوچ میں کمی اور فیصلہ کرنے کی صلاحیت میں کمی ہو جاتی ہے۔مریض خود کو حقیر سمجھنے لگتا ہے اور ہر کام میں خود کو قصوروار سمجھتا ہے۔اس بیماری میں نیند اور بھوک میں کمی ہو جاتی ہے۔وزن گرنا شروع ہو جاتا ہے اور سر اور کمر کا درد رہتا ہے، مریض کی تمام کاروباری اور گھریلو مصروفیات کو ترک کر دیں اور اس کو کونسلنگ کے ذریعے بہتر کرنے کی کوشش کریں۔

نیوروسس:

نیوروسس میں ہسٹیریا اور فوبیا قابل ذکر بیماریاں ہیں۔

ہسٹیریا:

یہ بیماری زیادہ تر عورتوں میں ہوتی ہے۔اندھا یا بہرہ پن، سر درد، کانوں میں گھنٹیاں بجنا، گونگا پن، فالج، کپکپی طاری ہونا، دورہ پڑنا اور بھوک نہ لگنا اس بیماری کی علامات ہیں۔اس کے علاج کے لیے طویل گفتگو کریں جس میں مریض کو بولنے کا موقع زیادہ دیں۔اگر حالات اور واقعات وہی رہیں تو یہ بیماری دوبارہ بھی ہو سکتی ہے۔

فوبیا:

بے جا اور نامناسب ڈر یا خوف جو صرف کسی ایک جگہ، شخص یا چیز سے متعلق ہو مثلاً بس، کھلی جگہ یا بند جگہ وغیرہ فوبیا جیسی بیماری کی علامات ہیں۔مریض اس جگہ یا چیز سے بچنا شروع کر دیتا ہے۔اس بیماری کا علاج ڈاکٹر سے مشورہ کے مطابق کروانا چاہیے۔

نروس بریک ڈاؤن:

ڈپریشن نروس بریک ڈاؤن کا موجب بنتا ہے۔عموماً ڈپریشن کا مریض اداس، مایوس اور ناخوش ہوتا ہے۔زیادہ تر لوگوں میں یہ کیفیت دیر تک برقرار نہیں رہتی لہٰذا ان میں نروس بریک ڈاؤن نہیں ہوتا۔یہ مرض اسی صورت میں تشخیص ہوتا ہے جب مریض اداسی کا شکار ہوتا ہے۔اس صورت میں اس کی چند اور بھی علامات ہوتی ہیں۔یہ علامات اور اداسی لمبے عرصے تک رہتی ہیں اور معمول کی زندگی میں حائل ہوتی ہیں۔

کچھ لوگوں کو ڈپریشن یا نروس بریک ڈاؤن اس وقت ہوتا ہے جب وہ زندگی کے کسی حادثاتی دور میں داخل ہوں۔تنہائی، بیماری، بیماری کے بعد مالی مشکلات، کسی کی موت یا علیحدگی وطلاق کے بعد ڈپریشن ہو سکتا ہے۔بعض خواتین بچے کی پیدائش کے بعد ڈپریشن کا شکار ہو جاتی ہیں۔جدید تحقیق کے مطابق دماغ

H_M_Hasnain_Asadi

میں ایک کیمیکل مادہ جو کہ دماغی پیغام پہنچانے میں نہایت اہم کردار ادا کرتا ہے۔اس کی مقدار ڈپریشن میں نہایت کم ہو جاتی ہے۔

ڈپریشن میں مریض اداسی کا شکار ہوتے ہیں، کبھی کبھار وہ چڑچڑے بھی ہو جاتے ہیں۔اپنے آپ اور اردگرد کے ماحول سے بے اعتنائی برتنے لگتے ہیں۔وہ چیزیں جن سے پہلے دلچسپی ہوتی تھی اب غیر دلچسپ لگتی ہیں۔سوچ اداس اور منفی ہو جاتی ہے خاص طور پر اپنے بارے میں اور مستقبل کے بارے میں سوچ منفی خیالات پر مبنی ہوتی ہے۔ان لوگوں میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت کم ہو جاتی ہے اور چیزیں بھولنے بھی لگتے ہیں۔ان لوگوں میں اعصابی تناؤ بھی پیدا ہوتا ہے۔اگر یہ علامات شدت اختیار کر جائیں تو مریض میں خودکشی کرنے کا امکان بڑھ جاتا ہے۔

حصہ دوم: مطالعہ پاکستان

سوال نمبر۵: (الف) خالی جگہیں پُر کریں؟

(۱) برصغیر میں مسلمانوں کی آمد کا سلسلہ...... میں شروع ہوا۔(۲) قطب الدین ایبک نے ......کو اپنا پایہ تخت بنایا۔(۳) نادر شاہ نے محمد شاہ رنگیلا کو...... کے مقام پر شکست دی (۴) پانی پت کا میدان کارزار......کا سجایا ہوا تھا۔(۵) شروع شروع میں انگریز......کی غرض سے برصغیر میں داخل ہوئے۔

(ب) مختصر جواب دیں؟

(۱) محمد بن قاسم نے سندھ پر حملہ کب کیا؟(۲) پاکستان کے موجودہ چیف جسٹس کا نام بتائیں۔(۳) دوقومی نظریئے کا کیا مطلب ہے؟(۴) قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کب سنبھالی۔(۵) آل انڈیا مسلم لیگ کی تشکیل کس سن میں ہوئی اور یہ نام کس نے تجویز کیا؟

جواب: (الف) خالی جگہیں پر:

(۱) گیارہویں صدی عیسوی (۲) دہلی (۳) کرنال (۴) حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ (۵) تجارت

(ب) سوالات کے جوابات:

(۱) محمد بن قاسم نے ۷۱۲ھ میں سندھ پر حملہ کیا۔

(۲) پاکستان کے موجودہ چیف جسٹس کا نام گلزار احمد ہے۔

(۳) دوقومی نظریہ سے مراد ہے چونکہ برصغیر میں مسلمان اور غیر مسلم، دو الگ قومیں ہیں ان کی ثقافت، زبان، رسم ورواج اور انداز زندگی مختلف ہے۔اس لیے ضروری تھا کہ مسلمان ایک آزاد مملکت میں اپنا الگ ثقافتی، مذہبی وجود قائم رکھ سکیں۔

H_M_Hashain_Asadi

(۴) ۱۹۱۳ء میں قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت سنبھالی۔

(۵) ۱۹۰۶ء میں محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس کے بعد ۳۰ دسمبر ۱۹۰۶ء کو نواب وقارالملک کی صدارت میں مجوزہ سیاسی تنظیم کی بنیاد رکھی گئی اور میاں محمد شفیع کی تجویز پر اس کا نام آل انڈیا مسلم لیگ رکھا گیا۔

سوال نمبر ۶: مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کی برتری کی وجوہات ذکر کریں؟

جواب: مسلمانوں کے خلاف ہندوؤں کی برتری کی وجوہات:

کسی بھی قوم کے زوال میں بنیادی طور پر اس کی اپنی کمزوریوں کا دخل ہوتا ہے۔ پھر بیرونی سازشیں اس زوال کو اس کے منطقی نتیجے پر پہنچاتی ہیں۔ اگر ہم برصغیر میں مسلمانوں کے زوال کا سرسری جائزہ لیں تو درج ذیل اسبا[illegible]تے ہیں۔

(۱) نا[illegible]	(۲) مذہب سے روگردانی
(۳) امر[illegible]کمزوری کے باعث بیرونی حملے	(۴) اقتدار کی جنگ
(۵) [illegible]یجادات سے ناواقفیت	(۶) جذبہ جہاد کی کمی
(۷) سستی اور آرام طلبی	(۸) امراء کی مفاد پرستی
(۹) ہندوؤں کی سازشیں	(۱۰) بحری قوت کی عدم موجودگی
(۱۱) مرہٹوں اور سکھوں کا عروج	(۱۲) اخلاقی انحطاط
(۱۳) درباری سازشیں	(۱۴) تاجروں کی شکل میں انگریز کی آمد

سوال نمبر ۷: جنگ آزادی کے مجاہد اعظم علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کاوشوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: جنگ آزادی اور علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ:

یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ برصغیر کے علماء کرام نے ہر مشکل وقت میں قوم کی رہنمائی کی اگرچہ کچھ علماء نے علماء سوء کا کردار بھی ادا کیا، لیکن علماء اہل سنت نے ہمیشہ تاریخی کردار ادا کیا چنانچہ تحریک آزادی ہند کے موقع پر بھی علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ اور دیگر علماء اہل سنت نے جیت کی سخت سزائیں برداشت کیں، لیکن پھر بھی کسی لالچ یا خوف کو خاطر میں لائے بغیر برصغیر کے باشندوں کی آزادی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔

حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ اس جماعت کے سرخیل تھے جن کو جزیرۂ انڈیمان میں "کالا پانی" کی سزا دی گئی اور اس قدر مصائب ڈھائے گئے کہ اگر پہاڑ پر بھی ڈالے جاتے تو وہ ریزہ ریزہ

H_M_Hasnain_Asadi

ہو جاتا۔ آپ نے ان تمام مصائب کا ذکر اپنی شہرہ آفاق، معرکۃ الآراء تصنیف ''رسالہ غدریہ'' میں کیا ہے جسے ''()الہندیہ'' کے نام سے مولانا ابوالکلام آزاد نے طبع کرایا۔

''کالا پانی'' کی سزا کے دوران آپ نے یہ کتاب لکھی اور اس وقت آپ کے پاس کاغذ اور قلم کچھ نہ تھا۔ آپ نے یہ کتاب کوئلے سے کپڑوں اور لکڑیوں پر تحریر کی۔ اس کتاب کے تعارفی مضمون میں معروف رائٹر () نے لکھا ہے:

''مولانا فضل حق خیر آبادی یگانہ روز عالم تھے عربی کے مانے ہوئے ادیب اور شاعر تھے۔ عقلی علوم کے امام و مجتہد تھے۔ ان سب خصائص سے بالا ان کی خصوصیت یہ تھی کہ وہ بہت بڑے سیاستدان مدبر اور مفکر بھی تھے۔ مسند تدریس پر بیٹھ کر وہ علوم وفنون کی تعلیم دیتے تھے اور ایوان حکومت میں پہنچ کر وہ دوررس فیصلے کرتے تھے وہ بہادر اور شجاع بھی تھے۔ غدر (تحریک آزادی) کے بعد نہ جانے کتنے سورما اور رزم آرا ایسے تھے جو گوشہ عافیت کی تلاش میں مارے مارے پھرتے تھے۔''

سوال نمبر ۸: ۱۹۳۵ء میں برطانوی حکومت نے برصغیر میں نیا آئین نافذ کیا اس حوالے سے مسلمانوں کو کیا مشکلات پیش آئیں؟

جواب: ۱۹۳۵ء میں برطانوی حکومت نے برصغیر میں نیا آئین نافذ کیا۔ اس آئین کی رو سے ۱۹۳۷ء کے اوائل میں اسمبلیوں کے انتخابات ہوئے۔ ان انتخابات میں کانگرس کو نمایاں کامیابی ہوئی اور اس جماعت کو چھ بڑے صوبوں میں وزارتیں قائم کرنے کا موقع مل گیا۔

جن صوبوں میں کانگرسی وزارتیں قائم ہوئیں وہاں انہوں نے مسلمانوں پر مظالم ڈھانا شروع کر دیئے اور مسلمانوں پر سرکاری ملازمتوں کے دروازے بند کر دیئے گئے۔ حکومت کے اشارے پر شر پسند ہندوؤں نے فرقہ وارانہ فسادات شروع کر دیئے اور وہ مسلمانوں کو جانی اور مالی نقصان پہنچانے لگے۔

نماز کے اوقات میں ہندو فرقہ پرست مسجدوں کے سامنے باجے بجا کر مسلمانوں کو اذیت پہنچاتے، سکولوں میں اردو کی بجائے ہندی زبان رائج کر دی گئی۔ سکولوں میں پڑھائی شروع ہونے سے پہلے گاندھی کی تصویر کو ہاتھ جوڑ کر سلام کیا جاتا اور مسلمان بچوں کو بھی ایسا کرنے پر مجبور کیا جاتا۔

ہندوؤں نے سکولوں میں ایک دل آزار ترانہ رائج کیا جو ''بندے ماترم'' کہلاتا تھا۔ اس ترانے میں مسلمانوں کے خلاف نفرت کا مواد تھا۔ نیز حکومت کی شہ پر ہندو فرقہ پرست لوگ مسلمانوں کو کانگرس میں شامل ہونے پر مجبور کرنے لگے۔

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hashain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (ایف اے) سال اوّل

برائے طلباء سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید وتجوید

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل: قرآن مجید

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے کوئی سے چھ (6) اجزاء کا ترجمہ کریں؟ ۶۰=۱۰×۶

(۱) يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ○

(۲) وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ

(۳) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ○

(۴) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ○

(۵) وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ○

(۶) كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِى الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ

(۷) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ

(۸) وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ○

(۹) وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ

(۱۰) وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے صرف پانچ (5) الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟ ۱۰=۵×۲

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

اَلْحَجَرُ، سُبْحٰنَكَ، صَفْرَاءُ، ثَمَنًا قَلِيْلًا، عَدُوًّا، اَلْجُوْعُ، اَلْخَيْطُ الْاَبْيَضُ، رَجَعْتُمْ

حصہ دوم......تجوید

سوال نمبر3: فنِ تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟۱۰

سوال نمبر4: تلاوت قرآن کے آداب تحریر کریں؟۵

سوال نمبر5: درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ حروف کے مخارج تحریر کریں؟ ۱۵=۵×۳

م ء خ ق ل ض ب

☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء بابت 2021ء

پہلا پرچہ: قرآن کریم وتجوید

حصہ اوّل: قرآن کریم

سوال نمبر1: درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(۱) يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ○

(۲) وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ

(۳) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ○

(۴) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ○

(۵) وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ○

(۶) كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ؕ

(۷) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ

(۸) وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ○

(۹) وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۶) اَلْجُوْعُ' (۷) اَلْخَيْطُ الْاَبْيَضُ' (۸) وَجَعَلَكُمْ

جواب: الفاظ قرآنیہ کے معانی:

(۱) پتھر' (۲) تیری ذات پاک ہے' (۳) زرد رنگ' (۴) تھوڑی قیمت' (۵) دشمن' (۶) بھوک (۷) سفید دھاگہ' (۸) تم بنائے۔

حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر 3: فن تجوید کی تعریف' موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

جواب: فن تجوید کی تعریف:

تجوید کا لغوی معنی ستھرا کرنا' یا کھرا کرنا ہے' اور اس کی اصطلاحی تعریف ہے: حروف کو ان کے مخارج سے صفات لازمہ اور عارضہ کے ساتھ ادا کرنا۔

موضوع: فن تجوید کا موضوع حروف تہجی ہیں۔

غرض وغایت: قرآن کریم کو صحیح پڑھنا ہے' اس فن کا حصول ہر مسلمان پر واجب ہے اور کتابی صورت میں اس کا حصول فرض کفایہ ہے۔

سوال نمبر 4: تلاوت قرآن کے آداب تحریر کریں؟

جواب: آداب تلاوت قرآن:

آداب تلاوت قرآن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

(۱) کپڑوں کا صاف ستھرا ہونا' (۲) قبلہ شریف کی طرف رخ کرنا' (۳) بلند جگہ پر بیٹھنا' (۴) تعوذ سے تلاوت کا آغاز کرنا' (۵) تسمیہ سے تلاوت شروع کرنا' (۶) کسی سورت سے تلاوت شروع کی جائے' تو تعوذ وتسمیہ دونوں کا پڑھنا۔

سوال نمبر 5: درج ذیل حروف کے مخارج تحریر کریں؟

م ہ غ ق ل ض ب

جواب: حروف کے مخارج:

م: دونوں ہونٹوں کا خشک حصہ۔

ہ: انتہاء حلق

غ: ابتداء حلق

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

لی

(۱۰) وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ ط وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ تَجِدُوْہُ عِنْدَاللّٰہِ ط

جواب: ترجمہ اجزاء مذکورہ:

۱- اے اولادِ یعقوب! تم میری نعمتوں کو یاد کرو، جو میں نے تم پر کی ہیں اور میں نے تمہیں تمام جہانوں پر فضیلت عطا کی ہے۔

۲- اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے، لوگوں نے کہا: کیا آپ ہم سے مذاق کرتے ہیں؟

۳- وہ لوگ جو ایمان لائے، انہوں نے اچھے کام کیے، وہی لوگ جنتی ہیں، جو وہ جنت میں ہمیشہ رہیں گے۔

۴- اے لوگو ایمان والو! تم "رَاعِنَا" نہ کہو، بلکہ تم "اُنْظُرْنَا" کہو، اور توجہ سے سنا کرو۔ کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۵- اور اللہ ہی کے لیے ہے مشرق و مغرب، پس تم جس طرف بھی منہ کرو، اسی طرف اللہ تعالیٰ ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے۔

۶- مقتول کے حوالے سے تم پر قصاص لازم قرار دیا گیا ہے۔ آزاد، آزاد کے بدلے، غلام، غلام کے بدلے اور عورت عورت کے بدلے۔

۷- رمضان وہ مہینہ ہے، جس میں قرآن اتارا گیا، جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے، ہدایت کے لیے روشن نشانیاں ہیں اور حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والا ہے۔

۸- ان میں سے کچھ لوگ یوں کہتے ہیں: اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں دنیا میں اچھائی عطا کر اور ہمیں آخرت میں بھلائی عطا کر اور تو ہمیں آگ (جہنم) کے عذاب سے بچا۔

۹- (اے محبوب) جب میرے بندے آپ سے میرے بارے میں سوال کریں، تو بے شک میں قریب ہوں، دعا کرنے والے کی دعا کو قبول کرتا ہوں جب وہ مجھ سے دعا کرتا ہے۔ پس چاہیے کہ وہ مجھ سے دعا کریں۔

۱۰- اور تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو، اور تم جو چیز اپنے لیے آگے بھیجتے ہو، تو تم اسے اللہ تعالیٰ کے پاس پاؤ گے۔

سوال نمبر 2: درج ذیل الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟

(۱) اَلْحَجَرُ، (۲) سُبْحٰنَکَ، (۳) صَفْرَاءُ، (۴) ثَمَنًا قَلِیْلًا، (۵) عَدُوًّا،

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۶) اَلْجُوْعُ، (۷) اَلْخَیْطُ الْاَبْیَضُ، (۸) رَجَعْتُمْ

جواب: الفاظ قرآنیہ کے معانی:

(۱) پتھر، (۲) تیری ذات پاک ہے، (۳) زرد رنگ، (۴) تھوڑی قیمت، (۵) دشمن، (۶) بھوک، (۷) سفید دھاگہ، (۸) تم پلٹے۔

حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر 3: فنِ تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

جواب: فنِ تجوید کی تعریف:

تجوید کا لغوی معنیٰ ستھرا کرنا، یا کھرا کرنا ہے، اور اس کی اصطلاحی تعریف ہے: حروف کو ان کے مخارج سے صفات لازمہ اور عارضہ کے ساتھ ادا کرنا۔

موضوع: فنِ تجوید کا موضوع حروف تہجی ہیں۔

غرض وغایت: قرآن کریم کو صحیح پڑھنا ہے، اس فن کا حصول ہر مسلمان پر واجب ہے، اور کتابی صورت میں اس کا حصول فرض کفایہ ہے۔

سوال نمبر 4: تلاوت قرآن کے آداب تحریر کریں؟

جواب: آداب تلاوت قرآن:

آداب تلاوت قرآن میں سے چند ایک درج ذیل ہیں:

(۱) کپڑوں کا صاف ستھرا ہونا، (۲) قبلہ شریف کی طرف رخ کرنا، (۳) بلند جگہ پر بیٹھنا، (۴) تعوذ سے تلاوت کا آغاز کرنا، (۵) تسمیہ سے تلاوت شروع کرنا، (۶) کسی سورت سے تلاوت شروع کی جائے، تو تعوذ وتسمیہ دونوں کا پڑھنا۔

سوال نمبر 5: درج ذیل حروف کے مخارج تحریر کریں؟

م ء خ ق ل ض ب

جواب: حروف کے مخارج:

م: دونوں ہونٹوں کا خشک حصہ۔

ء: انتہاء حلق

خ: ابتداء حلق

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ق: زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ۔

ل: طرف لسان اور ضواحک سے ثنایا تک مقابل کا تالو۔

ض: زبان کا بغلی کنارہ، جو حلق کی طرف ہے، اور اس کے دائیں بائیں اوپر کی داڑھوں کی جڑیں۔

ب: دونوں ہونٹوں کے تر حصے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (الیف اے) سال اوّل

برائے طالبات سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل......عقائد

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

(الف) اللہ نے عالم کو کیوں پیدا کیا؟

(ب) کوئی ولی نبی سے افضل ہو سکتا ہے؟

(ج) معجزہ کسے کہتے ہیں؟

(د) فرشتہ کیسی مخلوق ہے؟

(ہ) قیامت کے دن کون کون شفاعت کرے گا؟

(و) معصوم کون ہے؟

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

(الف) صحابی کس مسلمان کو کہتے ہیں؟

(ب) افضل خلیفہ کون ہے؟

(ج) ولی کی تعریف کریں؟

(د) کافر کے لیے دعائے مغفرت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(ہ) کیا روح بھی مرتی ہے؟

(و) قبر میں کس کس سے سوال نہیں ہوتا؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر3:-درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

(الف) غسل کے فرائض تحریر کریں؟

(ب) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟

(ج) نماز کی شرائط لکھیں؟

(د) مکھی سالن میں گر جائے، تو کیا کرنا چاہیے؟

(ہ) وتر کا وقت کیا ہے؟

(و) مکروہ اوقات کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر4:-درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

(الف) وضو کی کوئی سی پانچ سنتیں تحریر کریں؟

(ب) کس پانی سے وضو اور غسل جائز ہے؟

(ج) کس عمر میں بچے کو نماز کا حکم دیا جائے؟

(د) ماءِ مستعمل کی تعریف کریں؟

(ہ) گدھے کے جوٹھے کا حکم تحریر کریں؟

(و) معذور شرعی کی تعریف لکھیں؟

☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء بابت 2021ء

دوسرا پرچہ: عقائد و فقہ

حصہ اوّل: عقائد

سوال نمبر1:-درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) اللہ نے عالم کو کیوں پیدا کیا؟

(ب) کوئی ولی، نبی سے افضل ہو سکتا ہے؟

(ج) معجزہ کسے کہتے ہیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(د) فرشتہ کیسی مخلوق ہے؟

(ہ) قیامت کے دن کون کون شفاعت کرے گا؟

(و) معصوم کون ہے؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(ا) عالم کو پیدا کرنے کا مقصد:

اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وعدل کو ظاہر کرنے کے لیے عالم یعنی مخلوق کو پیدا کیا ہے۔ عقیدہ: اللہ تعالیٰ کے تمام امور میں کئی حکمتیں ہوتی ہیں' خواہ وہ ہماری سمجھ میں آئیں یا نہ آئیں' اس کی ایک عظیم حکمت یہ ہے کہ ایک چیز کو دوسری چیز کا سبب ٹھہرایا' آگ کو گرمی پہنچانے کا سبب جبکہ پانی کو ٹھنڈک پہنچانے کا سبب بنا دیا' آنکھ کو دیکھنے کا' کان کو سماعت کرنے کا باعث بنایا' اگر وہ چاہتا' تو آگ میں ٹھنڈک اور پانی میں گرمی' کان میں دیکھنے اور آنکھ میں سننے کی صفت پیدا کر سکتا تھا۔

(ب) ولی کو نبی سے افضل ماننے کا عقیدہ:

کوئی ولی' نبی کے برابر بھی نہیں ہو سکتا' اسے نبی سے افضل ماننا کفر ہے۔

عقیدہ: ادب واحترام اور تعظیم واحترام کے لحاظ سے تمام انبیاء برابر ہیں' کسی ایک نبی کی بے ادبی کرنا یا تکذیب کرنا' کفر ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمام انبیاء کرام کو نہایت درجہ کی عظمت وفضیلت حاصل ہے۔

(ج) معجزہ کی تعریف:

کسی نبی سے اعلان نبوت کے بعد کوئی ایسا فعل صادر ہو' جو عام طور پر کسی سے صادر نہ ہو سکتا ہو' تو اسے معجزہ کہا جاتا ہے' نبی کا معجزہ اس کی نبوت پر دلیل ہوتا ہے۔ قرآن واحادیث میں بکثرت انبیاء کرام کے معجزات بیان ہوئے ہیں۔ اگر ایسا عمل کسی ولی سے صادر ہو' تو اسے کرامت کہا جاتا ہے۔ کرامت ولی کی ولایت کی دلیل ہوتی ہے' اگر ایسا عمل کسی غیر مسلم یا کافر سے صادر ہو' تو اسے استدراج کہا جاتا ہے۔

(د) فرشتہ کیسی مخلوق:

فرشتہ نوری مخلوق ہے' یہ گناہوں سے معصوم ہوتا ہے' یہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے خلاف ہرگز نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مختلف امور فرشتوں کے سپرد کر رکھے ہیں' جو وہ نہایت محنت سے انجام دیتے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ہیں، فرشتہ مختلف شکلوں کو اختیار کر سکتا ہے۔ فرشتوں کی توہین بھی کفر ہے۔ فرشتوں کو قدیم یا اللہ تعالیٰ کی بیٹیاں قرار دینا کفر ہے۔ رسول فرشتوں میں بھی ہوتے ہیں۔ چار مشہور فرشتے، سب سے افضل ہیں: حضرت جبرائیل، حضرت میکائیل، حضرت اسرافیل اور حضرت عزرائیل علیہم السلام۔

(ہ) قیامت کے دن شفاعت کرنے والے:

قیامت کے دن گناہگار لوگوں کے حق میں مختلف لوگ شفاعت کریں گے مثلاً انبیاء کرام، شہداء، اولیاء، علماء اور قرآن کریم۔ شفاعت کبریٰ سید الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کریں گے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت عمومی ہوگی، اور خصوصی بھی ہوگی۔

(و) معصوم لوگ:

معصوم ہونے کا مطلب ہے کہ عمداً یا سہواً کوئی گناہ نہ کرنا، جن لوگوں میں یہ وصف پایا جائے، وہ معصوم ہوتے ہیں۔ دو قسم کے لوگ معصوم ہو سکتے ہیں: (۱) انبیاء کرام، (۲) ملائکہ یعنی فرشتے۔ ان لوگوں سے گناہوں کا صدور، خواہ عمداً ہو یا سہواً ہو، صغیرہ ہو یا کبیرہ ہو، محال و ناممکن ہے۔ اس لیے یہ اس عیب سے ہر لحاظ سے پاک ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 2:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) صحابی کس مسلمان کو کہتے ہیں؟

(ب) افضل خلیفہ کون ہے؟

(ج) ولی کی تعریف کریں؟

(د) کافر کے لیے دعائے مغفرت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(ہ) کیا روح بھی مرتی ہے؟

(و) قبر میں کس کس سے سوال نہیں ہوتا؟

جواب: (الف) صحابی:

وہ خوش قسمت آدمی، جس نے ایمان کی حالت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس پائی ہو، اور ایمان کی حالت میں وہ دنیا سے رخصت ہوا ہو۔ صحابہ کرام کی تعداد ڈیڑھ لاکھ سے زائد ہے۔ صحابی قابل احترام اور واجب التعظیم ہوتا ہے۔ صحابی کی ادنیٰ بے ادبی یا گستاخی، بے دینی اور گمراہی ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) افضل خلیفہ:

تمام صحابہ کرام میں افضل، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، کیونکہ آپ کی صحابیت نص قطعی سے ثابت ہے۔ آپ ہی افضل خلیفہ ہیں۔ مسلمانوں کے دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، تیسرے خلیفہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ہیں۔ خلیفہ چہارم حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔ چاروں خلفاء کی خلافت بھی اسی ترتیب سے اور حق ہے۔ یہ سب ہستیاں نہایت قابل احترام اور امتیازی مقام کی حامل ہیں۔

(ج) ولی کی تعریف:

وہ صالح اور مومن آدمی ہے، جسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں امتیازی مقام حاصل ہوتا ہے۔ وہ ہمہ وقت اللہ تعالیٰ کی یاد میں مصروف رہتا ہے، وہ معصوم تو نہیں ہوتا، تاہم محفوظ ضرور ہوتا ہے، اور اس کا کوئی عمل شریعت کے خلاف نہیں ہوتا۔

(د) کافر کے لیے دعا کرنے کا حکم:

کافر وہ آدمی ہے، جو ضروریات دین میں سے کسی چیز کا انکار کرے۔ ایسا آدمی سزا کا حقدار ہوتا ہے لہٰذا وہ قابل احترام نہیں ہوتا۔ اس کا ٹھکانہ جہنم ہوتا ہے۔ مسلمان کے لیے دعاء مغفرت کرنا، تو ضروری ہے، بلکہ مسلمان کے حقوق میں شامل ہے، مگر کافر کے حق میں دعاء مغفرت کرنا، کفر ہے۔ اس لیے وہ اللہ تعالیٰ کے احکام کا منکر ہوتا ہے، اور اس کے حق میں دعا اسے جنتی نہیں بنا سکتی، اس طرح اس کے حق میں دعاء مغفرت کرنا گناہ بھی ہے، اور فضول عمل بھی۔

(ہ) روح کی کیفیت:

آدمی کے مرنے کے بعد روح ختم نہیں ہوتی، اس کا تعلق جسم کے ساتھ باقی رہتا ہے۔ مسلمان کی روح زمین و آسمان کے جس مقام پر چاہے جا سکتی ہے، مگر کافر کی روح قبر کے گڑھے تک محدود رہتی ہے۔ کافر کو روح مع الجسم عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے۔

(و) جن لوگوں سے قبر میں سوال نہیں ہوتا:

درج ذیل لوگوں سے قبر میں سوال نہیں کیا جاتا:

(۱) انبیاء کرام علیہم السلام، (۲) جمعۃ المبارک کے دن فوت ہونے والا، (۳) رمضان المبارک میں وفات پانے والا، (۴) شہداء عظام، (۵) بعض نیک و صالح امتی۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر3:-درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) غسل کے فرائض تحریر کریں؟

(ب) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟

(ج) نماز کی شرائط لکھیں؟

(د) مکھی سالن میں گر جائے، تو کیا کرنا چاہیے؟

(ہ) وتر کا وقت کیا ہے؟

(و) مکروہ اوقات کون کون سے ہیں؟

جواب: (الف) غسل کے فرائض:

غسل کے تین فرائض ہیں: (۱) کلی کرنا، (۲) ناک میں پانی ڈالنا، (۳) پورے جسم پر تین بار پانی بہانا کہ جسم کا کوئی حصہ خشک نہ رہے۔

(ب) تیمم کا طریقہ:

سب سے پہلے حصول طہارت کی نیت کی جائے، پھر پاک وصاف مٹی پر دونوں ہاتھوں سے ضرب لگا کر اپنے پورے چہرے کا مسح کیا جائے اور دونوں ہاتھوں سے دوسری ضرب لگا کر اپنے دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کیا جائے۔ مسح کرنے میں احتیاط سے کام لیا جائے کہ چہرے یا ہاتھوں کا کوئی حصہ مسح کے بغیر نہ رہنے پائے۔

(ج) نماز کی شرائط:

نماز کی چھ شرائط ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱-طہارت: یعنی جسم، کپڑوں اور جگہ کا پاک ہونا۔

۲-ستر عورت: یعنی مرد کا حالت نماز میں ناف سے لیکر گھٹنوں تک اپنے جسم کا چھپانا۔ عورت کا حالت نماز میں تمام جسم کا چھپانا سوائے دونوں ہاتھوں، دونوں قدموں اور چہرے کے۔

۳-استقبال قبلہ: یعنی قبلہ کی طرف چہرہ کرنا۔ اگر قبلہ قریب ہو، تو اس کی طرف دیکھنا اور اگر قریب نہ ہو، تو اس کی جہت کی طرف دیکھنا۔

۴-نیت: دل کے پختہ ارادہ کا نام "نیت" ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۵- تکبیر تحریمہ: یعنی مباح امور کو حرام کرنے والی تکبیر مثلاً گفتگو کھانا پینا اور چلنا وغیرہ۔

٦- وقت: یعنی نماز کے لیے وقت ہونا بھی ضروری ہے۔

سوال نمبر 4:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) وضو کی کوئی سی پانچ سنتیں تحریر کریں؟

(ب) کس پانی سے وضو اور غسل جائز ہے؟

(ج) کس عمر میں بچے کو نماز کا حکم دیا جائے؟

(د) ماءِ مستعمل کی تعریف کریں؟

(ہ) گدھے کے جوٹھے کا حکم تحریر کریں؟

(و) معذورِ شرعی کی تعریف لکھیں؟

جواب: (الف) وضو کی پانچ سنتیں:

(۱) تسمیہ پڑھنا' (۲) بلند جگہ پر بیٹھ کر وضو کرنا' (۳) ہر عضو کو تین بار دھونا' (۴) قبلہ رخ بیٹھ کر وضو کرنا' (۵) مسواک کرنا۔

(ب) وہ پانی جس سے وضو اور غسل جائز ہے:

جن پانیوں سے وضو اور غسل جائز ہے' وہ درج ذیل ہیں:

(۱) بارش کا پانی' (۲) سمندر کا پانی' (۳) چشمے کا پانی' (۴) کنویں کا پانی' (۵) بڑے حوض کا پانی' (٦) بہتا ہوا پانی' (۷) اولوں اور برف سے پگھلنے والا پانی۔

(ج) بچے کو نماز کا حکم دینے کی عمر:

جب بچے کی عمر سات سال ہو جائے' تو اسے نماز کا حکم دیا جائے گا اور عمر دس سال ہونے کی صورت میں اسے مار کر نماز پڑھنے کا حکم دیا جائے۔ نیز افرادِ خانہ سے اس کا بستر بھی الگ کر دیا جائے۔

(د) ماءِ مستعمل کی تعریف:

وہ پانی جسے حصول طہارت کے لیے استعمال میں لایا جائے' وہ ماءِ مستعمل کہلاتا ہے۔ ماءِ مستعمل پاک تو ہوتا ہے' مگر وہ پاک کرنے والا نہیں ہوتا ہے۔

(ہ) گدھے کے جوٹھے کا حکم:

گدھے کا جوٹھا پانی مشکوک ہے' اس سے وضو کرنا درست نہیں ہے۔ اگر اچھا پانی دستیاب نہ ہو' تو

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مشکوک پانی سے وضو اور غسل کرنا درست نہیں ہوگا۔ تاہم اس کے لیے تیمم بھی کرنا ہوگا' تاکہ طہارت یقینی حاصل ہو جائے۔

(د) معذور شرعی کی تعریف:

ہر وہ شخص جسے کوئی ایسا مرض لاحق ہو کہ ایک وقت میں وضو کر کے پوری نماز فرض ادا نہ کر سکتا ہو یعنی وضو کرنے کے بعد اتنا وقت بھی مرض نہ رکے کہ وہ فرض نماز ادا کر سکے' تو وہ معذور شرعی ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ وقت میں ایک بار وضو کرے پھر وہ وقتی نماز پوری پڑھ سکتا ہے۔

(د) مکھی سالن میں گر جائے' تو کیا کرنا چاہیے؟

اگر مکھی سالن میں گر جائے' تو اسے ڈبو کر باہر پھینک دیا جائے اور اس سالن کو استعمال میں لایا جائے۔

(ہ) وتر کا وقت کیا ہے؟

وتر کا وقت عشاء کی نماز ادا کرنے کے بعد سے لے کر صبح صادق تک ہے۔

(و) مکروہ اوقات:

مکروہ اوقات تین ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) طلوع آفتاب کا وقت (۲) غروب آفتاب کا وقت

(۳) جب سورج سر پر ہو (نصف النہار)۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (ایف اے) سال اول
برائے طالبات سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

تیسرا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی سے دو، دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل: میزان الصرف و منشعب

سوال نمبر 1:- (الف) میزان الصرف کی روشنی میں فعل مضارع بنانے کا طریقہ بیان کریں اور مثالیں بھی دیں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) باب فَعَلَ یَفْعُلُ سے کمل صرف صغیر تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 2:- (الف) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف مع مثال لکھیں، نیز ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے ابواب کے نام لکھیں؟ ۱۵=۶+۹

(ب) صفت مشبہ بنانے کا طریقہ بیان کریں، نیز اسم تفضیل مؤنث کی گردان سپرد قلم کریں؟ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر 3:- (الف) اسم کی اقسام ثلاثہ تحریر کریں، نیز مصدر کا اصطلاحی معنی مع مثال زینت قرطاس بنائیں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) ماضی بعید کی تعریف بیان کریں، نیز ماضی بعید منفی معروف کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں؟ ۱۵=۵+۵+۵

حصہ دوم: صرف بهترال

سوال نمبر 4:- (الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں، نیز علم صرف کو علم نحو پر مقدم کرنے کی وجہ لکھیں؟ ۱۵=۹+۶

(ب) درج ذیل عبارت کا ترجمہ سپرد قلم کریں، نیز فعل مجہول کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۱۰=۴+۶

اگر فعل برفاعل ختم شود آنرا فعل لازم گویند چوں "ذَھَبَ زَیْدٌ" (زید رفت)

سوال نمبر5:-(الف)ضَرَبَا' یَضْرِبُ' ضَارِبَانِ میں سے کوئی سے دو کی بنائیں صرف بهتر ال کی روشنی میں لکھیں؟ ۱۰=۵+۵

(ب)درج ذیل میں سے کسی تین کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۵=۵+۵+۵

مہموز' رباعی مجرد' مضاعف' مثالِ واوی' اسم فاعل

سوال نمبر6:-(الف)اَمَنَ اور یَعِدُ والا قانون مع امثلہ سپرد قلم کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) جمع اقصیٰ بنانے کا طریقہ بیان کریں' نیز دوازدہ اقسام زینت قرطاس بنائیں؟

۱۵=۱۹+۶

☆☆☆

درجہ عامہ(سال اوّل)برائے طلباء بابت 2021ء

تیسرا پرچہ:صرف

حصہ اوّل:میزان الصرف و منشعب

سوال نمبر 1:-(الف) میزان الصرف کی روشنی میں فعل مضارع بنانے کا طریقہ بیان کریں اور مثالیں بھی دیں؟

(ب)باب فَعَلَ یَفْعُلُ سے مکمل صرف صغیر تحریر کریں؟

جواب:(الف)فعل مضارع بنانے کا طریقہ:

فعل مضارع' فعل ماضی سے بنتا ہے' علامات فعل مضارع یا حروف فعل مضارع' فعل ماضی کے شروع میں لائیں گے' وہ علامات ''اتین'' ہیں۔الف (ہمزہ) صیغہ واحد متکلم کے شروع میں' تاء آٹھ صیغوں یعنی چھ حاضر کے اور دو صیغے واحد مؤنث غائب اور تثنیہ مؤنث غائب کے شروع میں اور نون جمع متکلم کے شروع میں لگائیں گے۔ ماضی کے فاءکلمہ کو ساکن کردیں گے۔اس کے لام کلمہ پر پانچ صیغوں میں پیش دے دیں گے' وہ پانچ صیغے یہ ہیں: واحد مذکر غائب' واحد مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر اور دو صیغے متکلم کے۔ سات صیغوں کے آخر میں نون اعرابی لائیں گے' وہ سات صیغے یہ ہیں: تثنیہ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مذکر غائب، جمع مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب، تثنیہ مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر، واحد مؤنث حاضر اور تثنیہ مؤنث حاضر۔ جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر کے آخر میں نون ضمیر کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

ماضی کے شروع میں الف لانے کی مثال ہے: اَضْرِبُ۔ اس کے شروع میں تاء لانے کی مثالیں یہ ہیں: تَضْرِبُ، تَضْرِبَانِ، تَضْرِبُ، تَضْرِبَانِ، تَضْرِبُوْنَ، تَضْرِبِيْنَ اور تَضْرِبَانِ۔ ماضی کے شروع میں یاء لانے کی مثالیں یہ ہیں: يَضْرِبُ، يَضْرِبَانِ، يَضْرِبُوْنَ اور يَضْرِبْنَ۔ نون لانے کی مثال یہ ہے: نَضْرِبُ۔

(ب) فَعَلَ يَفْعُلُ سے صرف صغیر کی گردان:

نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا فَهُوَ نَاصِرٌ وَنُصِرَ يُنْصَرُ نَصْرًا فَذَاكَ مَنْصُوْرٌ لَمْ يَنْصُرْ لَمْ يُنْصَرْ لَا يَنْصُرُ لَا يُنْصَرُ لَنْ يَّنْصُرَ لَنْ يُّنْصَرَ لَيَنْصُرَنَّ لَيُنْصَرَنَّ لَيَنْصُرَنْ لَيُنْصَرَنْ اَلْاَمْرُ مِنْهُ اُنْصُرْ لِيَنْصُرْ لِيُنْصَرْ لِيُنْصَرْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَنْصُرْ لَا تُنْصَرْ لَا يَنْصُرْ لَا يُنْصَرْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ مَنْصَرَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَيْصِرٌ وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِنْصَرٌ مِنْصَرَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَيْصِرٌ مِنْصَرَةٌ مِنْصَرَتَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَيْصِرَةٌ مِنْصَارٌ مِنْصَارَانِ مَنَاصِيْرُ مُنَيْصِيْرٌ وَمُنَيْصِيْرَةٌ اَفْضَلُ التَّفْضِيْلِ اَلْمُذَكَّرُ مِنْهُ اَنْصَرُ اَنْصَرَانِ اَنْصَرُوْنَ اَنَاصِرُ وَاُنَيْصِرٌ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰى نُصْرَيَانِ نُصْرَيَاتٌ نُصَرٌ وَنُصَيْرٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَنْصَرَهٗ وَاَنْصِرْبِهٖ وَنَصُرَ يَا نَصُرَتْ۔

سوال نمبر 2:- (الف) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف مع مثال لکھیں، نیز ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے ابواب کے نام لکھیں؟

(ب) صفت مشبہ بنانے کا طریقہ بیان کریں، نیز اسم تفضیل مؤنث کی گردان سپرد قلم کریں؟

جواب: (الف) ثلاثی مزید فیہ کی تعریف ومثال:

ثلاثی مجرد میں ایک حرف یا ایک سے زائد حروف کا اضافہ کیا جائے، تو ثلاثی مزید فیہ بن جاتا ہے مثلاً کَرُمَ سے اَکْرَمَ یعنی کَرُمَ میں الف کا اضافہ کیا، تو "اَکْرَمَ" بن گیا۔

ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے ابواب:

ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے نو ابواب ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) اِفْتِعَالٌ، (۲) اِسْتِفْعَالٌ، (۳) اِنْفِعَالٌ، (۴) اِفْعِلَالٌ، (۵) اِفْعِيْلَالٌ، (۶) اِفْعِيْعَالٌ، (۷) اِفْعِوَّالٌ، (۸) اِفَّعُّلٌ، (۹) اِفَّاعُلٌ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) صفت مشبہ بنانے کا طریقہ:

صفت مشبہ وہ اسم مشتق ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنیٰ بطور ثبوت پایا جائے۔ علامت فعل مضارع کو گرا کر اس میں کسی حرف کی کمی یا اضافہ کر کے بنایا جاتا ہے، اور اس کے اوزان قیاسی نہیں ہیں، بلکہ سماعی ہیں مثلاً یَسْمَعُ سے سَمِیْعٌ وغیرہ۔ اس کے مشہور تین اوزان ہیں:

(۱) فَعَلٌ جیسے حَسَنٌ، (۲) فَعْلٌ جیسے صَعْبٌ، (۳) فَعِیْلٌ جیسے ظَرِیْفٌ۔

اسم تفضیل مؤنث کی گردان:

اسم تفضیل مؤنث کی گردان درج ذیل ہے:

فُعْلٰی - فُعْلَیَانِ - فُعْلَیَیْنِ - فُعْلَیَاتٌ - فُعَلٌ

سوال نمبر 3:- (الف) اسم کی اقسام ثلاثہ تحریر کریں، نیز مصدر کا اصطلاحی معنی مع مثال زینت قرطاس بنائیں؟

(ب) ماضی بعید کی تعریف بیان کریں، نیز ماضی بعید منفی معروف کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں؟

جواب: (الف) اسم کی اقسام ثلاثہ

۱- اسم جامد: وہ اسم ہے، جو نہ خود کسی سے بنا ہوا اور نہ اس سے کوئی لفظ بن سکے جیسے رَجُلٌ۔

۲- اسم مشتق: وہ اسم ہے، جو دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو جیسے اسم فاعل فعل مضارع معروف سے بنتا ہے جیسے یَضْرِبُ سے ضَارِبٌ۔

۳- مصدر: وہ اسم ہے، جس میں حدث کے معنیٰ پائے جائیں اور اس سے دوسرے الفاظ مشتق ہوں جیسے ضَرْبٌ سے ضَرَبَ بنتا ہے۔

مصدر کا اصطلاحی معنیٰ:

وہ اسم ہے، جس میں حدوث کے معنیٰ پائے جائیں اور اس سے دوسرے الفاظ مشتق ہوں جیسے ضَرْبٌ سے ضَرَبَ۔

(ب) ماضی بعید کی تعریف:

وہ فعل ہے، جس میں دور کا گزرا ہوا معنیٰ پایا جائے، مثلاً کَانَ ضَرَبَ (اس نے مارا تھا)

ماضی بعید منفی کی گردان مع ترجمہ:

۱- کَانَ مَا ضَرَبَ۔ اس ایک مرد نے نہیں مارا تھا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۲- كَانَا مَا ضَرَبَا ۔ ان دو مردوں نے نہیں مارا تھا۔

۳- كَانُوْا مَا ضَرَبُوْا ۔ ان سب مردوں نے نہیں مارا تھا۔

۴- كَانَتْ مَا ضَرَبَتْ ۔ اس ایک عورت نے نہیں مارا تھا۔

۵- كَانَتَا مَا ضَرَبَتَا ۔ ان دو عورتوں نے نہیں مارا تھا۔

۶- كُنَّ مَا ضَرَبْنَ ۔ ان سب عورتوں نے نہیں مارا تھا۔

۷- كُنْتَ مَا ضَرَبْتَ ۔ تو ایک مرد نے نہیں مارا تھا۔

۸- كُنْتُمَا مَا ضَرَبْتُمَا ۔ تم دو مردوں نے نہیں مارا تھا۔

۹- كُنْتُمْ مَا ضَرَبْتُمْ ۔ تم سب مردوں نے نہیں مارا تھا۔

۱۰- كُنْتِ مَا ضَرَبْتِ تو ایک عورت نے نہیں مارا تھا۔

۱۱- كُنْتُمَا مَا ضَرَبْتُمَا ۔ تم دو عورتوں نے نہیں مارا تھا۔

۱۲- كُنْتُنَّ مَا ضَرَبْتُنَّ ۔ تم سب عورتوں نے نہیں مارا تھا۔

۱۳- كُنْتُ مَا ضَرَبْتُ ۔ میں ایک مرد یا ایک عورت نے نہیں مارا تھا۔

۱۴- كُنَّا مَا ضَرَبْنَا ۔ ہم دو مردوں یا دو عورتوں سب مردوں یا سب عورتوں نے نہیں مارا تھا۔

حصہ دوم: صرف بہائی

سوال نمبر 4:- (الف) علمِ صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں، نیز علمِ صرف کو علمِ نحو پر مقدم کرنے کی وجہ لکھیں؟

(ب) درج ذیل عبارت کا ترجمہ سپردِ قلم کریں، نیز فعل مجہول کی تعریف مع مثال تحریر کریں؟

اگر فعل برفاعل ختم شود آنرا فعل لازم گویند چوں "ذَهَبَ زَيْدٌ" (زید رفت)

جواب: (الف) علمِ صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت:

۱- علمِ صرف کی تعریف: صرف وہ علم ہے، جس سے ایک کلمہ سے دوسرا کلمہ بنانے کا طریقہ بیان کرنے کا طریقہ، کلمہ کی گردان اور تبدیل و تعلیل معلوم ہو۔

۲- موضوع: کلمہ، گردان اور تبدیل و تعلیل۔

۳- غرض وغایت: عربی زبان میں کلمہ کو صیغہ کی غلطی سے بچانا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

علم صرف کو علم نحو پر مقدم کرنے کی وجہ:

علم صرف پہلے پڑھایا جاتا ہے اور علم نحو بعد میں پڑھایا جاتا ہے، علم صرف کو مقدم کرنے کی وجہ یہ مشہور مقولہ ہے: اَلصَّرْفُ اُمُّ الْعُلُوْمِ وَالنَّحْوُ اَبُوْهَا یعنی صرف تمام علوم کی ماں اور نحو ان کا باپ ہے، چونکہ ماں باپ سے مقدم ہوتی ہے، لہٰذا صرف کو بھی نحو پر مقدم کیا گیا۔

(ب) ترجمہ عبارت:

اگر فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ بن جائے، تو اسے فعل لازم کہتے ہیں مثلاً ذَهَبَ زَيْدٌ (زید گیا)

فعل مجہول کی تعریف اور اس کی مثال:

اگر فعل کی نسبت نائب فاعل کی طرف کی جائے، تو اسے فعل مجہول یا فعل مالم یسم فاعله کہا جاتا ہے مثلاً ضُرِبَ زَيْدٌ۔

سوال نمبر 5:- (الف) ضَرَبَا، يَضْرِبُ، ضَارِبَانِ کی بنائیں صرف بہتر ال کی روشنی میں لکھیں؟

(ب) درج ذیل کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟

مہموز، رباعی مجرد، مضاعف، مثالِ واوی، اسم فاعل

جواب: (الف) ضَرَبَا، يَضْرِبُ، ضَارِبَان کی بنائیں:

۱- ضَرَبَا: اسے ضَرَبَ سے بنایا جاتا ہے وہ اس طرح کہ الف ضمیر بارز مرفوع متصل، جو کہ علامت تثنیہ اور ضمیر فاعل ہے اس کے آخر میں لائے، تو ضَرَبَا ہو گیا۔

۲- يَضْرِبُ: یہ ضَرَبَ سے بناتے ہیں، وہ اس طرح کہ حروف اتین میں سے ایک حرف مفتوح ضَرَبَ کے شروع میں لائے، فاء کلمہ کو ساکن کر دیا، آخر کے ماقبل کو کسرہ دیا اور آخر میں ضمہ اعرابی لایا گیا، تو يَضْرِبُ ہو گیا۔

۳- ضَارِبَان: اسے ضَارِبٌ سے بناتے ہیں، وہ اس طرح کہ حالت رفع میں الف علامت تثنیہ ماقبل مفتوح جبکہ حالت نصب و جر میں علامت تثنیہ یاء ماقبل مفتوح اور آخر میں نون مکسور کا اضافہ کیا گیا، جو ضمہ یا تنوین یا دونوں کے عوض ہے، تو پھر حالت رفعی میں ضَارِبَانِ اور حالت نصبی و جری میں ضَارِبَيْنِ ہو گیا۔

(ب) اصطلاحات صرفیہ کی تعریفات اور ان کی مثالیں:

۱- مہموز: وہ لفظ ہے، جس کے فاء، عین یا لام کلمہ کی جگہ میں ہمزہ ہو جیسے اَمَرَ، اَمْرٌ وغیرہ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۲-رباعی مجرد: وہ چار حرفی کلمہ ہے، جس میں کوئی حرف زائد نہ ہو مثلاً زَلْزَلَ۔

۳-مضاعف: وہ کلمہ ہے، جس میں دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ اس کی دو اقسام ہیں: (i) ثلاثی یعنی جس میں تین حروف اصل ہوں جیسے مَدٌّ، مَدَّ۔ (ii) رباعی یعنی جس کلمہ میں چار حروف اصل ہوں مثلاً زَلْزَلَ۔

۴-مثال واوی: وہ کلمہ ہے، جس کے فاء کلمہ میں حروف علت میں واؤ ہو مثلاً وَعَدَ، وَعْدٌ۔

۵-اسم فاعل: وہ اسم مشتق ہے، جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فاعل کا فعل قائم ہو مثلاً ضَارِبٌ۔

سوال نمبر 6:- (الف) اَمَنَ اور یَعِدُ والا قانون مع امثلہ سپرد قلم کریں؟
(ب) جمع اقصیٰ بنانے کا طریقہ بیان کریں، نیز دوازدہ اقسام زینت قرطاس بنائیں۔

جواب: (الف) اَمَنَ اور یَعِدُ کے قوانین اور ان کی مثالیں

۱-اَمَنَ کا قانون اور اس کی مثالیں:

قانون: جب دو ہمزے جمع ہوں، ان میں سے پہلا متحرک اور ثانی ساکن ہو، تو دوسرے کو ماقبل کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا واجب ہے مثلاً اٰمَنَ، اُوْمِنَ، اِیْمَانًا، جو اصل میں اَءْمَنَ، اُءْمِنَ، اِءْمَانًا تھے۔

۲-یَعِدُ کا قانون اور اس کی مثالیں:

قانون: واؤ مضارع کی علامت مفتوح اور کسرہ کے درمیان آجائے، تو واؤ کو حذف کرنا واجب ہے مثلاً یَعِدُ، تَعِدُ، اَعِدُ، نَعِدُ، جو اصل میں یَوْعِدُ، تَوْعِدُ، اَوْعِدُ اور نَوْعِدُ تھے۔

(ب) جمع اقصیٰ بنانے کا طریقہ:

جمع اقصیٰ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ اس کے پہلے دو حروف کو فتح دیں گے، تیسری جگہ جمع اقصیٰ کی علامت الف لائیں گے، اس الف کے بعد ایک حرف ہوا، تو وہ مشدد ہوگا جیسے دَوَابٌّ، اگر دو حروف ہوں، تو پہلا مکسور ہوگا، جبکہ دوسرے کا اعراب حسب عامل آئے گا مثلاً مَسَاجِدُ۔ اگر الف کے بعد تین حروف ہوں، تو پہلا مکسور، دوسری جگہ یاء ساکن ہوگی جبکہ تیسرے حرف کا اعراب حسب عامل آئے گا جیسے مَصَابِیْحُ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

دوازدہ اقسام:

بارہ مشتقات حسب ذیل ہیں:

(۱) ماضی، (۲) مضارع، (۳) فعل نفی جحد بلم، (۴) فعل نفی تاکید بلن، (۵) فعل امر، (۶) فعل نہی (۷) اسم فاعل، (۸) اسم مفعول، (۹) ظرف زمان و مکان، (۱۰) صفت مشبہ (۱۱) اسم آلہ (۱۲) اسم تفضیل۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (ایف اے) سال اوّل

برائے طالبات سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

چوتھا پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی سے دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: نحو میر

سوال نمبر 1:- (الف) علم نحو کی تعریف، موضوع، غرض، واضع اور وجہ تسمیہ تحریر کریں؟
۳+۳+۳+۳+۳=۱۵

(ب) مرکب کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ج) معرفہ کی تعریف اور اقسام تحریر کریں؟ ۱۰=۳+۷

سوال نمبر 2:- (الف) درج ذیل میں سے کوئی سی تین اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۵=۵+۵+۵

تمنی، معرب، جمع سالم، اسم منقوص، مؤنث

(ب) جملہ کی اقسام مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ج) باعتبار وجوہ اعراب اسم متمکن کی اقسام میں سے پانچ کے نام اور مثالیں لکھیں؟
۱۰=۵+۵

سوال نمبر 3:- (الف) غیر منصرف، مفرد منصرف صحیح اور تثنیہ کا اعراب مع امثلہ تحریر کریں؟
۱۵=۵+۵+۵

(ب) اسم میں عمل کرنے والے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز حروف مشبہ بالفعل کا عمل مع امثلہ بیان کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ج) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں، نیز جمع قلت کے اوزان تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

بدانکہ جمع باعتبار معنی بر دو نوع است جمع قلت و جمع کثرت۔

حصہ دوم: نظم مائة عامل

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزاء کا جواب زینت قرطاس بنائیں؟

(الف) نظم مائۃ عمل کی روشنی میں بتائیں کہ حروف جارہ کتنے ہیں، نیز شعر بھی لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) نظم کے مطابق حروف ناصبہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ۱۰

(ج) نظم مائۃ عامل کی روشنی میں حروف جازمہ کی تعداد اور عمل تحریر کریں؟ ۱۰

(د) درج ذیل اشعار کا ترجمہ سپرد قلم کریں؟ ۱۰=۵+۵

عامل اندر نحو صد باشند چنیں فرمودہ اند، شیخ عبدالقاھر جرجانی پیرِ ھُدا

معنوی ازوے دو باشد جملہ دیگر لفظی اند باز لفظی شد سماعی و قیاسی اے فتًا

☆☆☆

درجہ عامہ (سالِ اوّل) برائے طلباء بابت 2021ء

چوتھا پرچہ: نحو

حصہ اوّل: نحو میر

سوال نمبر 1:- (الف) علمِ نحو کی تعریف، موضوع، غرض، واضع اور وجہ تسمیہ تحریر کریں؟

(ب) مرکب کی اقسام مع امثلہ تحریر کریں؟

(ج) معرفہ کی تعریف اور اقسام تحریر کریں؟

جواب: (الف) علم نحو کی تعریف، موضوع، غرض، واضع اور وجہ تسمیہ

۱۔ علم نحو کی تعریف: ان بنیادی باتوں کو جاننے کا نام ہے، جن کے ساتھ اسم، فعل اور حرف کی باہمی ترکیب اور اعراب دینے کے لحاظ سے ان کے آخر کی کیفیت معلوم ہو۔

۲۔ موضوع: علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے۔

۳۔ غرض و غایت: عربی زبان میں ذہن کو اعرابی غلطی سے بچانا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۴- واضع: واضع علم نحو: اس میں تین اقوال ہیں: (۱) حضرت عمر فاروق' (۲) حضرت علی' (۳) حضرت ابوالاسود دؤلی رضی اللہ عنہم۔

وجہ تسمیہ: لفظ ''نحو'' کا لغوی معنیٰ ہے: قصد وارادہ کرنا' چونکہ اس علم کے قواعد کی مدد سے ذہن کو کلام عرب میں اعرابی غلطی سے بچایا جاتا ہے' اس لیے اسے ''نحو'' کہا جاتا ہے۔

(ب) مرکب کی اقسام اور ان کی مثالیں:

مرکب کی دو اقسام ہیں: (i) مرکب مفید: اس کی پھر دو اقسام ہیں: (۱) خبر جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ' قَامَ زَیْدٌ (۲) انشاء جیسے اِقْرَأْ' لَا تَقْرَأْ۔

(ii) مرکب غیر مفید: اس کی تین اقسام ہیں: (۱) مرکب بنائی جیسے اَحَدَ عَشَرَ' (۲) مرکب اضافی جیسے غُلَامُ زَیْدٍ' (۳) مرکب منع صرف جیسے جَاءَنِیْ بَعْلَبَکُّ۔

(ج) معرفہ کی تعریف اور اس کی اقسام:

اسم معرفہ کی تعریف: وہ اسم ہے جو معین معنیٰ کے لیے وضع کیا گیا ہو۔ اس کی سات اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) اسم ضمیر' (۲) اسم اشارہ' (۳) اسم موصول' (۴) اسم علم' (۵) معرفہ بالف ولام' (۶) ان پانچ میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو' (۷) اسم منادیٰ۔

سوال نمبر 2:- (الف) درج ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟

تمنی' معرب' جمع سالم' اسم منقوص' مؤنث

(ب) جملہ کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟

(ج) باعتبار وجوہ اعراب اسم متمکن کی اقسام میں سے پانچ کے نام اور مثالیں لکھیں؟

جواب: (الف) اصطلاحات نحویہ کی تعریفات اور ان کی مثالیں:

۱- تمنی: لغوی معنیٰ ہے: آرزو کرنا' اس مقام پر ایسا جملہ انشائیہ مراد ہے' جو کسی شیء کی آرزو پر دلالت کرے مثلاً لَیْتَنِیْ کُنْتُ تُرَابًا ۔ کافر یوں کہے گا: کاش! میں مٹی ہو گیا ہوتا۔

۲- معرب: وہ اسم ہے' جو غیر سے مرکب ہو اور مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھے جیسے قَامَ زَیدٌ۔

۳- جمع سالم: وہ جمع ہے' جس کے مفرد کے آخر میں حروف کا اضافہ کر کے جمع بنائی جائے' جیسے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ۔

۴-اسم منقوص: وہ اسم ہے، جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے جَاءَ الْقَاضِیْ۔

۵-مؤنث: وہ اسم ہے، جس میں علامات تانیث میں سے کوئی موجود ہو، علامات تانیث چار ہیں:

(۱) تاء ملفوظہ جیسے طَلْحَةُ، (۲) تاء مقدرہ جیسے اَرْضٌ، (۳) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی، (۴) الف ممدودہ جیسے حَمْرَاءُ۔

(ب) جملہ کی اقسام اور ان کی مثالیں:

دو یا دو سے زیادہ الفاظ سے مل کر بنے، اسے جملہ کہا جاتا ہے۔ جملہ کو کلام بھی کہا جاتا ہے۔ جملہ یا کلام کی دو اقسام ہیں: (۱) جملہ خبریہ: جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جاتا ہے، اس کی دو اقسام ہیں:

(i) جملہ اسمیہ جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ، (ii) جملہ فعلیہ جیسے قَامَ زَیْدٌ۔

(۲) جملہ انشائیہ: وہ جملہ ہے، جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہا جائے، اس کی دس اقسام ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) امر ہو جیسے اِضْرِبْ، (۲) نہی ہو جیسے لَا تَضْرِبْ، (۳) تمنی ہو جیسے لَیْتَ زَیْدًا حَاضِرٌ، (۴) استفہام ہو جیسے هَلْ ضَرَبَ زَیْدٌ، (۵) ترجی ہو جیسے لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ، (۶) عقود ہو جیسے بِعْتُ وَاشْتَرَیْتُ، (۷) نداء ہو جیسے یَا اَللّٰهُ، (۸) عرض ہو جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا، (۹) قسم ہو جیسے وَاللّٰهِ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا، (۱۰) تعجب ہو جیسے مَا اَحْسَنَهٗ وَاَحْسِنْ بِهٖ۔

(ج) باعتبار وجوہ اعراب اسم متمکن پانچ کے نام مع امثلہ:

۱-اسم مفرد منصرف صحیح: وہ اسم جو نہ مرکب ہو، نہ تثنیہ و جمع، نہ مضاف ہو اور نہ مشابہ مضاف ہو۔ صحیح سے مراد ہے، وہ اسم ہے جس کے آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے زَیْدٌ۔

۲-جاری مجرٰی صحیح: وہ اسم ہے، جس کلمہ کے آخر میں حرف علت ہو، اور اس کا ماقبل ساکن ہو جیسے دَلْوٌ، ظَبْیٌ۔

۳-جمع مکسر مذکر: وہ اسم ہے، جس کے واحد میں تبدیلی کر کے جمع بنائی گئی ہو جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔

۴-جمع مؤنث سالم: وہ جمع ہے کہ اس کے واحد کے آخر میں الف تاء لگا کر جمع بنائی جاتی ہے جیسے مُسْلِمَاتٌ۔ اس کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، نصب اور جر دونوں کسرہ لفظی سے آتا ہے جیسے جَاءَ

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

نِیْ مُسْلِمَاتٌ، رَأَیْتُ مُسلِمَاتٍ وَ مَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ۔

۵-اسم غیر منصرف: وہ اسم معرب ہے، جس میں منع صرف کے نو اسباب میں سے دو یا ایسا ایک سبب پایا جائے، جو دو اسباب کے قائمقام ہو، اس کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، نصب اور جر دونوں فتحہ لفظی سے آتا ہے جیسے جاءَ نِیْ اَحْمَدُ، رَاَیْتُ اَحْمَدَ مَرَرْتُ بِاَحْمَدَ۔

سوال نمبر3:- (الف) غیر منصرف، مفرد منصرف صحیح اور تثنیہ کا اعراب مع امثلہ تحریر کریں؟

(ب) اسم میں عمل کرنے والے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز حروف مشبہ بالفعل کا عمل مع امثلہ بیان کریں؟

(ج) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں، نیز جمع قلت کے اوزان تحریر کریں؟

بدانکہ جمع باعتبار معنی بر دو نوع است جمع قلت وجمع کثرت۔

جواب: (الف) اصطلاحات نحویہ کا اعراب مع امثلہ:

۱-غیر منصرف کا اعراب: اس کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، جبکہ نصب اور جر دونوں فتح لفظی سے آتا ہے مثلاً جاءَ نِیْ اَحْمَدُ، رَأَیْتُ اَحْمَدَ مَرَرْتُ بِاَحْمَدَ۔

۲-مفرد منصرف صحیح کا اعراب: اس کا اعراب رفع ضمہ لفظی سے، نصب فتح لفظی سے اور جر کسرہ لفظی سے آتا ہے مثلاً جاءَ نِیْ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ۔

۳-تثنیہ کا اعراب: رفع الف ماقبل مفتوح، نصب اور جر دونوں یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسورہ سے آتا ہے مثلاً جاءَ نِیْ رَجُلَانِ، رَأَیْتُ رَجُلَیْنِ، مَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ۔

(ب) اسم میں عمل کرنے والے حروف:

اسم میں عمل کرنے والے حروف پانچ قسم ہیں، جو حسب ذیل ہیں:

(۱) حروف جارہ: یہ تعداد میں سترہ ہیں: بَاء، تَاء، مِنْ، اِلٰی، حَتّٰی، فِیْ، لام، رُبَّ، واؤ قسم تاؤ قسم، عَنْ، عَلٰی، کاف تشبیہ، مُذْ، مُنْذُ، حَاشَا، خَلَا، عَدَا۔

(۲) حروف مشبہ بفعل: یہ تعداد میں چھ ہیں: (i) اِنَّ، (ii) اَنَّ، (iii) کَاَنَّ، (iv) لٰکِنَّ، (v) لَیْتَ، (vi) لَعَلَّ۔

۳-مَا وَلَا مشابہ لَیْسَ مثلاً مَا رَجُلٌ قَائِمًا، مَا زَیْدٌ قَائِمًا۔

۴-لائے نفی جنس۔ مثلاً لَا غُلَامَ رَجُلٍ فِی الدَّارِ۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۵-مبتداء۔

حروف مشبہ بفعل کا عمل: یہ حروف جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں' مبتداء کو نصب دیتے ہیں' اسے ان کا اسم کہتے ہیں' خبر کو رفع دیتے ہیں' اسے ان کی خبر کہا جاتا ہے مثلاً اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ۔

(ج) ترجمہ عبارت:

جاننا چاہیے کہ معنیٰ کے اعتبار سے جمع کی دو اقسام ہیں: (i) جمع قلت' (ii) جمع کثرت۔

جمع قلت کے اوزان:

جمع قلت کے چھ اوزان ہیں' جو درج ذیل ہیں:

(۱) اَفْعَالٌ جیسے اَقْوَالٌ' (۲) اَفْعِلَةٌ جیسے اَعْوِنَةٌ' (۳) اَفْعُلٌ جیسے اَكْلُبٌ' (۴) فِعْلَةٌ جیسے غِلْمَةٌ' (۵) جمع مذکر سالم بغیر الف لام کے جیسے مُسْلِمُوْنَ' (۶) جمع مؤنث سالم بغیر الف لام کے جیسے مُسْلِمَاتٌ۔

حصہ دوم: نظم مائة عامل

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزاء کا جواب زینت قرطاس بنائیں۔

(الف) نظم مائۂ عمل کی روشنی میں بتائیں کہ حروف جارہ کتنے ہیں' نیز شعر بھی لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) نظم کے مطابق حروف ناصبہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

(ج) نظم مائۂ عامل کی روشنی میں حروفِ جازمہ کی تعداد اور عمل تحریر کریں؟

(د) درج ذیل اشعار کا ترجمہ سپردِ قلم کریں؟

عامل اندر نحو صد باشند چنیں فرمودہ اند — شیخ عبدالقاهر جرجانی پیر هدا

معنوی ازوے دو باشد جمله دیگر لفظی اند — باز لفظی شد سماعی و قیاسی اے فتا

جواب: (الف) حروف جارہ مع اشعار:

حروف جارہ سترہ ہیں' جو اس شعر میں بیان کیے گئے ہیں:

باؤ' تاؤ' کاف' ولام' وواؤ' مُنْذُ' وَمُذْ' خَلَا — رُبَّ' حَاشَا' مِنْ' عدا' فِیْ' عَنْ' عَلٰی' حَتّٰی' اِلٰی

(۱) باء (۲) مِنْ (۳) اِلٰی (۴) حَتّٰی (۵) فِیْ (۶) لام (۷) رُبَّ (۸) واو قسم (۹) تاءِ قسم (۱۰) عَنْ (۱۱) علٰی (۱۲) کاف تشبیہ (۱۳) مُذْ (۱۴) مُنْذُ' (۱۵) حاشا' (۱۶) خَلَا' (۱۷)

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

عَدًا۔

(ب) نظم کے مطابق حروف ناصبہ:

نظم وشعر کے مطابق حروف ناصبہ چار ہیں' جو درج ذیل ہیں:

(۱) اَنْ' (۲) لَنْ' (۳) کَیْ' (۴) اِذَنْ

(ج) حروف جازمہ:

نظم کے مطابق حروف جازمہ پانچ ہیں' جو درج ذیل ہیں:

(۱) اِنْ' (۲) لَمْ' (۳) لَمَّا' (۴) لام امر' (۵) لائے نہی۔

(د) ترجمہ اشعار:

نحو میں کل عامل ایک سو ہیں' ہدایت کے پیشوا شیخ عبدالقاہر جرجانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسی طرح فرمایا ہے۔ان میں سے دو معنوی ہیں' باقی لفظی ہیں۔اے نوجوان! لفظی عوامل کی پھر دو اقسام ہیں:

(i) سماعی' (ii) قیاسی۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (ایف اے) سال اوّل

برائے طالبات سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1: (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں؟ ۱۵=۳×۵

(i) هٰذه صورة، (ii) هٰذا كتاب صديقي، (iii) هٰذا قلمه، (iv) الكتاب فوق الكرسي، (v) هٰذا رجل طويل، (vi) أنا قريب من الباب، (vii) المحسن قريب من الله، (viii) الفيل حيوان كبير

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک جز کا ترجمہ کریں؟ ۱۰

(i) صديقي يمشي في الحديقة، في الحديقة أشجار كبيرة ومقاعد نظيفة وازهار جميلة وورود بديعة، صديقي يقطف وردة ويشم الوردة ويقول رائحة الوردة طيبة جدا۔

(ii) هٰذا صديقي عبدالغفور، صديقي في الغرفة ويقر أفي كتابه، صديقي ينظر الى الساعة ويغلق كتابه، يقوم من مكانه ويمشي في الغرفة ثم يفتح الباب ويخرج من الغرفة ويذهب الى الحديقة۔

سوال نمبر2: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟ ۱۵=۵×۳

(i) یہ درخت ہے، (ii) گھوڑا بڑا جانور ہے، (iii) قلم بستے میں ہے، (iv) میں کمرے میں ہوں، (v) اسلام میرا دین ہے

(ب) درج ذیل میں سے کوئی پانچ خالی جگہیں پُر کریں؟ ۱۰=۲×۵

(i) السقف...... رأسي، (ii) الارض...... قدمي، (iii) العصفور...... صغير، (iv) اسمي......، (v) الصورة...... الجدار، (vi) يدي...... الجيب، (vii) الكعبة......، (viii)

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

القلم...... المحفظة

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟ ۳×۵=۱۵

(i) الكرسی، (ii) المكتب، (iii) الطريق، (iv) الكتاب، (v) الشجر

(ب) درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں؟ ۵×۲=۱۰

(i) كراسة، (ii) مقعد، (iii) ساعة، (iv) معتدل، (vi) حيوان، (vii) اسم

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے عربی میں جوابات دیں؟ ۳×۵=۱۵

(i) ما اسم ابيك، (ii) كيف انت، (iii) هل انت فی الحديقة، (iv) هل السقف فوق راسك .

(ب) عربی میں کوئی سے پانچ جسم کے اعضاء کے نام تحریر کریں؟ ۱۰

☆☆☆

درجہ عامہ (سال اول) برائے طلباء بابت 2021ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

سوال نمبر 1: (الف) درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں؟

(i) هٰذه صورة، (ii) هٰذا كتاب صديقی، (iii) هٰذا قلمه، (iv) الكتاب فوق الكرسی، (v) هٰذا رجل طويل، (vi) انا قريب من الباب، (vii) المحسن قريب من الله، (viii) الفيل حيوان كبير

(ب) درج ذیل اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(i) صديقی يمشی فی الحديقة، فی الحديقة اشجار كبيرة، ومقاعد نظيفة وازهار جميلة وورود بديعة، صديقی يقطف وردة ويشم الوردة ويقول رائحة الوردة طيبة جدا .

(ii) هٰذا صديقی عبدالغفور، صديقی فی الغرفة ويقر أفی كتابه، صديقی ينظر الی الساعة ويغلق كتابه، يقوم من مكانه ويمشی فی الغرفة ثم يفتح الباب ويخرج من

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الغرفة ويذهب الى الحديقة .

جواب: (الف) جملوں کا اردو میں ترجمہ:

(i) یہ تصویر ہے۔ (ii) یہ میرے دوست کی کتاب ہے۔ (iii) یہ اس کا قلم ہے۔ (iv) کتاب کرسی پر ہے۔ (v) یہ آدمی لمبا ہے۔ (vi) میں دروازہ کے پاس ہوں۔ (vii) نیکی کرنے والا اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا ہے۔ (viii) ہاتھی بڑا جانور ہے۔

(ب) اجزاء کا ترجمہ:

(i) میرا دوست باغ میں چلتا ہے۔ باغ میں بڑے درخت ہیں' صاف ستھرے بینچ ہیں' خوبصورت کلیاں ہیں اور خوشبودار پھول ہیں۔ میرا دوست پھول توڑتا ہے' اور وہ پھول کو سونگھتا ہے' اور وہ کہتا ہے: پھول کی خوشبو بہت اچھی ہے۔

(ii) یہ میرا دوست' عبدالغفور ہے۔ میرا دوست باغ میں ہے' اور وہ اپنی کتاب میں پڑھتا ہے۔ میرا دوست گھڑی کی طرف دیکھتا ہے' اور اپنی کتاب بند کر دیتا ہے' وہ اپنی جگہ سے کھڑا ہوتا ہے' اور کمرے میں جاتا ہے۔ پھر وہ دروازہ کھولتا ہے' وہ کمرے سے نکلتا ہے' اور باغ کی طرف جاتا ہے۔

سوال نمبر 2: (الف) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟

(i) یہ درخت ہے' (ii) گھوڑا بڑا جانور ہے' (iii) قلم بستے میں ہے' (iv) میں کمرے میں ہوں' (v) اسلام میرا دین ہے

(ب) درج ذیل خالی جگہیں پُر کریں۔

(i) السقف...... رأسي' (ii) الارض...... قدمي' (iii) العصفور...... صغير' (iv) اسمي...... (v) الصورة...... الجدا' (vi) يدى...... الجيب' (vii) الكعبة...... (viii) القلم...... المحفظة

جواب: (الف) جملوں کی عربی:

(i) هٰذَا شَجَرٌ (ii) اَلْخَيْلُ حِيوَانٌ كَبِيْرٌ (iii) اَلْقَلَمُ فِى الْمَحْفَظَةِ (iv) اَنَا فِي الْغُرْفَةِ' (v) اَلْإِسْلَامُ دِيْنِي .

(ب) خالی جگہیں پُر:

(i) اَلسَّقْفُ فَوْقَ رَأْسِي (ii) اَلْاَرْضُ تَحْتَ قَدَمِي (iii) اَلْعَصْفُوْرُ طَائِرٌ صَغِيرٌ (iv) اِسْمِيْ اَحْمَدُ (v) اَلصُّوْرَةُ عَلَى الْجِدَارِ' (vi) يَدِيْ فِي الْجَيْبِ' (vii) اَلْكَعْبَةُ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

قِبْلَةٌ (viii) اَلْقَلَمُ فِي الْمَحْفَظَةِ .

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔

(i) الكرسي، (ii) المكتب، (iii) الطريق، (iv) الكتاب، (v) الشجر

(ب) درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

(i) كراسة، (ii) مقعد، (iii) ساعة، (iv) معتدل، (vi) حيوان، (vii) اسم

جواب: (الف) الفاظ کا عربی جملوں میں استعمال:

(i) الكرسي في الغرفة، (ii) المكتب في لمدرسة، (iii) الطريق واسع، (iv) الكتاب على المنضدة، (v) الشجر طويل .

(ب) الفاظ کے معانی:

(i) کاپی، (ii) بینچ، (iii) گھڑی، (iv) میانہ روی، (v) بلی، (vi) جانور، (vii) نام۔

سوال نمبر 4: (الف) درج ذیل سوالات کے عربی میں جوابات دیں؟

(i) ما اسم ابيك، (ii) كيف انت، (iii) هل انت في الحديقة، (iv) هل السقف فوق رأسك .

(ب) عربی میں جسم کے اعضاء کے نام تحریر کریں؟

جواب: (الف) سوالات کے عربی میں جواب:

(i) اسم ابي احمد دين، (ii) انا صحيح، (iii) نعم انا في الحديقة، (iv) نعم، السقف فوق راسي .

(ب) عربی میں اعضاء جسم کے نام:

(۱) رَأْسٌ (۲) عُنُقٌ (۳) عَيْنٌ (۴) اُذُنٌ (۵) اَنْفٌ (۶) فَمٌ (۷) يَدٌ (۸) مِرْفَقٌ (۹) بَطْنٌ (۱۰) مَقْعَدَةٌ (۱۱) رِجْلٌ

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس (اہلسنّت) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (ایف اے) سال اوّل

برائے طالبات سال ۱۴۴۲ھ/2021ء

چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل......جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟ ۱۰

۱۔ جابر بن حیان ...... کا ماہر تھا۔

۲۔ بوعلی سینا مسلم دنیا کا ...... کہلاتا ہے۔

۳۔ ایڈز کے وائرس کو ...... کہتے ہیں۔

۴۔ کتاب المناظر ...... پر پہلی کتاب ہے۔

۵۔ مسلمان سائنس دان ...... کو کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟ ۱۰

۱۔ بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھے۔

۲۔ جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

۳۔ جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں۔

۴۔ سائنس ایک بہت وسیع علم ہے۔

۵۔ جابر بن حیان ہی نے سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

سوال نمبر 2:۔ قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر آیا ہے جواب کی وضاحت دو قرآنی آیات کی روشنی میں کریں؟ ۱۵

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر3:-تین پاکستانی سائنسدانوں کے نام اور اہم کارنامے تحریر کریں؟۱۵

سوال نمبر4:-ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے بیان کریں؟۱۵

حصہ دوم......مطالعہ پاکستان

سوال نمبر5:-(الف) خالی جگہ پُر کریں؟۱۰

۱-غلام قطب الدین ایبک کا مزار......میں ہے۔

۲-......نے انگریز کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا۔

۳-حضرت شاہ ولی اللہ کا نسب والد کی طرف سے......تک پہنچتا ہے۔

۴-نادر شاہ نے......میں برصغیر پر حملہ کیا۔

۵-۱۹۳۳ء میں......نے اس جدید اسلامی ریاست کا نام پاکستان تجویز کیا۔

(ب) مختصر جواب دیں؟۱۰

۱-دو قومی نظریہ کا کیا مطلب ہے؟

۲-برصغیر میں اشاعتِ اسلام کا پہلا سبب کیا تھا؟

۳-برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد کس حکمران نے رکھی؟

۴-قائداعظم نے چودہ نکات کس سن میں پیش کیے؟

۵-علامہ اقبال کے ساتھ کس عالم دین نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کی؟

سوال نمبر6:-برصغیر میں اسلامی حکومت کے زوال کے اسباب پر روشنی ڈالیں؟۱۵

سوال نمبر7:-انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟۱۵

سوال نمبر8:-حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی دو قومی نظریہ کے سلسلے میں مساعی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟۱۵

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء بابت 2021ء

چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

حصہ اوّل......جنرل سائنس

سوال نمبر 1:-(الف) خالی جگہ پُر کریں؟

۱-جابر بن حیان......کا ماہر تھا۔

۲-بوعلی سینا مسلم دنیا کا......کہلاتا ہے۔

۳-ایڈز کے وائرس کو......کہتے ہیں۔

۴-کتاب المناظر......پر پہلی کتاب ہے۔

۵-مسلمان سائنس دان......کو کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

۱-بوعلی سینا طب کے بانیوں میں سے تھے۔

۲-جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

۳-جانوروں اور پودوں کی زندگی میں بہت سے امور مشترک ہیں۔

۴-سائنس ایک بہت وسیع علم ہے۔

۵-جابر بن حیان ہی نے سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج پر تفصیلی روشنی ڈالی۔

جواب: (الف) خالی جگہ پُر:

۱-علم کیمیا، ۲-ارسطو، ۳-ایچ آئی وی (HIV)، ۴-روشنی، ۵-جابر بن حیان

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی:

۱-غلط، ۲-غلط، ۳-درست، ۴-درست، ۵-غلط

سوال نمبر 2:-قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر آیا ہے جواب کی وضاحت دو قرآنی آیات کی روشنی میں کریں؟

جواب: قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت:

اسلام ایک مکمل دین ہے جو زندگی کے تمام حقائق کو پیش نظر رکھتا ہے، اور قدرت کے مظاہر اور

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

دستیاب وسائل کو انسانی فلاح اور بہبود کے لیے استعمال میں لانے کی دعوت دیتا ہے۔

چونکہ اسلام ایک عملی دین ہے اس لیے جس تعلیم کی یہ تلقین کرتا ہے اس کی بنیاد دلیل، مشاہدہ، تجربہ اور نتائج کے اخذ کرنے پر ہوتی ہے۔ قرآن شریف کی بہت سی آیات میں اس کے واضح اشارات ملتے ہیں:

☆ اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ ترجمہ: کیا وہ نہیں دیکھتے۔

☆ اَفَلَا یَتَفَکَّرُوْنَ ترجمہ: کیا وہ غور نہیں کرتے۔

☆ اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ ترجمہ: کیا وہ تدبر نہیں کرتے۔

قرآن حکیم کی مختلف آیات میں علم اور اس کی فضیلت کا بار بار ذکر کیا گیا ہے۔ بلکہ وحی الٰہی کا آغاز ہی ایک ایسی سورت سے ہوا جس میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو صیغہ امر (حکمیہ) میں پڑھنے کے بارے میں ارشاد فرمایا گیا۔

ترجمہ: پڑھ ساتھ نام پروردگار اپنے کے جس نے پیدا کیا۔ پیدا کیا انسان کو جمے ہوئے خون سے۔ پڑھ اور پروردگار تیرا بہت کرم کرنے والا ہے۔ جس نے قلم سے تعلیم دی۔ انسان کو وہ علم دیا جسے وہ نہ جانتا تھا۔ (سورۃ العلق، آیت: 1تا5)

قرآنی آیات کی طرح متعدد احادیث میں بھی علم اس کی اہمیت اور مسلمانوں پر اس کی فرضیت کو بیان کیا گیا ہے۔ مثلاً حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہر مسلمان مرد و عورت پر علم حاصل کرنا فرض ہے۔ اسی طرح ایک اور حدیث ہے "گود (پنگوڑے) سے قبر تک علم حاصل کرو۔"

ارشاد باری تعالیٰ ہے: "اور ہم نے ہر چیز سے جوڑا پیدا کیا ہے تاکہ تم سمجھو۔"

انسان اور دیگر جانداروں میں تو ہم ہر جنس کے جوڑے جوڑے کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ تاہم سائنسدان بتلاتے ہیں کہ چھوٹے سے چھوٹے کیڑے مکوڑے سے لے کر سمندر کی بڑی بڑی مخلوق تک ہر چیز کو اللہ تعالیٰ نے جوڑا جوڑا پیدا کیا ہے۔ نر و مادہ کے جوڑے سے ہی آگے حیوانات یا نباتات کی نسل چلتی ہے۔

اگر انسان ان چیزوں میں غور و فکر کریں، تو اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی وحدانیت سمجھ میں آسکتی ہے تاکہ ہم نصیحت حاصل کریں۔ سورۃ الکہف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

ترجمہ: فرما دیجیے کہ اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لیے سمندر (کا پانی) روشنائی (کی جگہ) ہو تو میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے (اور باتیں احاطہ میں نہ آئیں) اگرچہ اس

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(سمندر) کی مثل ایک دوسرا سمندر (اس کی) مدد کے لیے ہم لے آئیں۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ انسانی علم و عقل حقائق اشیاء کے ادراک سے عاجز ہے۔

سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد ہوتا ہے: اور تمہیں نہایت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔

بڑے بڑے سائنسدان حقیقت کے علم کا دعویٰ نہیں کر سکتے اور ان کے نظریات آئے دن بدلتے رہتے ہیں۔ قرآن پاک نے ہمیں غور و فکر کی دعوت دی ہے اور یہی سائنس کی بنیاد ہے۔

سوال نمبر 3:- تین پاکستانی سائنسدانوں کے نام اور اہم کارنامے تحریر کریں؟

جواب: پاکستانی سائنسدان اور ان کے اہم کارنامے:

۱- ڈاکٹر عبدالقدیر خان:

پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ ایٹمی سائنس دان ڈاکٹر عبدالقدیر خان یکم اپریل 1936ء کو بھارت کے شہر بھوپال میں پیدا ہوئے۔

آپ نے کئی خدمات سرانجام دیں' آپ کی خدمات کو سراہتے ہوئے بعد میں کہوٹہ میں ریسرچ لیبارٹریز کا نام آپ کے اعزاز میں "ڈاکٹر اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز" رکھ دیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے دیگر پاکستانی سائنسدانوں کے تعاون سے 28 مئی 1998ء کو بلوچستان میں چاغی کے مقام پر کامیاب نیوکلیئر تجربہ کیا جس کے نتیجے میں پاکستان ایٹمی طاقت بن گیا۔ پاکستانی قوم ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی خدمات کو فراموش نہیں کر سکتی اور دل کی گہرائیوں سے انہیں ہمیشہ سلام پیش کرتی رہے گی۔

۲- ڈاکٹر منیر احمد خان:

ڈاکٹر منیر احمد خان 1926ء میں قصور میں پیدا ہوئے۔ آپ نے اپنی تعلیم پوری کرنے کے بعد 1957ء میں ویانا میں انٹرنیشنل اٹامک ایجنسی میں ملازمت اختیار کی اور 1971ء تک وہیں رہے۔ 20 جنوری 1972ء میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئرمین مقرر ہوئے اور 1990ء میں کمیشن کی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہوئے۔ ان کی سربراہی میں زرعی تحقیق' اٹامک انرجی اور میڈیسن کے شعبوں میں نمایاں ترقی ہوئی۔

۳- ڈاکٹر عطاء الرحمٰن:

ڈاکٹر عطاء الرحمٰن 1942ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔ اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ 1977ء میں حسین ابراہیم جمال انسٹی ٹیوٹ آف کیمسٹری میں "کو ڈائریکٹر" اور پھر 1990ء میں ڈائریکٹر مقرر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

کیے گئے ۔ جہاں انہوں نے میڈیسن سائنس میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں۔ ڈاکٹر عطاء الرحمٰن کے اب تک سوا دو سو سے زائد ریسرچ پیپر شائع ہو چکے ہیں، کئی سائنسدانوں نے اپنی ریسرچ بڑھانے کے لیے ان سے استفادہ کیا۔ ڈاکٹر عطاء الرحمٰن درجنوں ملکی اور بین الاقوامی ایوارڈز حاصل کر چکے ہیں۔

سوال نمبر 4:- ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے بیان کریں؟

جواب: ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے:

ملیریا کنٹرول کرنے کا سب سے اہم جزو مچھر کو مارنا ہے۔ جس کے لیے گھروں میں مچھر مار دوائی کا چھڑکاؤ، غیر ضروری تالابوں اور جوہڑوں کو پر کرنا ہے۔ پانی کے اوپر مٹی کے تیل کا چھڑکاؤ اور انسان رات کو مچھر بھگانے والا تیل ملے، مچھر دانی اور دوسرے طریقے استعمال کرنا چاہئیں۔ کلوروکوئن جیسی دوائی کا استعمال کریں۔

دروازے، کھڑکیاں اور روشن دانوں پر باریک جالی لگا دیں۔ تا کہ مچھر اندر داخل نہ ہو سکیں۔ گھر کے آس پاس گڑھوں میں مٹی ڈال کر بھر دیں تا کہ مچھر پیدا نہ ہو سکیں۔ باقی گڑھوں میں استعمال شدہ موبائل آئل ڈال دیں تا کہ مچھر انڈے نہ دیں۔ گھروں میں مچھر مار سپرے کروائیں۔ سپرے کرواتے وقت تمام سامان کمرے سے باہر نکال لیں اور دو ماہ تک سفیدی یا لپائی نہ کریں۔

حصہ دوم......مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:- (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

۱- غلام قطب الدین ایبک کا مزار......میں ہے۔

۲- ......نے انگریز کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا۔

۳- حضرت شاہ ولی اللہ کا نسب والد کی طرف سے......تک پہنچتا ہے۔

۴- نادر شاہ نے......میں برصغیر پر حملہ کیا۔

۵- ۱۹۳۳ء میں......نے اس جدید اسلامی ریاست کا نام پاکستان تجویز کیا۔

(ب) مختصر جواب دیں؟

۱- دو قومی نظریہ کا کیا مطلب ہے؟

۲- برصغیر میں اشاعتِ اسلام کا پہلا سبب کیا تھا؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۳- برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد کس حکمران نے رکھی؟

۴- قائداعظم نے چودہ نکات کس سن میں پیش کیے؟

۵- علامہ اقبال کے ساتھ کس عالم دین نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کی؟

جواب: (الف) خالی جگہ پُر:

(۱) لاہور' (۲) حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ' (۳) حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ' (۴) 1739ء' (۵) چوہدری رحمت علی خان

(ب) ۱- دو قومی نظریہ:

دو قومی نظریہ سے مراد ہے چونکہ مسلمان اور غیر مسلم دو الگ الگ قومیں ہیں ان کی ثقافت' زبان' رسم ورواج اور انداز زندگی مختلف ہے۔ اس لیے ضروری تھا کہ مسلمان ایک آزاد مملکت میں اپنا الگ ثقافتی' مذہبی وجود قائم رکھ سکیں۔

۲- برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد:

برصغیر میں اسلامی حکومت کی بنیاد 1206ء میں شہاب الدین غوری کے بعد ان کے آزاد کردہ غلام قطب الدین ایبک نے رکھی۔

۳- برصغیر میں اشاعت اسلام کا پہلا سبب:

برصغیر میں اشاعت اسلام کا پہلا سبب اسلامی قوانین کی پاسداری تھا۔

۴- قائداعظم کے چودہ نکات کا سن:

1929ء میں قائداعظم نے چودہ نکات پر مشتمل اصولوں کا ایک خاکہ تیار کیا۔

۵- علامہ اقبال کے ساتھ جس عالم دین نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کی:

ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے ساتھ صدر الافاضل علامہ مولانا سید محمد نعیم مرادآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تقسیم ہند کی تجویز پیش کی۔

سوال نمبر 6: - برصغیر میں اسلامی حکومت کے زوال کے اسباب پر روشنی ڈالیں؟

جواب: برصغیر میں اسلامی حکومت کے زوال کے اسباب:

کسی بھی قوم کے زوال میں بنیادی طور پر اس کی اپنی کمزوریوں کا دخل ہوتا ہے' پھر بیرونی سازشیں اس زوال کو اس کے منطقی نتیجے پر پہنچاتی ہیں۔ اگر ہم برصغیر میں مسلمانوں کے زوال کا سرسری

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جائزہ لیں، تو درج ذیل اسباب سامنے آتے ہیں:

۱- نااہل حکمران ۲- مذہب سے روگردانی

۳- مرکز کی کمزوری کے باعث بیرونی حملے ۴- اقتدار کی جنگ

۵- نئی ایجادات سے ناواقفیت ۶- جذبہ جہاد کی کمی

۷- سستی اور آرام طلبی ۸- امراء کی مفاد پرستی

۹- ہندوؤں کی سازشیں ۱۰- بحری قوت کی عدم موجودگی

۱۱- مرہٹوں اور سکھوں کا عروج ۱۲- اخلاقی انحطاط

۱۳- درباری سازشیں ۱۴- تاجروں کی شکل میں انگریز کی آمد

سوال نمبر 7:- انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟

جواب: انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات:

مسلمانوں کے سامنے دو محاذ تھے برصغیر سے انگریز کے غاصبانہ تسلط کو ختم کرنا اور برصغیر کے مسلمانوں کے لیے دو قومی نظریہ کی بنیاد پر علیحدہ مملکت کا قیام جہاں مسلمان آزادی کے ساتھ اسلامی ثقافت کو فروغ دے سکیں اور اسلامی نظام حکومت قائم ہو سکے۔ ان دو محاذوں میں سے پہلا محاذ آزادی کا تھا، چنانچہ برصغیر کے مسلمانوں نے آزادی ہند کے لیے جدوجہد شروع کر دی۔ اس کی بنیاد سیاسی، معاشرتی، مذہبی اور فوجی وجوہات بھی تھیں جن کی قدرے تفصیل درج ذیل ہے:

مسلمانوں نے اپنے دور اقتدار میں کبھی بھی نسلی امتیاز کی پالیسی پر عمل نہیں کیا تھا لیکن انگریز محکوم اقوام کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور ہر معاملے میں گورے کو کالے پر ترجیح دیتے تھے۔

چونکہ انگریز نے حکومت مسلمانوں سے لی تھی اس لیے وہ مسلمانوں کو اپنا دشمن سمجھتے تھے، وہ اس بات سے ڈرتے تھے کہ کہیں مسلمان دوبارہ اقتدار میں نہ آ جائیں یہی وجہ ہے کہ وہ مسلمانوں کو سیاسی، اقتصادی اور سماجی لحاظ سے کچلنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرتے تھے۔

انگریز حکومت برصغیر کے باشندوں (بالخصوص مسلمانوں) کو عیسائی بنانے میں زیادہ دلچسپی لے رہی تھی۔ حکومت کی سرپرستی میں مشن اسکولوں اور ہسپتالوں میں کھلم کھلا عیسائیت کی تبلیغ کی جاتی تھی۔

سوال نمبر 8:- حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی دو قومی نظریہ کے سلسلے میں مساعی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

اُس وقت کے جید علماء کرام نے اس اتحاد کے خلاف فتوے دیے امام احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ ان علماء میں سرفہرست تھے۔

جس طرح اکبر کے دور میں ہندو مسلم اتحاد کے خلاف حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے آواز اٹھائی اسی طرح امام احمد رضا خاں رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس اتحاد کے خلاف آواز اٹھائی۔ یہ آپ کی بصیرت تھی ورنہ سطحی نظر سے دیکھنے والے علماء اس آواز کو انگریز دوستی پر محمول کرتے تھے۔

شاطر ہندو اور اس کی چال کو سمجھنے کے حوالے سے حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ فتویٰ آپ کی سیاسی بصیرت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

جب ہندوؤں نے گائے کی قربانی سے روکنے کے لیے نہایت شاطرانہ انداز میں مسلمان علماء سے فتویٰ طلب کیا کہ کیا گائے کی قربانی ضروری ہے؟ بظاہر اس کا جواب یہی تھا کہ ضروری نہیں محض جائز ہے اور بڑے بڑے جید علماء ہندوؤں کی اس چال کو سمجھ نہ سکے اور انہوں نے فتویٰ دے دیا کہ ضروری نہیں لیکن امام احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا

"ہم ہندو کو خوش کرنے کے لیے اپنی کوئی قربانی موقوف نہیں کرسکتے۔"

چونکہ آپ جانتے تھے کہ ہندو کیا چاہتا ہے اس لیے آپ نے بصیرت افروز جواب دیا۔ چنانچہ ہندوؤں نے علماء کرام کا یہ فتویٰ لے کر اعلان کر دیا کہ مسلمانوں کے نزدیک بھی گائے کی قربانی ضروری نہیں اور وہی ہوا جس کا خدشہ تھا۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: امام احمد رضا خان قادری بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ اور دو قومی نظریہ:

حضرت مجدد الف ثانی اور حضرت شاہ ولی اللہ رحمہما اللہ کے بعد دو قومی نظریہ کے تحفظ کا سہرا جس عظیم شخصیت کے سر سجتا ہے وہ چودھویں صدی کے مجدد حضرت امام احمد رضا خاں قادری فاضل بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی عظیم شخصیت ہے۔ حضرت امام احمد رضا خاں قادری بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ 14 / جون 1856ء/ 10 شوال 1272ء کو حضرت مولانا نقی علی خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے ہاں پیدا ہوئے جن کا تعلق قندھار کے قبیلہ بڑہیچ سے تھا۔ آپ کے اجداد مغلیہ حکومت کے دور میں لاہور آئے وہاں سے دہلی اور پھر بریلی شریف میں آباد ہو گئے۔

امام احمد رضا خاں اس دور میں پیدا ہوئے تھے جب ہندوستان سے مسلمانوں کا اقتدار ختم ہو چکا تھا اور 1857ء کی تحریک آزادی میں علمائے اہلسنّت تاریخی کردار ادا کرنے کے جرم میں پھانسی کے تختوں پر لٹکائے جا چکے تھے۔

آپ نے چودہ سال کی عمر میں تمام علوم درسیہ معقولہ و منقولہ کی تکمیل کر لی اور فراغت کے دن سے ہی فتویٰ نویسی پر مامور ہو گئے۔ آپ نے تقریباً پچاس علوم و فنون پر سینکڑوں کتب تصنیف کیں بالخصوص آپ کا فتاویٰ رضویہ اسلامی فقہ کا سب سے جامع اور ضخیم انسائیکلوپیڈیا ہے۔

امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ نے علماء عرب سے اور علمائے عرب بالخصوص مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ کے ائمہ نے آپ سے سندات حدیث حاصل کیں۔ آپ نہ صرف یہ کہ انگریز کے سخت مخالف تھے ہندو مسلم اتحاد کو بھی سخت ناپسند کرتے تھے اور دو قومی نظریہ کے عظیم مبلغ تھے۔

پہلی جنگ عظیم کے بعد تقریباً 1919ء میں ترکوں پر انگریزوں کے ظلم و استبداد کے خلاف تحریک خلافت کا آغاز ہوا اور پورے ملک میں انگریز حاکموں کے خلاف ایک شورش برپا ہو گئی۔ اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اور مسلمانوں کے جذبات کو پیش نظر رکھتے ہوئے 1920ء میں گاندھی نے کانگرس کی طرف سے تحریک ترکِ موالات کا اعلان کیا تحریک خلافت اور ترکِ موالات دونوں کی مشترکہ بنیاد انگریزوں کی مخالفت اور ان سے قطع تعلقی تھا۔

اس لیے یہ دونوں تحریکیں ایک دوسرے کے قریب آ گئیں اور انگریزوں کے خلاف ''ہندو مسلم اتحاد'' قائم ہو گیا۔ لیکن اس اتحاد نے مسئلہ کو شرعی اعتبار سے زیادہ نازک بنا دیا ایک طرف انگریزوں سے معاملات بھی ترک کر دیے گئے اور دوسری طرف ہندوؤں سے معاملات اور دوستی تک قائم کر دی گئی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

اُس وقت کے جید علماء کرام نے اس اتحاد کے خلاف فتوے دیئے امام احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ ان علماء میں سرفہرست تھے۔

جس طرح اکبر کے دور میں ہندو مسلم اتحاد کے خلاف حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے آواز اٹھائی اسی طرح امام احمد رضا خاں رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس اتحاد کے خلاف آواز اٹھائی۔ یہ آپ کی بصیرت تھی ورنہ سطحی نظر سے دیکھنے والے علماء اس آواز کو انگریز دوستی پر محمول کرتے تھے۔

شاطر ہندو اور اس کی چال کو سمجھنے کے حوالے سے حضرت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ عمل آپ کی سیاسی بصیرت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

جب ہندوؤں نے گائے کی قربانی سے روکنے کے لیے نہایت شاطرانہ انداز میں مسلمان علماء سے فتویٰ طلب کیا کہ کیا گائے کی قربانی ضروری ہے؟ بظاہر اس کا جواب یہی تھا کہ ضروری نہیں محض جائز ہے اور بڑے بڑے جید علماء ہندوؤں کی اس چال کو سمجھ نہ سکے اور انہوں نے فتویٰ دے دیا کہ ضروری نہیں لیکن امام احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا:

''ہم ہندو کو خوش کرنے کے لیے گائے کی قربانی موقوف نہیں کر سکتے۔''

چونکہ آپ جانتے تھے کہ ہندو کیا چاہتا ہے اس لیے آپ نے بصیرت افروز جواب دیا۔ چنانچہ ہندوؤں نے علماء کرام کا یہ فتویٰ لے کر اعلان کر دیا کہ مسلمانوں کے نزدیک بھی گائے کی قربانی ضروری نہیں اور وہی ہوا جس کا خدشہ تھا۔

☆☆☆

H_M_Hashain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول...... قرآن مجید

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے کوئی سے چھ (6) اجزا کا ترجمہ کریں؟ ۶۰=۶×۱۰

(۱) یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۝

(۲) وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَاۤ اُولٰٓىٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ۝

(۳) ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ۝

(۴) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۝

(۵) وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

(۶) قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآىٕكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًاۚ

(۷) اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلَا تُسْــٴَـلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ۝

(۸) وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَؕ ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ۝

(۹) وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَیْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ۝

(۱۰) وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِیْلًا مَّا یُؤْمِنُوْنَ۝

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے صرف پانچ (5) الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟ ۱۰=۲×۵

مُطَهَّرَةٌ، عَدْلٌ، اَلْعِجْلَ، قِرَدَةً، دِیَارٍ، اَلْفَ، مُحْسِنٌ، اَلْفُلْكِ

حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے تین اجزا کا جواب لکھیں؟

(الف) علم تجوید کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں؟ ۱۰

(ب) خوش آوازی سے قرآن پاک پڑھنا کیسا ہے تفصیل سے لکھیں؟ ۱۰

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

(ج) درج ذیل میں سے کوئی سے دو حرفوں کے مخارج تحریر کریں؟ ۱۰

ش، ن، ط، ع

(د) نون ساکن نون تنوین اور میم ساکن کے کتنے اور کونسے قاعدے ہیں؟ ۱۰

☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء سال 2022

پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزا کا ترجمہ کریں؟

(۱) یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۝

(۲) وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ۝

(۳) ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِیْنَ۝

(۴) یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِؕ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ۝

(۵) وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌؕ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

(۶) قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًاۚ

(۷) اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ۝

(۸) وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَؕ ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ۝

(۹) وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَیْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ۝

(۱۰) وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِیْلًا مَّا یُؤْمِنُوْنَ۝

جواب: اجزاء کا ترجمہ:

۱- اے لوگو! اپنے رب کی عبادت کرو، جس نے تمہیں اور تم سے پہلے لوگوں کو پیدا کیا۔ اس امید پر کہ تم متقی بن جاؤ۔

۲- اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی تکذیب کی، وہی لوگ دوزخی ہیں اور وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔

۳- اس (عہد) کے بعد پھر تم نے اعراض کیا، سو اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم ضرور نقصان اُٹھانے والوں میں سے ہو جاتے۔

۴- اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعے مدد طلب کرو۔ بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۵-اور جب آپ سے میرے بندے میرے متعلق سوال کریں تو بے شک میں دعا قبول کرتا ہوں جب کوئی پکارنے والا مجھ سے مانگے۔

۶-انہوں نے کہا: ہم آپ کے معبود کی عبادت کریں گے۔اور آپ کے باپ دادا' ابراہیم اور اسمٰعیل اور اسحٰق کے معبود کی' جو ایک معبود ہے۔

۷-بے شک ہم نے آپ کو حق کے ساتھ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔اور جہنمیوں کے متعلق آپ سے کوئی سوال نہیں کیا جائے گا۔

۸-اور تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو' پھر تم میں سے چند لوگوں کے علاوہ تم سب (اس عہد سے) منحرف ہو گئے اور تم ہو ہی منہ موڑنے والے۔

۹-اور جب ہم نے تمہارے لیے سمندر کو چیر دیا' پھر ہم نے تم کو نجات دی اور ہم نے آل فرعون کو غرق کیا اور تم دیکھ رہے تھے۔

۱۰-اور (یہود نے) کہا: ہمارے دلوں پر غلاف ہیں۔ بلکہ ان کے کفر کی وجہ سے اللہ نے ان پر لعنت فرمائی ہے۔سو ان میں بہت تھوڑے ایمان لاتے ہیں۔

سوال نمبر 2:-درج ذیل الفاظِ قرآنیہ کے معانی لکھیں؟

مُطَهَّرَةٌ' عَدْلٌ' اَلْعِجْلَ' قِرَدَةً' دِيَارٌ' اَلْفَ' مُحْسِنٌ' اَلْفُلْكِ

جواب: الفاظ قرآنیہ کے معانی:

۱-پاک'۲-انصاف'۳-بچھڑا'۴-بندر'۵-بستی/شہر'۶-ہزار'۷-احسان کرنے والا'۸-کشتی

حصہ دوم......تجوید

سوال نمبر3:-درج ذیل اجزا کا جواب لکھیں؟

(الف) علم تجوید کی تعریف' موضوع اور غرض تحریر کریں؟

(ب) خوش آوازی سے قرآن پاک پڑھنا کیسا ہے تفصیل سے لکھیں؟

(ج) درج ذیل میں سے کوئی سے دو حرفوں کے مخارج تحریر کریں؟

ش' ن' ط' ع

(د) نون ساکن نون تنوین اور میم ساکن کے کتنے اور کونسے قاعدے ہیں؟

جواب: اجزاء کے جواب:

(الف) فن تجوید کی تعریف:

تجوید کا لغوی معنیٰ ستھرا کرنا' یا کھرا کرنا ہے' اور اس کی اصطلاحی تعریف ہے: حروف کو ان کے مخارج

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

سے صفات لازمہ اور عارضہ کے ساتھ ادا کرنا۔

موضوع: فن تجوید کا موضوع حروف تہجی ہیں۔

غرض وغایت: قرآن کریم کو صحیح پڑھنا، اس فن کا حصول ہر مسلمان پر واجب ہے، اور کتابی صورت میں اس کا حصول فرض کفایہ ہے۔

(ب) خوش آوازی کے ساتھ قرآن حکیم کا پڑھنا سنت ہے:

قرآن کریم کو خوش آوازی اور لب ولہجہ میں پڑھنا مسنون ہے۔ اس طرح پڑھنے سے قرآن کریم کے حسن وتاثیر میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے بشرطیکہ خوش آوازی اور لہجہ پیدا کرنے سے قواعد تجوید نہ بگڑیں ورنہ قرآن خوانی میں ایسی خوش آوازی جس سے قواعد بگڑیں، قطعاً ممنوع ہے۔

قرآن میں ہے:

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًاؕ

ترتیل کا معنیٰ ہے: خفض الصوت و تحسين الصوت۔

ترجمہ: پڑھائی کے وقت آواز کو پست اور ہلکا کرنا اور خوش آوازی سے پڑھنا۔ (المنجد)

ایسی خوش آوازی جس سے قواعد بگڑیں قطعاً ممنوع ہے۔

۱- حدیث: زينوا القراٰن باصواتكم .

ترجمہ: قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے آراستہ کرو۔ (ابوداؤد ونسائی)

۲- حدیث: لكل شیء حلية وحلية القراٰن حسن الصوت .

ترجمہ: ہر چیز کے لیے ایک زیور ہوتا ہے اور قرآن کا زیور خوش آوازی ہے۔

۳- حدیث: حسنو القراٰن باصواتكم فان الصوت الحسن يزيد القراٰن حسناً .

ترجمہ: قرآن کریم کو اپنی آوازوں سے خوبصورت کرو۔ تحقیق اچھی آواز قرآن کے حسن میں اضافہ کرتی ہے۔

۴- حدیث: اقرؤا القراٰن بلحون العرب واصواتها .

ترجمہ: قرآن کریم کو عرب کے لب ولہجہ اور آواز سے پڑھو۔ (طبرانی وبیہقی)

اس قسم کی کئی اور احادیث اور واقعات ایسے ملتے ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن پاک کو قواعد تجوید کی رعایت کر کے حسن صوت اور عربی لب ولہجہ میں پڑھنا عین سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے طریقہ کے عین مطابق ہے۔

H_M_Hashaim_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ج):

حروف	مخارج
ش:	وسط زبان اور وسط تالو
ن:	زبان کا کنارہ انیاب سے ثنایا تک مقابل کا تالو
ط:	نوک زبان اور ثنایا علیا کی جڑیں
ع:	وسط حلق/حلق کا درمیانہ حصہ

(د) نون ساکن اور نون تنوین کے قاعدے:

نون ساکن اور نون تنوین کے چار قاعدے ہیں:

۱-اظہار، ۲-ادغام، ۳-قلب، ۴-اخفاء

میم ساکن کے قاعدے:

میم ساکن کے تین قاعدے ہیں:

۱-ادغامِ شفوی، ۲-اخفائے شفوی، ۳-اظہارِ شفوی۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول......عقائد

سوال نمبر 1:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) ہمارے افعال کا خالق کون ہے؟

(ب) اللہ تعالیٰ کے واجب الوجود ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(ج) کرامت کسے کہتے ہیں؟

(د) نبی کون ہوتا ہے؟

(ہ) آسمانی کتابوں کے نام تحریر کریں؟

(و) تقدیر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) کون سی پانچ علامات قیامت تحریر کریں؟

(ب) قیامت کے دن کون کون شفاعت کرے گا؟

(ج) لواء الحمد سے کیا مراد ہے؟

(د) خلفائے راشدین کے نام تحریر کریں؟

(ہ) پیر میں کن باتوں کا ہونا ضروری ہے؟

(و) اہل بیت میں کون لوگ داخل ہیں؟

حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) سایہ اصلی سے کیا مراد ہے؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) نماز کے فرائض تحریر کریں؟

(ج) سجدۂ سہو کب لازم ہوتا ہے؟

(د) ایک مقتدی کہاں کھڑا ہوگا؟

(ہ) بچے کو کس عمر میں نماز کا حکم دیا جائے؟

(و) وضو کا طریقہ تحریر کریں؟

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟ ۲۵=۵×۵

(الف) خچر کے جوٹھے کا حکم تحریر کریں؟

(ب) شہد کو پاک کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

(ج) نجاست غلیظہ کیا چیزیں ہیں؟

(د) غسل کے فرائض تحریر کریں؟

(ہ) موزوں پر مسح کا طریقہ تحریر کریں؟

(و) وضو کے بچے ہوئے پانی کا حکم تحریر کریں؟

☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء سال 2022

دوسرا پرچہ: عقائد و فقہ

حصہ اوّل: عقائد

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) ہمارے افعال کا خالق کون ہے؟

(ب) اللہ تعالیٰ کے واجب الوجود ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(ج) کرامت کسے کہتے ہیں؟

(د) نبی کون ہوتا ہے؟

(ہ) آسمانی کتابوں کے نام تحریر کریں؟

(و) تقدیر کسے کہتے ہیں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) خالق افعال: جس طرح اللہ تعالیٰ اس دنیا اور اس میں موجود تمام چیزوں کا خالق ہے اسی

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

طرح ہم جو بھی افعال سرانجام دیتے ہیں' ان کا خالق بھی اللہ تعالیٰ ہے۔

(ب) واجب الوجود ہونے کا مطلب: عالم کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے یعنی واجب الوجود۔ وہ اپنے وجود میں کسی کا محتاج نہیں' کیونکہ اگر وہ واجب الوجود نہ ہو' تو پھر وہ خود عالم میں شمار ہوگا' اور عالم کا پیدا کرنے والا نہ ہوگا۔

(ج) کرامت: ولی سے جو فعل خلاف عادت صادر ہو' اسے کرامت کہتے ہیں۔

(د) نبی کی تعریف: نبی وہ بشر ہے جس کے پاس وحی یعنی خدا کا پیغام آیا ہو۔ لوگوں کو خدا کا راستہ بتانے کے لیے خواہ یہ پیغام نبی کے پاس فرشتہ لے کے آیا ہو یا خود نبی کو اللہ عزوجل کی طرف سے علم ہوا ہو۔ کئی نبی اور کئی فرشتے رسول ہیں۔ نبی سب مرد تھے نہ کوئی جن نبی ہوا اور نہ کوئی عورت نبی ہوئی۔

(ہ) آسمانی کتب: مشہور آسمانی کتب کے نام یہ ہیں:

۱-توراۃ' ۲-زبور' ۳-انجیل' ۴-قرآن مجید

(و) تقدیر کا مطلب: جو کچھ عالم میں ہونے والا تھا اور جو کچھ بندے کرنے والے تھے اس کو اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی جان لیا' کسی کی قسمت میں بھلائی لکھی اور کسی کی قسمت میں برائی لکھی۔ اس کے لکھ دینے نے بندہ کو مجبور نہیں کر دیا کہ جو اللہ تعالیٰ نے لکھ دیا وہ بندہ کو مجبوراً کرنا پڑتا ہے بلکہ بندہ جیسا کرنے والا تھا ویسا ہی اس نے لکھ دیا۔ اگر کوئی شخص نیکی کرنے والا تھا تو اس کے لیے بھلائی لکھ دی اور اگر وہ برائی کرنے والا تھا تو اس کے حق میں برائی لکھ دی۔

مسئلہ تقدیر پر زیادہ غور وخوض اور بحث کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ آدمی پتھر کی طرح مجبور محض نہیں ہے کہ اس کا ارادہ کچھ ہو نہیں سکتا بلکہ اللہ تعالیٰ نے بندہ کو ایک حد تک اختیار دیا ہے کہ ایک کام چاہے کرے یا نہ کرے اور اسی اختیار کی بنیاد پر برائی سے اجتناب اور نیکی کرنے کا بھی اسے اختیار حاصل ہے۔

سوال نمبر 2:- درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) کون سی پانچ علامات قیامت تحریر کریں؟

(ب) قیامت کے دن کون کون شفاعت کرے گا؟

(ج) لواء الحمد سے کیا مراد ہے؟

(د) خلفائے راشدین کے نام تحریر کریں؟

(ہ) پیر میں کن باتوں کا ہونا ضروری ہے؟

(و) اہل بیت میں کون لوگ داخل ہیں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) قیامت کی پانچ علامات: ۱-لونڈی اپنے آقا کو جنم دے گی۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

۲-زکوٰۃ کو ٹیکس سمجھا جائے گا۔

۳-نافرمان لوگوں کی بھرمار ہوگی۔

۴-زنا عام ہوگا۔

۵-عورتوں کی کثرت ہوگی۔

(ب) قیامت کے دن شفاعت کرنے والے لوگ: قیامت کے دن گناہگار لوگوں کے حق میں جو مختلف لوگ شفاعت کریں گے، وہ یہ ہیں:

انبیاء کرام، شہداء، اولیاء، علماء اور قرآن کریم۔ ان کے علاوہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت عمومی بھی ہوگی اور خصوصی بھی۔

(ج) لواء الحمد: یہ ایک خوبصورت جھنڈا ہوگا، جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسول رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں دیا جائے گا، قیامت کے دن سب لوگ اس کے نیچے ہوں گے۔ اس جھنڈے کو لواء الحمد کہا جاتا ہے۔

(د) خلفائے راشدین کے نام: پہلے خلیفہ حضرت ابوبکر صدیق، دوسرے خلیفہ حضرت عمر فاروق، تیسرے خلیفہ حضرت عثمان غنی اور چوتھے خلیفہ حضرت علی رضی اللہ عنہم ہیں۔

(ہ) جن باتوں کا پیر میں ہونا ضروری ہے: ا-سنی صحیح العقیدہ ہو۔

۲-اس کا سلسلہ نسبت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہو۔

۳-مسائل ضروریہ کا عالم ہو۔ اور کتابوں سے مسائل ضروریہ نکالنے پر قدرت رکھتا ہو۔

۴-فاسق و فاجر نہ ہو، کیونکہ فاسق کی توہین واجب ہے جبکہ پیر کی تعظیم واجب۔ لہٰذا تارکِ صوم وصلوٰۃ اور فاسق خواہ وہ سید ہی کیوں نہ ہو، پیر ہرگز نہیں ہوسکتا۔

(و) اہل بیت میں شامل لوگ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، اولادِ علی و فاطمہ اور اولادِ صحابہ رضی اللہ عنہم۔

حصہ دوم......فقہ

سوال نمبر 3:-درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) سایہ اصلی سے کیا مراد ہے؟

(ب) نماز کے فرائض تحریر کریں؟

(ج) سجدۂ سہو کب لازم ہوتا ہے؟

(د) ایک مقتدی کہاں کھڑا ہوگا؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ہ) بچے کو کس عمر میں نماز کا حکم دیا جائے؟

(و) وضو کا طریقہ تحریر کریں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) اصلی سایہ سے مراد: اصلی سایہ سے مراد وہ سایہ ہے جو ٹھیک دوپہر کے وقت ہوتا ہے۔ اس کے بعد سایہ جوں ہی بڑھنے لگے تو سمجھ لو کہ ظہر کا وقت شروع ہو گیا ہے۔

(ب) فرائض نماز: فرائض نماز سات ہیں:

۱۔ تکبیر تحریمہ، ۲۔ قیام، ۳۔ قرأت، ۴۔ رکوع، ۵۔ سجود، ۶۔ قعدہ آخیرہ، ۷۔ خروج بصنعہ۔

(ج) سجدہ سہو کا واجب ہونا: جو چیزیں نماز میں واجب ہیں ان میں سے اگر کوئی بھولے سے چھوٹ جائے، تو اس کی کمی کو پورا کرنے کے لیے سجدۂ سہو واجب ہو جاتا ہے۔

(د) مقتدی کا کھڑا ہونا: اگر صرف ایک ہی مقتدی ہو تو وہ امام کے دائیں طرف برابر کھڑا ہو۔

(ہ) بچے کے لیے نماز کا حکم: جب بچے کی عمر سات سال ہو جائے، تو اسے نماز پڑھنے کی ترغیب دی جائے اور جب دس سال کا ہو جائے تو اسے مار کر نماز پڑھائی جائے۔

(و) طریقہ وضو: سب سے پہلے نیت وضو کر کے بسم اللہ پڑھیں پھر دونوں ہاتھ دھوئیں۔ پھر مسواک کر کے تین بار کلی کریں۔ پھر تین بار ناک میں پانی ڈال کر اسے صاف کریں۔ پھر تین بار چہرے کو پیشانی کے بالوں سے لے کر کان کی لو تک دھوئیں۔ اس کے بعد کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھوئیں، پھر چوتھائی سر کا مسح کر کے دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھوئیں، ہر اعضاء کو تین بار دھویا جائے۔ وضو کے خاتمہ پر یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ.

سوال نمبر 4: درج ذیل اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) خچر کے جوٹھے کا حکم تحریر کریں؟

(ب) شہد کو پاک کرنے کا طریقہ تحریر کریں؟

(ج) نجاست غلیظہ کیا چیزیں ہیں؟

(د) غسل کے فرائض تحریر کریں؟

(ہ) موزوں پر مسح کا طریقہ تحریر کریں؟

(و) وضو کے بچے ہوئے پانی کا حکم تحریر کریں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

(الف) خچر کا جوٹھا: خچر کا جوٹھا مشکوک ہے یعنی اس کے قابل وضو ہونے میں شک ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(ب) شہد پاک کرنے کا طریقہ: شہد کو پاک کرنے کے لیے اس میں شہد کی مقدار سے زیادہ پانی ڈال کر آگ پر اتنا پکائیں کہ تمام پانی خشک ہو جائے اور شہد باقی رہ جائے۔ یہ عمل تین بار دہرانے سے شہد پاک ہو جائے گا۔

(ج) نجاست غلیظہ چیزیں: پیشاب، پاخانہ، بہتا خون، پیپ، منہ بھر کر قے، دکھتی آنکھ کا کیچڑ پانی، دودھ پینے والے بچے کا پیشاب، مرد یا عورت کی منی، حرام جانوروں کا پاخانہ، حلال جانوروں کا پاخانہ، ہاتھی کے سونڈ کا پانی، درندہ جانوروں کا تھوک، شراب، نشہ لانے والی تاڑی، سانپ کا پاخانہ، مردار کا گوشت وغیرہ۔

(د) غسل کے فرائض: غسل کے تین فرائض ہیں:

(۱) منہ میں حلقوم تک پانی داخل کرنا۔

(۲) ناک میں سخت ہڈی تک پانی ڈالنا۔

(۳) تمام جسم پر پانی کا بہادینا کہ ایک بال تک بھی خشک نہ رہے۔

(ہ) موزوں پر مسح کا طریقہ: موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دائیں موزے کے ظاہر پر دائیں ہاتھ کی درمیانی تین انگلیوں کو پاؤں کی انگلیوں سے کھینچتے ہوئے پنڈلیوں تک لائیں۔ پھر اسی طرح بائیں پاؤں پر مسح کیا جائے۔ اس کے دو فرائض ہیں: (الف) تین انگلیوں کے برابر ہونا، (ب) موزے کی پیٹھ یعنی ظاہر ہونا۔

موزوں پر مسح خواتین وحضرات سب کے لیے جائز ہے۔ مسافر کے لیے تین دن تین رات اور مقیم کے لیے ایک دن ایک رات جائز ہے۔ اس کا آغاز وضو ٹوٹنے سے ہوگا۔

(و) وضو کے بچے پانی کا حکم: وضو کرنے کے بعد جو پانی بچ جائے اسے کھڑا ہو کر پی لینا چاہیے، کیونکہ یہ بیماریوں کے لیے شفاء اور مستحب عمل ہے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان شهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1443ھ 2022ء

تیسرا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی سے دو دو سوالات حل کریں۔

حصہ اول: میزان الصرف ومنشعب

سوال نمبر 1:- (الف) فعل ماضی مطلق کی تعریف اور بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) "اَلْفَتْحُ" مصدر سے مکمل صرف صغیر تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 2:- (الف) اسم فاعل بنانے کا طریقہ بیان کریں نیز اسم مفعول کی گردان تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) رباعی مزید فیہ کی تعریف مع مثال تحریر کریں نیز ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ کے ابواب تحریر کریں؟ ۱۵=۱۰+۵

سوال نمبر 3:- (الف) ماضی استمراری کی تعریف قلمبند کریں نیز ماضی بعید کی گردان تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) سہ اقسام کی تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟ ۱۵=۵×۳

حصہ دوم: صرف بهتر ال

سوال نمبر 4:- (الف) درج ذیل عبارت کا ترجمہ کریں نیز عبارت میں مذکور قانون کی مثالیں بھی دیں؟ ۱۰=۵+۵

ہر نون تنوین وقت دخول الف لام واضافت ونون تثنیہ وجمع بوقت اضافت ساقط میشود۔

(ب) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت بیان کریں؟ ۱۵=۵×۳

سوال نمبر 5:- (الف) ضَارِبٌ، ضَرَبْتُ، يَضْرِبُ میں سے دو کی بنائیں تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مع امثلہ لکھیں؟ ۱۵=۵×۳

صحیح، ناقص، اسم ظرف، خماسی مجرد، امر

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر 6:- (الف) ''قانون'' کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں نیز تصغیر بنانے کا طریقہ مع مثال بیان کریں؟ ۱۵=۱۰+۵

(ب) راس اور میزان والا قانون مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۰=۵+۵

☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء سال 2022

تیسرا پرچہ: صرف

حصہ اول: میزان الصرف و منشعب

سوال نمبر 1:- (الف) فعل ماضی مطلق کی تعریف اور بنانے کا طریقہ تحریر کریں؟

(ب) ''اَلْفَتْحُ'' مصدر سے مکمل صرف صغیر تحریر کریں؟

جواب: (الف) ماضی مطلق کی تعریف: ماضی وہ فعل ہے جو گزشتہ زمانہ پر دلالت کرے اس میں قریب یا دور کا ذکر نہ ہو جیسے ضَرَبَ۔

ماضی مطلق بنانے کا قاعدہ:

ضَرَبَ کو ضَرْبًا سے بناتے ہیں، وہ اس طرح کہ پہلے حرف کو اپنے حال پر رکھا، دوسرے کو فتحہ دیا اور آخر سے تنوین تمکن علامتِ اسمیت کو حذف کر کے مبنی بر فتحہ کیا تو ضَرَبَ ہو گیا۔ باقی صیغے ضَرَبَ سے بنتے ہیں۔

(ب) اَلْفَتْحُ سے صرف صغیر:

فَتَحَ يَفْتَحُ فَتْحًا فَهُوَ فَاتِحٌ وَفُتِحَ يُفْتَحُ فَتْحًا فَذَالِكَ مَفْتُوْحٌ

لَمْ يَفْتَحْ لَمْ يُفْتَحْ لَا يَفْتَحُ وَلَا يُفْتَحُ لَنْ يَفْتَحَ لَنْ يُفْتَحَ

اَلْاَمْرُ مِنْهُ — اِفْتَحْ لِتُفْتَحْ لِيَفْتَحْ لِيُفْتَحْ

وَالنَّهْيُ عَنْهُ — لَا تَفْتَحْ لَا تُفْتَحْ لَا يَفْتَحْ لَا يُفْتَحْ

اَلظَّرْفُ مِنْهُ — مَفْتَحٌ مَفْتَحَانِ مَفَاتِحُ مُفَيْتِحٌ

والآله منه — مِفْتَحٌ مِفْتَحَانِ مَفَاتِحُ مُفَيْتِحَةٌ

مِفْتَحَةٌ مِفْتَحَتَانِ مَفَاتِحُ مُفَيْتِحَةٌ

مِفْتَاحٌ مِفْتَاحَانِ مَفَاتِيْحُ مُفَيْتِيْحٌ مُفَيْتِيْحَةٌ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

اَفْعَلُ التَّفْضِیلِ مذکر مِنْهُ اَفْتَحُ اَفْتَحَانِ اَفْتَحُوْنَ اَفَاتِحُ

وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ فُتْحٰی فُتْحَیَانِ فُتْحَیَاتٌ فُتَحٌ وَفُتَیْحٰی

فِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَفْتَحَهٗ وَاَفْتِحْ بِهٖ وَفَتُحَ یَا فَتُحَتْ ۔

سوال نمبر2:-(الف) اسم فاعل بنانے کا طریقہ بیان کریں نیز اسم مفعول کی گردان تحریر کریں؟

(ب) رباعی مزید فیہ کی تعریف مع مثال تحریر کریں نیز ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ کے ابواب تحریر کریں؟

جواب: (الف) اسم فاعل بنانے کا قاعدہ:

ضَارِبٌ کو یَضْرِبُ سے بناتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ یَضْرِبُ سے علامتِ مضارع کو حذف کیا اور فاء کلمہ کو فتحہ دیا۔ فاء کلمہ کے بعد الف علامتِ فاعل لگائیں گے۔ عین کلمہ کو کسرہ دیا اور لام کلمہ پر تنوین تمکن علامتِ اسمیت زیادہ کی تو ضَارِبٌ بن گیا۔

گردانِ اسم مفعول:

مَضْرُوْبٌ	مَضْرُوْبَانِ	مَضْرُوْبُوْنَ
مَضْرُوْبَةٌ	مَضْرُوْبَتَانِ	مَضْرُوْبَاتٌ

(ب) رباعی مزید فیہ کی تعریف:

وہ باب کہ جس کی ماضی میں چار حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد بھی ہو جیسے تَفَعْلُلٌ۔

ابواب کے نام:

ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل کے پانچ ابواب ہیں:

(۱) اِفْعَالٌ، (۲) تَفْعِیلٌ، (۳) تَفَاعُلٌ، ۴- تَفَعُّلٌ، (۵) مُفَاعَلَة

سوال نمبر3:-(الف) ماضی استمراری کی تعریف قلمبند کریں نیز ماضی بعید کی گردان تحریر کریں؟

(ب) سہ اقسام کی تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟

ظاہر ہے کہ جب ہم تلاوت ہی نہیں کریں گے تو ہم قرآن کے معانی کو نہیں سمجھ سکتے اور جب قرآن کے معانی و مطالب ہی سمجھ میں نہ آئیں تو قرآن کی تعلیمات پر عمل کیونکر ہو سکے گا۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ ہر روز قرآن پاک کی تلاوت کریں۔ تلاوت کرتے ہوئے یاد رہے کہ جس طرح قرآن کریم کا پڑھنا اور اس کو سمجھ کر اس کی تعلیمات پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح اسے صحیح پڑھنا بھی نہایت ضروری ہے۔ قرآن کریم کو صحیح طریقے سے سمجھنا ہی اس کے صحیح پڑھنے پر موقوف ہے۔ جیسا کہ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" میں "قُلْ" دو نقطوں والے قاف سے ہے جس کے معنی ہیں "کہو! اللہ ایک ہے"۔ لیکن اگر ہم اسے "كُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" یعنی کتاب والے کاف سے پڑھیں گے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ "کھا، اللہ ایک ہے"۔ یعنی حروف کو اس کے صحیح مخرج سے ادا نہ کرنے کے سبب اس کا معنی بالکل تبدیل ہو گیا۔ اس لیے اگر ہم فن تجوید کی طرف دھیان نہیں دیتے تو معاذ اللہ اس قسم کی مزید سنگین غلطیاں ہو سکتی ہیں۔

(ج) درج ذیل میں سے کوئی سے تین حروف کے مخارج قلمبند کریں؟

غ ظ ء ح ج

جواب: حروف اور ان کے مخارج:

غ: ابتدائے حلق۔

ظ: نوک زبان اور ثنایا علیا کے کنارے۔

ء: انتہائے حلق

ح: وسط حلق

ج: وسط زبان اور وسط تالو۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النہائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اہل السنۃ) پاکستان

سالانہ امتحان الشہادۃ الثانویۃ العامۃ ([illegible])

(برائے طلباء) الموافق سنۃ 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے | دوسرا پرچہ: عقائد و فقہ | کل نمبر: 100

نوٹ: تمام سوالات حل کریں؟

حصہ اول...... عقائد

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) تقدیر کیا ہے؟ (ب) کون سی چیزیں قدیم ہیں؟

(ج) ولی کی تعریف تحریر کریں؟ (د) سب سے پہلے نبی کا نام تحریر کریں؟

(ہ) اللہ تعالیٰ نے عالم کو کیوں پیدا کیا؟ (و) اہل بیت میں کون لوگ داخل ہیں؟

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) موت کیا ہے؟ (ب) میزان کیا ہے؟

(ج) منکر نکیر کے سوالات تحریر کریں؟ (د) امامت صغریٰ کسے کہتے ہیں؟

(ہ) قیامت کن لوگوں پر آئے گی؟ (و) کس وقت ایمان لانا بے کار ہے؟

حصہ دوم...... فقہ

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) شرائط نماز تحریر کریں؟ (ب) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟

(ج) غسل کے فرائض؟

(د) پانی کے بارے کافر کی خبر کا کیا حکم ہے؟

(ہ) کافر کے جوٹھے کا حکم تحریر کریں؟

(و) کنویں میں دو بلیاں گر کر مر جائیں تو کتنا پانی نکالا جائے گا؟

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) سجدہ سہو کب واجب ہوتا ہے؟ (ب) تکبیر تحریمہ کس کو کہتے ہیں؟

(ج) مغرب کی نماز کا وقت کیا ہے؟ (د) شرعی معذور کی تعریف تحریر کریں؟

(ہ) کن نمازوں کے لیے اذان کہی جائے گی؟

(و) نجاست خفیفہ کون سی چیزیں ہیں؟

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2024ء

[illegible]

حصہ اوّل [illegible]

سوال نمبر ۱ ۔۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) تقدیر کیا ہے؟

جواب: تقدیر: اللہ تعالیٰ کے علم میں جو کچھ عالم میں ہونے والا تھا اور بندے جو کچھ کرنے والے تھے اسے اللہ تعالیٰ نے پہلے ہی جان کر لکھ لیا۔ کسی کی قسمت میں بھلائی لکھی تو کسی کی قسمت میں برائی۔ اس طرح لکھ دینے نے بندوں کو بالکل پتھر کی طرح مجبور نہیں کر دیا کہ اللہ نے جو لکھ دیا ہے اسے تو وہی کرنا پڑے گا بلکہ بندہ جیسا کرنے والا تھا ویسا ہی اللہ نے لکھ دیا۔ تقدیر کے مسئلہ میں غور و فکر اور بحث کرنے سے منع فرمایا گیا ہے۔

(ب) کون سی چیزیں قدیم ہیں؟

قدیم چیزیں: اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کے علاوہ کوئی چیز قدیم نہیں ہے۔

(ج) ولی کی تعریف تحریر کریں؟

ولی کی تعریف: وہ مومن شخص ہے، جس کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں امتیازی مقام ہو، وہ معصوم تو نہیں ہوتا، مگر اس کا کوئی عمل شریعت کے منافی نہیں ہوتا اور وہ گناہوں سے محفوظ ہوتا ہے اور بعض اوقات اس سے کرامت بھی ظاہر ہو جاتی ہے۔

(د) سب سے پہلے نبی کا نام تحریر کریں؟

پہلے نبی کا نام: سب سے پہلے نبی کا نام حضرت آدم علیہ السلام ہے۔

(ہ) اللہ تعالیٰ نے عالم کو کیوں پیدا کیا؟

عالم کو پیدا کرنے کی غرض: اپنے فضل و عدل کو نمایاں کرنے کی غرض سے اللہ تعالیٰ نے عالم کو پیدا کیا ہے۔ عقیدہ: امورِ الٰہی میں کئی حکمتیں ہیں، خواہ ان کی وجہ ہمارے شعور میں آئے یا نہ آئے، اس کی ایک بڑی حکمت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو دوسری چیز کا سبب بنایا ہے مثلاً آگ کو گرمی، پانی کو برودت کا، آنکھ کو دیکھنے اور کان کو سماعت کا وغیرہ۔ اگر اس کی مشیت ہوتی تو وہ آنکھ میں سننے اور پانی میں گرمی کی تاثیر پیدا کر سکتا تھا۔

(و) اہل بیت میں کون لوگ داخل ہیں؟

اہل بیت: اہل بیت یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں اور اولاد صحابہ کی طرح ان کے بھی

بہت سے فضائل آیات واحادیث میں آئے ہیں۔

سوال نمبر۲:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزا تحریر کریں؟

(الف) موت کیا ہے؟

جواب: موت: روح کا بدن سے نکل جانا موت کہلاتا ہے۔

(ب) میزان کیا ہے؟

میزان: میزان ایک ترازو ہے جس کے دو پلڑے ہوں گے اس پر انسان کے اچھے اور برے اعمال کا وزن قیامت کے روز کیا جائے گا۔

(ج) منکر نکیر کے سوالات تحریر کریں؟

منکر نکیر کے سوالات: میت کو بٹھاتے ہیں اور اس سے یہ تین سوالات کرتے ہیں:

(i) مَنْ رَّبُّكَ؟ (ii) مَا دِيْنُكَ؟

(iii) مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ حَقِّ هٰذَا الرَّجُلِ؟

(د) امامت صغریٰ کسے کہتے ہیں؟

امامت صغریٰ کا مطلب:

امامت صغریٰ نماز کی امامت کو کہتے ہیں۔

(ہ) قیامت کن لوگوں پر آئے گی؟

جن لوگوں پر قیامت آئے گی: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات کے چالیس سال بعد جب قیامت آئے گی اس وقت ایک ٹھنڈی خوشبودار ہوا چلے گی جس کا گزر لوگوں کی بغلوں کے نیچے سے ہوگا۔ اس کا اثر یہ ہوگا کہ تمام مسلمانوں کی روح جسم سے نکل جائے گی اور صرف کافر ہی کافر رہ جائیں گے۔ لہٰذا یہ قیامت ان کافروں پر آئے گی۔

(و) کس وقت ایمان لانا بے کار ہے؟

جس وقت ایمان لانا بے کار ہوگا: جب آدمی کی موت کا وقت نزدیک آتا ہے تو اسے اپنے دائیں اور بائیں جانب فرشتے ہی فرشتے نظر آتے ہیں۔ اگر مسلمان ہو تو اس کے پاس رحمت کے فرشتے ہوتے ہیں۔ اگر آدمی کافر ہو تو اس کے پاس عذاب کے فرشتے ہوتے ہیں۔ اس وقت کافر کو اسلام کی حقانیت کا یقین ہو جاتا ہے اس وقت اس کا ایمان لانا بے کار ہوتا ہے۔

حصہ دوم...... فقہ

سوال نمبر۳:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) شرائط نماز تحریر کریں؟

جواب: نماز کی شرائط: نماز کی چھ شرائط ہیں

(i) نمازی کے جسم، کپڑوں اور جگہ کا پاک ہونا۔ (ii) ستر عورت یعنی مرد کے لیے ناف سے گھٹنوں تک اور عورت کا تمام جسم کو چھپانا ما سوائے دو ہاتھوں چہرے اور دونوں پاؤں کے۔ (iii) وقت کا ہونا یعنی وقت سے پہلے نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔ (iv) استقبال قبلہ یعنی کعبہ کی طرف منہ کرنا۔ (v) نیت کرنا یعنی نماز ادا کرنے کا دلی طور پر قصد کرنا۔ (vi) تکبیر تحریمہ یعنی نماز شروع کرتے وقت تکبیر کہنا۔

(ب) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟

طریقہ تیمم: بسم اللہ کہہ کر تیمم کی نیت کرے، پھر زمین کی قسم میں سے کسی پاک چیز پر ہاتھ مارے، پھر اسے الٹ دے، اگر زیادہ گرد لگی ہو تو اسے جھاڑ لے اور پھر چہرے کا مسح کرے۔ پھر دوسری مرتبہ اسی طرح ہاتھ مار کر ناخن سے کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کا مسح کرے، تیمم ہو گیا۔ اس میں سر اور پاؤں کا مسح نہیں کیا جاتا۔

(ج) غسل کے فرائض

غسل کے فرائض: غسل کے تین فرائض ہیں:

۱۔ کلی کرنا، ۲۔ ناک میں پانی ڈالنا، ۳۔ تمام جسم کو ایک بار اس طرح تر کرنا کہ ایک بال برابر بھی جگہ خشک نہ رہے۔

(د) پانی کے بارے کافر کی خبر کا کیا حکم ہے؟

کافر کی خبر کا حکم: کافر کی خبر کا حکم یہ ہے پانی پاک ہوگا کہ یہ اس کی اصلی حالت ہے۔

(ہ) کافر کے جوٹھے کا حکم تحریر کریں؟

کافر کے جوٹھے کا شرعی حکم: کافر کا جوٹھا پاک ہے مگر اس سے بچنا چاہیے جیسے تھوک پاک ہے لیکن آدمی اس سے گھن کرتا ہے اس سے بہت بدتر کافر کے جوٹھے کو سمجھنا چاہیے۔

(و) کنویں میں دو بلیاں گر کر مر جائیں تو کتنا پانی نکالا جائے گا؟

پانی نکالنے کی مقدار: دو بلیاں گر کر مر جائیں تو سارا پانی نکالا جائے۔

سوال نمبر ۴:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) سجدہ سہو کب واجب ہوتا ہے؟

جواب: سجدہ سہو کا واجب ہونا: نماز میں جو واجب چیزیں ہیں ان میں سے اگر کوئی بھولے سے چھوٹ جائے، تو اس کمی کو پورا کرنے کے لیے سجدہ سہو کرنا واجب ہوتا ہے۔

(ب) تکبیر تحریمہ کس کو کہتے ہیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

تکبیر تحریمہ کا معنیٰ: نیت کے وقت جو اللہ اکبر کہی جاتی ہے اسے تکبیر تحریمہ کہتے ہیں۔ اس کے کہتے نماز شروع ہو گئی۔

(ج) مغرب کی نماز کا وقت کیا ہے؟

نماز مغرب کا وقت: سورج ڈوبنے کے بعد سے شفق جانے تک مغرب کا وقت ہوتا ہے۔

(د) شرعی معذور کی تعریف تحریر کریں؟

معذور شرعی کی تعریف: وہ آدمی جسے ایسا مرض لاحق ہو وہ ایک وقت میں وضو کر کے مکمل نماز ادا نہ کر تا ہو یعنی وہ ایک وقت کی بھی فرض نماز مکمل نہ کر سکتا ہو وہ معذور شرعی کہلاتا ہے۔ اس کے لیے شرعی حکم یہ ہے کہ وہ ایک دفعہ وضو کر کے ایک وقت کی نماز مکمل کرے گا۔ دوسری نماز کے لیے دوبارہ وضو کرنا ضروری ہے۔

(ہ) کن نمازوں کے لیے اذان کہی جائے گی؟

اذان کہنا: پانچ وقتوں کی فرض نماز کے لیے جس میں جمعہ بھی شامل ہے۔

(و) نجاست خفیفہ کون سی چیزیں ہیں؟

نجاست خفیفہ میں شامل چیزیں: جن جانوروں کا گوشت حلال ہے جیسے گائے، بیل، بھینس، بکری، اونٹ وغیرہ کا پیشاب، گھوڑے کا پیشاب، جس پرندہ کا گوشت حرام ہو خواہ وہ شکاری ہو یا نہ ہو اس کی بیٹ نجاست خفیفہ ہے۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النھائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اھل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشھادة الثانویة العامة (میٹرک۔ سال اول)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے تیسرا پرچہ: صرف کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی سے دو دو سوالات حل کریں؟

حصہ اول...... میزان الصرف و منشعب

سوال نمبر1:۔(الف) فعل ماضی کی تعریف مثال سمیت لکھیں نیز فعل ماضی معروف کی گردان تحریر کریں؟

(ب) ماضی مجہول، ماضی احتمالی اور ماضی تمنائی بنانے کا طریقہ مثالیں دے کر لکھیں؟

سوال نمبر2:۔(الف) فعل نفی تاکید بلن اور فعل نفی جحد بلم بنانے کا طریقہ سپرد قلم کریں؟

(ب) رباعی مجرد کی تعریف مثال دیں کر تحریر کریں نیز ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب کے نام تحریر کریں؟

سوال نمبر3:۔(الف) اسم مفعول بنانے کا طریقہ بیان کریں نیز اسم آلہ کی گردان تحریر کریں؟

(ب) باب فَعَلَ یَفْعَلُ سے مکمل صرف صغیر لکھیں؟

حصہ دوم...... صرف بھترال

سوال نمبر4:۔(الف) مصدر سے مشتق ہونے والی بارہ چیزوں میں سے دس کے نام تحریر کریں؟

(ب) اسم، فعل اور حرف کی تعریفات لکھیں؟

سوال نمبر5:۔(الف) ضَرَبَا، ضَرَبْتُمْ اور مَضْرُوْبٌ میں سے دو کی بنائیں تحریر کریں؟

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالیں دے کر سپرد قلم کریں؟

(۱) فعل لازم (۲) مضاعف ثلاثی (۳) ناقص

(۴) امر (۵) مضارع

سوال نمبر6:۔(الف) صرف بھترال کی روشنی میں ظرف والا قانون تحریر کریں نیز قانون کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم لکھیں؟

(ب) مِیْعَادٌ اور یُوْسَرُ والا قانون مثالوں سمیت تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2024ء

تیسرا پرچہ: صرف

حصہ اول...... میزان الصرف و منشعب

سوال نمبر۱:- (الف) فعل ماضی کی تعریف مثال سمیت لکھیں نیز فعل ماضی معروف کی گردان تحریر کریں؟

جواب: فعل ماضی کی تعریف: فعل ماضی وہ فعل ہے جو گزشتہ زمانہ پر دلالت کرے جیسے نصر

ماضی معروف کی گردان:

نَصَرَ نَصَرَا نَصَرُوْا نَصَرَتْ نَصَرَتَا نَصَرْنَ نَصَرْتَ

نَصَرْتُمَا نَصَرْتُمْ نَصَرْتِ نَصَرْتُمَا نَصَرْتُنَّ نَصَرْتُ نَصَرْنَا

(ب) ماضی مجہول، ماضی احتمالی اور ماضی تمنائی بنانے کا طریقہ مثالیں دے کر لکھیں؟

ماضی مجہول بنانے کا طریقہ: ضُرِبَ کو ضَرَبَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ فاء کلمہ کو ضمہ دیا اور آخر کے ماقبل کو کسرہ دیا۔ تو ضُرِبَ ہو گیا۔

ماضی احتمالی بنانے کا طریقہ: ماضی احتمالی کو ماضی مطلق سے اس طرح بناتے ہیں کہ ماضی مطلق کے شروع میں لَعَلَّمَا لگا دینے سے ماضی احتمالی بن جاتی ہے جیسے لَعَلَّمَا نَصَرَ

ماضی تمنائی بنانے کا طریقہ: ماضی تمنائی کو ماضی مطلق سے بناتے ہیں، وہ اس طرح کہ ماضی مطلق کے شروع میں لَیْتَمَا لگا دیں تو ماضی تمنائی بن جاتی ہے جیسے لَیْتَمَا نَصَرَ

سوال نمبر۲:- (الف) فعل نفی تاکید بلن اور فعل نفی جحد بلم بنانے کا طریقہ سپرد قلم کریں؟

جواب: فعل نفی تاکید بلن: فعل نفی تاکید بلن کو مضارع سے بناتے ہیں، وہ اس طرح کہ مضارع معروف کے شروع میں لَنْ لگا دینے سے نفی تاکید بلن جاتا ہے جیسے لَنْ یَنْصُرَ

فعل نفی جحد بلم: فعل نفی جحد بلم کو فعل مضارع سے بناتے ہیں وہ اس طرح کہ فعل مضارع کے شروع میں لَمْ لگا دیتے ہیں جیسے لَمْ یَنْصُرْ

(ب) رباعی مجرد کی تعریف مثالیں دیں کر تحریر کریں نیز ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب کے نام تحریر کریں؟

رباعی مجرد کی تعریف: وہ اسم یا فعل جس میں چار حروف اصلی ہوں جیسے جَعْفَرٌ، بَعْثَرَ

ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب کے نام: اس کے پانچ ابواب ہیں:

۱۔ ضَرَبَ يَضْرِبُ ۲۔ نَصَرَ يَنْصُرُ ۳۔ سَمِعَ يَسْمَعُ

۴۔ فَتَحَ يَفْتَحُ ۵۔ كَرُمَ يَكْرُمُ

سوال نمبر۳:۔ (الف) اسم مفعول بنانے کا طریقہ بیان کریں نیز اسم آلہ کی گردان تحریر کریں؟

جواب: اسم مفعول بنانے کا طریقہ: اسم مفعول کو مضارع مجہول سے بناتے ہیں وہ اس طرح کہ علامت مضارع کو حذف کرنے کے بعد شروع میں میم مضموم لگا کر عین کلمہ کے بعد واؤ ساکن لگاتے ہیں عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں اور آخر میں تنوین تمکن علامتِ اسمیت کی لگا دیتے ہیں جیسے مَنْصُوْرٌ

اسم آلہ کی گردان: مِنْصَرٌ مِنْصَرَانِ مَنَاصِرُ مُنَيْصِرٌ مِنْصَرَةٌ مِنْصَرَتَانِ مَنَاصِرُ مَنَاصِرُ مُنَيْصِرَةٌ مِنْصَارٌ مِنْصَارَانِ مَنَاصِيْرُ مُنَيْصِيْرٌ

(ب) باب فعل يفعل سے مکمل صرف صغیر لکھیں؟

صرف صغیر:

نَصَرَ يَنْصُرُ نَصْرًا فَهُوَ نَاصِرٌ وَنُصِرَ يُنْصَرُ نَصْرًا فَذَاكَ مَنْصُوْرٌ لَمْ يَنْصُرْ لَمْ يُنْصَرْ لَا يَنْصُرُ لَا يُنْصَرُ لَنْ يَنْصُرَ لَنْ يُنْصَرَ لَيَنْصُرَنَّ لَيَنْصُرَنْ لَيُنْصَرَنَّ لَيُنْصَرَنْ اَلْاَمْرُ مِنْهُ اُنْصُرْ لِيُنْصَرْ لِيَنْصُرْ لِيُنْصَرْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تَنْصُرْ لَا تُنْصَرْ لَا يَنْصُرْ لَا يُنْصَرْ اَلظَّرْفُ مِنْهُ مَنْصَرٌ مَنْصَرَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَيْصِرٌ وَالْاٰلَةُ مِنْهُ مِنْصَرٌ مِنْصَرَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَيْصِرٌ مِنْصَرَةٌ مِنْصَرَتَانِ مَنَاصِرُ وَمُنَيْصِرَةٌ مِنْصَارٌ مِنْصَارَانِ مَنَاصِيْرُ مُنَيْصِيْرٌ وَمُنَيْصِيْرَةٌ اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ الْمُذَكَّرُ مِنْهُ اَنْصَرُ اَنْصَرَانِ اَنْصَرُوْنَ اَنَاصِرُ وَاُنَيْصِرٌ وَالْمُؤَنَّثُ مِنْهُ نُصْرٰى نُصْرَيَانِ نُصْرَيَاتٌ نُصَرٌ وَنُصَيْرٰى وَفِعْلُ التَّعَجُّبِ مِنْهُ مَا اَنْصَرَهُ وَاَنْصِرْ بِهٖ وَنَصُرَ يَا نَصُرَتْ ۔

حصہ دوم...... صرف بهترال

سوال نمبر۴:۔ (الف) مصدر سے مشتق ہونے والی بارہ چیزوں میں سے دس کے نام تحریر کریں؟

جواب: دس چیزوں کا نام:

ماضی، مضارع، نفی جحد بلم، نفی تاکید بلن، امر،
نہی، اسم فاعل، اسم مفعول، اسم ظرف، اسم آلہ۔

(ب) اسم فعل اور حرف کی تعریفات لکھیں؟

اسم: وہ کلمہ جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور تین زمانوں میں سے کسی کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو جیسے زَیْدٌ

فعل: وہ کلمہ جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور کسی ایک زمانے کے ساتھ ملا ہو جیسے نَصَرَ

حرف: وہ کلمہ جو مستقل معنی پر دلالت نہ کرے جیسے مِنْ

سوال نمبر ۵:- (الف) ضَرَبَا، ضَرَبْتُمْ اور مَضْرُوْبٌ میں سے دو کی بنائیں تحریر کریں؟

جواب: ضَرَبَا: ضَرَبَا کو ضَرَبَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ ضَرَبَ کے آخر میں الف علامت تثنیہ لگا دیتے ہیں جیسے ضَرَبَ سے ضَرَبَا۔

ضَرَبْتُمْ: ضَرَبْتُمْ کو ضَرَبْتَ سے اس طرح بناتے ہیں کہ ضَرَبْتَ کے آخر میں واؤ علامت جمع مذکر لائے اور اس کے ماقبل کو ضمہ دیا اور واؤ سے پہلے میم مضموم لائے تا کہ حالت اشباع میں واحد متکلم کے صیغہ کے ساتھ التباس لازم نہ آئے۔ پھر واؤ کو حذف کر کے میم کو ساکن کیا تو ضَرَبْتُمْ بن گیا۔

مَضْرُوْبٌ: مَضْرُوْبٌ کو یَضْرِبُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع کو حذف کیا۔ اس کی جگہ میم مفتوح لائے اور عین کلمہ کے بعد واؤ علامت اسم مفعول لا کر آخر میں تنوین تمکن علامت اسمیت لائے تو مَضْرُوْبٌ ہو گیا۔

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالیں دے کر سپرد قلم کریں؟

(۱) فعل لازم (۲) مضاعف ثلاثی (۳) ناقص

(۴) امر (۵) مضارع

فعل لازم: وہ فعل جس کا معنی صرف فاعل سے مکمل ہو جائے جیسے حَبَسَ۔

مضاعف ثلاثی: وہ اسم یا فعل کہ جس کے عین اور لام کلمہ کے مقابلہ میں ایک جنس کے دو حرف ہوں جیسے مَدَّ مَدٌّ

ناقص: وہ اسم یا فعل کہ جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو جیسے دَلْوٌ رَمْیٌ

امر: وہ فعل جس کے ذریعے فاعل مخاطب سے کسی کام کا مطالبہ کیا جائے جیسے اُنْصُرْ

مضارع: وہ فعل جو موجودہ یا آئندہ زمانے پر دلالت کرے جیسے یَنْصُرُ

سوال نمبر ۶:- (الف) صرف بہائی کی روشنی میں ظرف والا قانون تحریر کریں نیز قانون کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم لکھیں؟

جواب: ظرف والا قانون: ظرف والا قانون یہ ہے کہ مضارع اگر مکسور العین ہو یا مثال مطلقاً ہو تو اسم ظرف مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ اگر مضارع مفتوح العین یا مضموم العین ہو یا فعل ناقص یا لفیف و مضاعف ہو تو اسم ظرف مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے۔

مثالیں جیسے یَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ۔ یَعِدُ سے مَوْعِدٌ۔ یَضَعُ سے مَوْضِعٌ۔ یَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ۔ وَقٰی یَقِیْ سے مَوْقِیٌ۔ یَفِرُّ سے مَفَرٌّ۔

<u>قانون کا لغوی اور اصطلاحی معنی</u>: قانون کا لغوی معنی ہے "مسطر" اور اصطلاح میں قانون وہ قاعدہ کلیہ ہے جو اپنی تمام جزئیات کو شامل ہو۔

(ب) مِیْعَادٌ اور یُوْسِرُ والا قانون مثالوں سمیت تحریر کریں؟

<u>قانون مِیْعَادٌ</u>: مِیْعَادٌ اصل میں مِوْعَادٌ تھا۔ ہر واؤ ساکن غیر مدغم جو باب افتعال کے علاوہ ہو واؤ کلمہ کے مقابلہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو تو اسے یاء سے بدلنا واجب ہے۔

<u>قانون یُوْسِرُ</u>: ہر یاء ساکن غیر مدغم جو باب افتعال کے واؤ کلمہ کے مقابلہ میں نہ ہو اور اس یاء سے پہلے ضمہ ہو تو اسے واؤ سے بدلنا واجب ہے۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک۔سال اول)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے چوتھا پرچہ: نحو کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے دو سوالات حل کریں؟

حصہ اول...... نحو میر

سوال نمبر 1:۔ (الف) مرکب کی تعریف اور اس کی اقسام تحریر کریں؟

(ب) علامات فعل مع امثلہ تحریر کریں؟

(ج) معرفہ کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کریں؟

سوال نمبر 2:۔ (الف) مذکر کی تعریف نیز علامات تانیث مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ب) جمع قلت کی تعریف اور اس کے وزن مثالوں سمیت بیان کریں؟

(ج) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں؟

امر نکرہ جملہ خبریہ معرب مبنی

سوال نمبر 3:۔ (الف) واحد تثنیہ اور جمع میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟

(ب) اسم غیر متمکن کی تعریف تحریر کریں نیز اس کی اقسام کے نام تحریر کریں؟

(ج) درج ذیل میں سے تین کا اعراب مثالوں کے ساتھ تحریر کریں؟

اسم مقصور، غیر منصرف، جمع مکسر منصرف

مثنیٰ، جمع مؤنث سالم

حصہ دوم...... نظم مائۃ عامل

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) حروف جارہ شعر کی صورت میں تحریر کریں؟

(ب) حروف مشبہ بالفعل کی تعداد اور عمل تحریر کریں؟

(ج) فعل مضارع کو جزم دینے والے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟

(د) نظم مائۃ عامل کی روشنی میں اسم کو نصب دینے والے حروف تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2024ء

پہلا پرچہ: نحو

حصہ اول نحو میر

سوال نمبر ۱:- (الف) مرکب کی تعریف اور اس کی اقسام تحریر کریں؟

جواب: مرکب: وہ لفظ جو دو یا دو سے زائد کلموں سے مل کر بنے جیسے غُلَامُ خَالِدٍ

اقسام مرکب:

(i) مرکب مفید (ii) مرکب غیر مفید

(ب) علامات فعل مع امثلہ تحریر کریں؟

علاماتِ فعل:

☆ قَدْ کا داخل ہونا جیسے قَدْ نَصَرَ ☆ سین کا داخل ہونا جیسے سَيَنْصُرُ

☆ سَوْفَ کا داخل ہونا جیسے سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ☆ حروف جازمہ کا داخل ہونا جیسے لَمْ يَضْرِبْ

☆ ضمیر بارز مرفوع کا ملنا جیسے ضَرَبْتُ ☆ تائے تانیث ساکن کا ملنا جیسے ضَرَبَتْ

☆ امر ہونا جیسے اُنْصُرْ ☆ نہی ہونا جیسے لَا تَنْصُرْ

(ج) معرفہ کی تعریف اور اس کی اقسام بیان کریں؟

تعریف معرفہ: وہ لفظ جو معین چیز کے لیے موضوع ہو جیسے خَالِدٌ

اقسام معرفہ:

(۱) مضمرات (۲) اعلام (۳) اسمائے موصولات

(۴) اسمائے اشارات (۵) معرفہ بہ نداء (۶) معرفہ بالف ولام

(۷) ان میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو جیسے غُلَامُ زَيْدٍ

سوال نمبر ۲:- (الف) مذکر کی تعریف نیز علامات تانیث مثالوں سمیت تحریر کریں؟

جواب: مذکر کی تعریف:

جس میں تانیث کی علامت موجود نہ ہو جیسے رَجُلٌ

تانیث کی علامتیں:

☆ تاء جیسے طَلْحَةُ ☆ الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی

☆ الف ممدودہ جیسے حَمْرَآءُ ☆ تائے مقدرہ جیسے اَرْضٌ

(ب) جمع قلت کی تعریف اور اس کے وزن مثالوں سمیت بیان کریں؟

جمع قلت کی تعریف: جو دس سے کم پر دلالت کرے جیسے اَکْلُبٌ

جمع قلت کے اوزان:

☆اَفْعُلٌ ☆اَفْعَالٌ ☆اَفْعِلَةٌ ☆فِعْلَةٌ

اور جمع تصحیح کے دونوں وزن بغیر الف ولام کی جیسے

☆مُسْلِمُوْنَ ☆مُسْلِمَاتٌ

(ج) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں؟

امر نکرہ جملہ خبریہ معرب مبنی

ج: امر کی تعریف:

وہ فعل جس کے ذریعے کسی کام کرنے کا مطالبہ کیا جائے جیسے اُنْصُرْ

نکرہ کی تعریف: وہ لفظ جو غیر معین چیز کے لیے موضوع ہو جیسے رَجُلٌ

جملہ خبریہ کی تعریف: جس کے قائل کو صدق وکذب کے ساتھ متصف کر سکیں جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ

معرب کی تعریف: جس کا آخر عوامل کے مختلف ہونے سے بدل جائے جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ

مبنی کی تعریف: جس کا آخر عوامل کے بدلنے سے نہ بدلے جیسے ھٰؤُلَاءِ

سوال نمبر۳:- (الف) واحد، تثنیہ اور جمع میں سے ہر ایک کی تعریف کریں؟

جواب: واحد: وہ اسم جو ایک فرد پر دلالت کرے جیسے زَیْدٌ

تثنیہ: وہ اسم جو دو افراد پر دلالت کرے جیسے زَیْدَانِ

جمع: وہ اسم جو دو سے زائد افراد پر دلالت کرے جیسے زَیْدُوْنَ

(ب) اسم غیر متمکن کی تعریف تحریر کریں نیز اس کی اقسام کے نام تحریر کریں؟

اسم غیر متمکن: وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھے جیسے ھٰذَا۔

اقسام کے نام: اسم غیر متمکن کی اقسام کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) مضمرات (۲) اسمائے اشارات (۳) اسمائے موصولات

(۴) اسمائے افعال (۵) اسمائے اصوات (۶) مرکب بنائی

(۷) اسم کنایہ (۸) بعض اسمائے ظروف

(ج) درج ذیل میں سے تین کا اعراب مثالوں کے ساتھ تحریر کریں؟

اسم مقصور، غیر منصرف، جمع مکسر منصرف

مثنیٰ   جمع مؤنث سالم

اسم مقصور کا اعراب: رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ، نصب فتح تقدیری کے ساتھ، جر کسرہ تقدیری کے ساتھ، جَاءَنِیْ عِیْسٰی، رَأَیْتُ عِیْسٰی، مَرَرْتُ بِعِیْسٰی

غیر منصرف کا اعراب: رفع ضمہ کے ساتھ، نصب اور جر فتحہ کے ساتھ۔

جَاءَنِیْ بَعْلَبَکُّ، رَأَیْتُ بَعْلَبَکَّ، مَرَرْتُ بِبَعْلَبَکَّ

جمع مکسر منصرف کا اعراب: رفع ضمہ لفظی کے ساتھ۔ نصب فتح لفظی کے ساتھ، جر کسرہ لفظی کے ساتھ

جَاءَنِیْ رِجَالٌ، رَأَیْتُ رِجَالًا، مَرَرْتُ بِرِجَالٍ

مثنیٰ کا اعراب: رفع الف کے ساتھ (جَاءَنِیْ رَجُلَانِ) نصب اور جر یاء ماقبل مفتوح کے ساتھ جیسے رَأَیْتُ رَجُلَیْنِ، مَرَرْتُ بِرَجُلَیْنِ

جمع مؤنث سالم کا اعراب: رفع ضمہ کے ساتھ نصب اور جر کسرہ کے ساتھ

جَاءَنِیْ مُؤْمِنَاتٌ، رَأَیْتُ مُؤْمِنَاتٍ، مَرَرْتُ بِمُؤْمِنَاتٍ

حصہ دوم...... نظام مائۃ عامل

سوال نمبر۴:- (الف) حروف جارہ شعر کی صورت میں تحریر کریں؟

(الف) جواب: باء تاء کاف و لام و واؤ مُنْذُ مُذْ خَلَا رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِیْ عَنْ عَلٰی حَتّٰی اِلٰی

(ب) حروف مشبہ بالفعل کی تعداد اور عمل تحریر کریں؟

حروف مشبہ بالفعل: حروف مشبہ بفعل کی تعداد چھ ہے اور ان کا عمل یہ ہے کہ اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔

(ج) فعل مضارع کو جزم دینے والے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں؟

جزم دینے والے حروف: پانچ ہیں یعنی لَمْ، لَمَّا، لامِ امر، لائے نہی، اِنْ شرطیہ

(د) نظم مائۃ عامل کی روشنی میں اسم کو نصب دینے والے حروف تحریر کریں؟

اسم کو نصب دینے والے حروف:

یَا، اَیَا، هَیَا، اَیْ، ہمزہ مفتوحہ، واؤ، اِلَّا

کل حروف سات ہوئے۔

☆ ☆ ☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنۃ) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک۔سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے　　　پانچواں پرچہ: عربی ادب　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں؟

سوال نمبر 1:۔ (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں؟

(۱) هٰذَا قَلَمٌ سَعِيْدٍ .　　(۲) هٰذَا كِتَابٌ أَسْوَدُ .

(۳) أَنَا عِنْدَ الشَّجَرَةِ .　　(۴) اَلْكِتَابُ فِي الْمَحْفَظَةِ

(۵) اَلْوَرَقَةُ تَحْتَ يَدِي .　　(۶) اَللهُ رَبِّي .

(۷) اَلْهِرَّةُ حَيَوَانٌ صَغِيْرٌ .

(ب) درج ذیل میں سے ایک جز کا ترجمہ کریں؟

(الف) فِي حَدِيْقَةِ الْحَيَوَانِ طُيُوْرٌ جَمِيْلَةٌ ذَاتُ أَلْوَانٍ كَثِيْرَةٍ بَدِيْعَةٍ وَ مِنْهَا الْأَحْمَرُ وَالْأَخْضَرُ وَالْأَزْرَقُ وَالْأَصْفَرُ وَالْأَبْيَضُ وَالْأَسْوَدُ .

(ب) أَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرًا وَأَتَوَضَّأُ وَأُصَلِّيْ ثُمَّ أَلْبَسُ مَلَابِسِي الْمَدْرَسِيَّةَ وَآكُلُ طَعَامِيْ .

سوال نمبر 2:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) خالد دروازہ بند کرتا ہے۔　　(۲) اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ۔

(۳) کیا اونٹ ایک بڑا جانور ہے؟ (۴) زمین میرے قدم کے نیچے ہے۔

(۵) اسلام میرا دین ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے پانچ خالی جگہیں پر کریں؟

(۱) لِمَنِ الْمُلْكُ......؟　　(۲) أَنَا قَرِيْبٌ...... الشَّجَرَةِ

(۳) يَدِي...... الْكِتَابِ　　(۴) أَنَا...... الْبَابِ

(۵) الْأَرْنَبُ حَيَوَانٌ......　　(۶) اسْمُ وَالِدِي......

(۷) اَلْخَارِطَةُ...... الْجِدَارِ　　(۸) وَالِدِي...... مِنِّي

سوال نمبر 3:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟

(۱) اَلْأَرْضُ　　(۲) كَبِيْرَةٌ　　(۳) اَلطِّفْلُ

(۴) بَعِيْدٌ (۵) اَلسَّقْفُ

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معنی تحریر کریں؟

(۱) قَلَمٌ   (۲) سَاعَةٌ   (۳) حِصَانٌ   (۴) أَسْوَدُ

(۵) مُعَلِّمٌ   (۶) مِنْضَدَةٌ   (۷) مَكْتَبٌ

سوال نمبر ۸:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین سوالات کے عربی میں جوابات دیں؟

(۱) اَيْنَ الْأَرْضُ؟   (۲) اَيْنَ السَّمَاءُ؟   (۳) اَيْنَ يَدُكَ الْيُسْرٰى؟

(۴) اَلَكَ اَلْفٌ وَاحِدٌ؟   (۵) هَلِ الْفِيْلُ حَيَوَانٌ كَبِيْرٌ؟

(ب) دس سے بیس تک گنتی عربی میں لکھیں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2024ء

پانچواں پرچہ: عربی ادب

سوال نمبر۱:۔ (الف) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں؟

(۱) هٰذَا قَلَمُ سَعِيْدٍ.   (۲) هٰذَا كِتَابٌ اَسْوَدُ.

(۳) اَنَا عِنْدَ الشَّجَرَةِ.   (۴) اَلْكِتَابُ فِي الْمِحْفَظَةِ

(۵) اَلْوَرَقَةُ تَحْتَ يَدِيْ.   (۶) اَللّٰهُ رَبِّيْ.

(۷) اَلْهِرَّةُ حَيَوَانٌ صَغِيْرٌ.

جواب: جملوں کا ترجمہ:

(۱) یہ سعید کا قلم ہے۔   (۲) یہ کتاب سیاہ ہے۔

(۳) میں درخت کے پاس ہوں۔   (۴) کتاب بستے میں ہے۔

(۵) میرے ہاتھ کے نیچے ورق ہے۔   (۶) اللہ میرا رب ہے۔

(۷) بلی چھوٹا حیوان ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے ایک جز کا ترجمہ کریں؟

(الف) فِيْ حَدِيْقَةِ الْحَيَوَانِ طُيُوْرٌ جَمِيْلَةٌ ذَاتُ اَلْوَانٍ كَثِيْرَةٍ بَدِيْعَةٍ وَمِنْهَا الْاَحْمَرُ وَالْاَخْضَرُ وَالْاَزْرَقُ وَالْاَصْفَرُ وَالْاَبْيَضُ وَالْاَسْوَدُ.

(ب) اَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرًا وَاَتَوَضَّأُ وَاُصَلِّيْ ثُمَّ اَلْبَسُ مَلَابِسِي الْمَدْرَسِيَّةَ وَاٰكُلُ طَعَامِيْ.

H_M_Hasnain_Asadi

اجزاء کا ترجمہ (الف): چڑیا گھر میں خوبصورت اور بہت سے رنگوں والے پرندے ہیں ان میں سے کچھ سرخ اور کچھ سبز اور نیلے ہیں، کچھ چھوٹے اور سفید و سیاہ ہیں۔

(ب): میں صبح سویرے اٹھتا ہوں اور وضو کر کے نماز پڑھتا ہوں پھر سکول کی وردی پہن کر کھانا کھاتا ہوں۔

سوال نمبر۲:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) خالد دروازہ بند کرتا ہے۔ (۲) اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ۔

(۳) کیا اونٹ ایک بڑا جانور ہے؟ (۴) زمین میرے قدم کے نیچے ہے۔

(۵) اسلام میرا دین ہے۔

جواب: جملوں کی عربی:

(۱) خالد نعلق الباب' (۲) ضع یدك الیمنیٰ علیٰ یدك الیسریٰ' (۳) هل الجمل حیوان کبیر؟' (۴) الارض تحت قَدَمِیْ' (۵) الاسلام دینی

(ب) درج ذیل میں سے پانچ خالی جگہیں پر کریں؟

(۱) لمن الملك......؟ (۲) انا قریب...... الشجرة

(۳) یدی...... الکتاب (۴) انا ......الباب

(۵) الارنب حیوان...... (۶) اسم والدی......

(۷) الخارطة...... الجدار (۸) والدی......منی

خالی جگہیں:

(۱) لمن الملك الیوم؟ (۲) انا قریب من الشجرة

(۳) یدی فوق الکتاب (۴) انا عند الباب

(۵) الارنب حیوان صغیر (۶) اسم والدی طاهر

(۷) الخارطة علی الجدار (۸) والدی قریب منی

سوال نمبر۳:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟

(۱) الارض (۲) کبیرة (۳) الطفل

(۴) بعید (۵) السقف

جواب: عربی جملے:

(۱) الارض تحت قدمی (۲) البقرة حیوان کبیر

(۳) الطفل يشرب اللبن (۴) هو بعيد مني

(۵) السقف فوق راسی

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معنی تحریر کریں؟

(۱) فم (۲) ساعة (۳) حصان (۴) اسود

(۵) مقعد (۶) منضدة (۷) مكتب

الفاظ کے معانی:

(۱) منہ (۲) گھڑی (۳) گھوڑا (۴) سیاہ

(۵) کرسی (۶) میز (۷) ڈیسک

سوال نمبر۴:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین سوالات کے عربی میں جوابات دیں؟

(۱) اين الارض؟ (۲) اين السماء؟ (۳) اين يدك اليسرى؟

(۴) الك انف واحد؟ (۵) هل الفيل حيوان كبير؟

جواب: عربی میں جواب:

(۱) الارض تحت قدمي (۲) السماء فوق راسي

(۳) يدي اليسرى فوق يدي اليمنى (۴) نعم لي انف واحد

(۵) نعم الفيل حيوان كبير .

(ب) دس سے بیس تک گنتی عربی میں لکھیں؟

گنتی: احد عشر، اثنا عشر، ثلثة عشر، اربعة عشر، خمسة عشر،

ستة عشر، سبعة عشر، ثمانية عشر، تسعة عشر، عشرون

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک - سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں قسموں سے کوئی سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول...... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) بوعلی سینا مسلم دنیا کا............ کہلاتا ہے۔

(۲) کتاب المناظر............ پر پہلی کتاب ہے۔

(۳) ای پی آئی............ مخفف ہے۔

(۴) بی۔سی۔جی۔............ کا حفاظتی ٹیکہ ہے۔

(۵) آسٹرولوجی وہ علم ہے جس میں............ پر بحث کی جاتی ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

(۱) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

(۲) جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(۳) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۴) (Scientia) کا لغوی معنی حقائق کا اصلی شکل میں مطالعہ کرنا ہے۔

(۵) سگریٹ پینے والا پھیپھڑے اور دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

سوال نمبر 2:۔ قرآن حکیم کی روشنی میں سائنس اور علم کی اہمیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں؟

سوال نمبر 3:۔ ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے بیان کریں؟

سوال نمبر 4:۔ دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور ان کے اہم کارنامے تحریر کریں؟

حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) قطب الدین ایبک کا مزار............ میں ہے۔

(۲) اسلام میں قانون کا سرچشمہ............ ہے۔

(۳) نظریہ پاکستان............ پر مبنی ہے۔

(۴) حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ 1703ء کو .... میں پیدا ہوئے۔

(۵) .... نے جدید اسلامی ریاست کا نام پاکستان تجویز کیا۔

(ب) درج ذیل میں سے صرف دو کا مختصر جواب لکھیں؟

(۱) محمد بن قاسم نے سندھ پر حملہ کب کیا؟

(۲) جنگ آزادی میں حصہ لینے والے کوئی سے دو مشائخ کے نام لکھیں؟

(۳) علامہ اقبال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کس سال تقسیم ہند کی تجویز پیش کی؟

سوال نمبر 6:۔ علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کاوشوں پر ایک مفصل مضمون تحریر کریں؟

سوال نمبر 7:۔ تحریک پاکستان کے محرکات پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں؟

سوال نمبر 8:۔ قائداعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے چودہ نکات تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2024ء

چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

حصہ اوّل...... جنرل سائنس

سوال نمبر۱:۔(الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) بوعلی سینا مسلم دنیا کا .... کہلاتا ہے۔

(۲) کتاب المناظر .... پر پہلی کتاب ہے۔

(۳) ای پی آئی .... مخفف ہے۔

(۴) بی۔سی۔جی۔ .... کا حفاظتی ٹیکہ ہے۔

(۵) آسٹرولوجی وہ علم ہے جس میں .... پر بحث کی جاتی ہے۔

جوابات:

(۱) ارسطو (۲) روشنی (۳) ایک مدافعتی ویکسین

(۴) بیکٹیریا (۵) اجسام فلکی

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

(۱) پولیو وائرس عصبی نظام پر حملہ کرتا ہے۔

(۲) جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(۳) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔

(۴) (Scientia) کا لغوی معنی حقائق کا اصلی شکل میں مطالعہ کرنا ہے۔

(۵) سگریٹ پینے والا پھیپھڑے اور دل کی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

جوابات:

(۱) د (۲) غ (۳) غ (۴) د

(۵) غ

سوال نمبر۲: قرآن حکیم کی روشنی میں سائنس اور علم کی اہمیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں؟

جواب: قرآن حکیم میں سائنس اور علم کی اہمیت کا ذکر: اسلام واحد دین ہے جو زندگی کے تمام حقائق کو مدنظر رکھتا ہے۔ اسلام وہ کامل دین ہے جو مظاہر قدرت اور دستیاب وسائل کو انسانی فلاح اور فائدے کے لیے استعمال میں لانے کے لیے تاکید کرتا ہے۔

قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

أَفَلَا يَنْظُرُوْنَ (کیا وہ نہیں دیکھتے؟)

أَفَلَا يَتَفَكَّرُوْنَ (کیا وہ غور نہیں کرتے؟)

أَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ (کیا وہ تدبر نہیں کرتے؟)

وحی الٰہی کا آغاز: اللہ تعالیٰ کی وحی کا آغاز بھی حکمیہ فقرہ (اِقْرَأْ) سے ہوا۔

اِقْرَأْ بِاسْمِ ....

پڑھ اپنے پروردگار کے نام سے جس نے پیدا کیا انسان کو جمے ہوئے خون سے۔ پڑھ اور تیرا پروردگار بہت کرم کرنے والا ہے جس نے قلم سے تعلیم دی۔ انسان کو وہ علم دیا جسے وہ نہ جانتا تھا۔

سورہ الذاریات میں ہے:

ترجمہ: ''اور ہم نے ہر چیز سے جوڑا پیدا کیا ہے تاکہ تم سمجھو۔''

انسان اور دوسرے جانداروں میں ہر جنس کے جوڑے جوڑے ہیں۔ سائنس یہ بھی بتلاتی ہے کہ چھوٹے چھوٹے کیڑے مکوڑے سے لے کر سمندر کی بڑی بڑی مخلوقات تک اللہ تعالیٰ نے نر اور مادہ کے جوڑے جوڑے پیدا کیے ہیں جن سے نباتات اور حیوانات کی نسل آگے بڑھتی ہے۔

سورہ بنی اسرائیل میں ہے:

ترجمہ: ''اور تمہیں نہایت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔''

یوں کلام پاک ہمیں متعدد مقامات پر غور و فکر کی دعوت دیتا ہے اور یہ چیز سائنس کی بنیاد ہے۔

سوال نمبر ۳:- ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے بیان کریں؟

جواب: ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے: ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے درج ذیل ہیں:

(i) ملیریا کو کنٹرول کرنے کے لیے سب سے پہلے ضروری ہے کہ مچھر کو مارا جائے۔

(ii) جوہڑوں اور تالابوں کو پر کیا جائے۔

(iii) گندے پانی پر مٹی کا تیل چھڑکا جائے۔

(iv) انسان کو رات کو مچھر بھگانے والا تیل ملنا چاہیے۔

(v) مچھر دانی کا سوتے وقت استعمال کیا جائے۔

(vi) دروازوں اور کھڑکیوں سے مچھر کو روکنے کے لیے باریک جالی لگائی جائے۔

(vii) گھر کے قریب گڑھوں کو مٹی ڈال کر بھر دیا جائے۔

(viii) عام گڑھوں میں استعمال شدہ موبل آئل ڈال دیا جائے تاکہ مچھر انڈے نہ دے سکیں۔

(ix) گھر کا سامان باہر نکال کر مچھر مار سپرے چھڑکا جائے۔

سوال نمبر ۴:- دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور ان کے اہم کارنامے تحریر کریں؟

جواب: سائنس کی ترقی کے لیے کام کرنے والے دو مسلمان سائنسدان: سائنس کی ترقی میں بہت سے مسلمان سائنسدانوں نے گراں قدر خدمات سرانجام دیں ان میں سے دو کے نام اور ان کے کارناموں کی وضاحت درج ذیل ہے:

(۱) محمد بن زکریا الرازی: ابوبکر محمد بن زکریا الرازی سن 865ء میں ایران کے شہر رے میں پیدا ہوئے۔

آپ کی چند ایک گراں قدر خدمات ذیل میں پیش کی جاتی ہیں:

(i) آپ عملی کیمیادان تھے اور طب کے میدان میں اپنے زمانے میں علم العلاج کے اصول سے آگاہ تھے۔

(ii) الرازی بغداد کے ہسپتال کے سربراہ اور ماہر سرجن تھے۔

(iii) آپ نے ہی سب سے پہلے بے ہوش کرنے کے لیے افیون کا استعمال کیا۔

(iv) آپ نے عمل تخمیر سے پہلی مرتبہ الکوحل تیار کی۔

(v) آپ نے سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب، علامات اور علاج کے بارے میں تفصیل سے بیان کیا۔

(vi) آپ نے کیمیائی مرکبات کو مختلف چار گروپوں (یعنی معدنیاتی، حیواناتی، نباتاتی اور ماخوذ) میں

H_M_Hasnain_Asadi

تقسیم کیا۔

(۲) <u>جابر بن حیان:</u> جابر بن حیان کو علم کیمیا کا بانی مانا جاتا ہے۔ آپ کی باقاعدہ ایک کیمیائی تجربہ گاہ تھی۔ آپ کے اہم کارنامے درج ذیل ہیں:

(i) آپ نے کچ دھاتوں کو پگھلا کر صاف کرنا سکھایا۔

(ii) فولاد تیار کرنے کا طریقہ بتایا۔

(iii) آپ نے چمڑا اور کپڑا رنگنے اور لوہے کو زنگ سے بچانے کے طریقے معلوم کیے۔

(iv) آپ وارنش بنانے کے طریقہ سے بھی آگاہ تھے۔

(v) آپ نے سلفیورک ایسڈ (H2SO4)، ہائیڈرو کلورک ایسڈ (HCl) اور نائٹرک ایسڈ (HNOs) پہلی مرتبہ تیار کیا۔

(vi) آپ کسری کشید کے عمل کو بھی جانتے تھے۔

(vii) آپ نے کیمیا گری اور اس سے متعلقہ علم پر عربی زبان میں کتابیں لکھیں؟ آپ کی مشہور کتب "الکتاب الکیمیا اور الخالص" ہیں۔

(viii) ایک انگریز نے آپ کی کتاب الکیمیا کا ترجمہ 1144ء میں کیا جس کا نام رابرٹ آف چیسٹر تھا۔

(ix) مسٹر او ہوس نے 1892ء میں آپ کی نو (9) کتابوں کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کیا۔

حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر ۵:-(الف) خالی جگہ پر کریں؟

(۱) قطب الدین ایبک کا مزار............ میں ہے۔

(۲) اسلام میں قانون کا سرچشمہ............ ہے۔

(۳) نظریہ پاکستان............ پر مبنی ہے۔

(۴) حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ 1703ء کو............ میں پیدا ہوئے۔

(۵) .... نے جدید اسلامی ریاست کا نام پاکستان تجویز کیا۔

<u>جوابات:</u>

(۱) لاہور (۲) قرآن وسنت و اسلامی فقہ

(۳) اسلامی نظریہ حیات (۴) دہلی

(۵) چوہدری رحمت علی

(ب) درج ذیل میں سے صرف دو کا مختصر جواب لکھیں؟

(۱) محمد بن قاسم نے سندھ پر حملہ کب کیا؟

(۲) جنگ آزادی میں حصہ لینے والے کوئی سے دو مشائخ کے نام لکھیں؟

(۳) علامہ اقبال رحمہ اللہ تعالیٰ نے کس سال تقسیم ہند کی تجویز پیش کی؟

جوابات:

(۱) 712ء میں

(۲) مولانا فضل رسول بدایونی اور مفتی عنایت احمد کاکوروی

(۳) 1930ء میں

سوال نمبر ۶: علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کاوشوں پر ایک مفصل مضمون تحریر کریں؟

جواب: جنگ آزادی کے مجاہد اعظم علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کاوشیں: یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ برصغیر کے علماء کرام نے ہر مشکل وقت میں قوم کی رہنمائی کی اگرچہ کچھ نے علماء سوء کا کردار بھی ادا کیا لیکن علماء اہل سنت نے ہمیشہ تاریخی کردار ادا کیا۔ چنانچہ تحریک آزادی ہند کے موقع پر بھی علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ اور دیگر علماء اہلسنت نے جیل کی سخت سزائیں برداشت کیں لیکن پھر بھی کسی لالچ یا خوف کو خاطر میں لائے بغیر برصغیر کے باشندوں کی آزادی کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔

حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ اس جماعت کے سرخیل تھے جن کو جزیرہ انڈیمان میں "کالا پانی" کی سزا دی گئی اور اس قدر مصائب ڈھائے گئے کہ پہاڑ پر بھی ڈالے جاتے تو وہ ریزہ ریزہ ہو جاتا۔ آپ نے ان تمام مصائب کا ذکر اپنی شہرہ آفاق، معرکۃ الآراء تصنیف "رسالہ غدریہ" میں کیا ہے جسے الثورۃ الہندیہ کے نام سے مولانا ابوالکلام آزاد نے طبع کرایا۔

"کالا پانی" کی سزا کے دوران آپ نے یہ کتاب لکھی اور اس وقت آپ کے پاس کاغذ اور قلم کچھ نہ تھا۔ آپ نے یہ کتاب کوئلے سے کپڑوں اور لکڑیوں پر تحریر کی۔

حضرت علامہ فضل حق خیرآبادی رحمہ اللہ تعالیٰ وہ مجاہد تھے جنہوں نے انگریز کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا تھا اور انگریز کی طرف سے رہائی کی پیشکش کے باوجود فتویٰ واپس نہ لیا اور آپ نے جیل کے اندر ہی وفات پائی۔

سوال نمبر ۷: تحریکِ پاکستان کے محرکات پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں؟

جواب: تحریک پاکستان کے محرکات: تحریک پاکستان کے چند محرکات یہ ہیں:

1- برصغیر میں ہندوؤں کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے وہ ہندو مسلم فسادات میں مسلمانوں کا قتل

عام کرنے لگے تھے جس سے ہندوراج کے قائم ہونے کا خدشہ تھا۔

2- معاشرتی اعتبار سے ہندو ذات پات اور رنگ و نسل کے امتیاز کے نہ صرف قائل تھے بلکہ ان پر سختی سے کاربند تھے جس کی بناء پر وہ مسلمانوں کو دوسرے درجہ کا شہری بنانا چاہتے تھے۔

3- مسلمانوں کی ثقافت اور اُردو زبان کے خاتمہ کے لیے ہندو ملک بھر میں ہندی زبان کو سرکاری زبان کا درجہ دینے پر ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے تھے۔

4- 1937ء سے 1939ء تک برصغیر میں کانگریسی وزارتیں قائم رہیں جن کا مقصد مسلمانوں کو دبانا اور ان کو ان کے حقوق سے محروم کرنا تھا۔

سوال نمبر ۸:- قائداعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کے چودہ نکات تحریر کریں؟

جواب: چودہ نکات: قائداعظم نے جو چودہ نکات پیش کیے وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ آئندہ آئین وفاقی ہوگا جس میں صوبوں کو خود مختاری دی جائے گی۔

۲۔ تمام صوبائی حکومتوں کو ایک ہی اصول پر داخلی خود مختاری دی جائے گی۔

۳۔ صوبوں میں اقلیتوں کو مؤثر نمائندگی دی جائے گی۔

۴۔ مرکزی مجلس قانون ساز میں مسلمانوں کی نمائندگی ایک تہائی سے کم نہ ہو۔

۵۔ جداگانہ انتخاب کا اصول ہر فرقہ پر لاگو ہوگا۔ البتہ اگر کوئی فرقہ چاہے تو اپنی مرضی سے مخلوط انتخاب قبول کرسکتا ہے۔

۶۔ اگر صوبوں کی حدود تبدیل کی جائیں تو اس بات کو مدنظر رکھا جائے کہ مسلم اکثریتی صوبوں میں مسلمان بدستور اکثریت میں رہیں۔

۷۔ تمام لوگوں کو مساوی و مکمل مذہبی آزادی حاصل ہو۔

۸۔ سندھ کو بمبئی سے الگ کر کے ایک صوبہ بنا دیا جائے۔

۹۔ صوبہ بلوچستان اور مغربی سرحدی صوبہ میں دوسرے صوبوں کی طرح ہی اصلاحات نافذ کی جائیں۔

۱۰۔ اگر کسی مسودہ قانون سے متعلق اس فرقے کے تین چوتھائی ارکان اس کے خلاف رائے دیں تو اسے نامنظور تصور کیا جائے۔

۱۱۔ مسلمانوں کو ہر شعبہ میں ان کی اہلیت کے مطابق ملازمتیں دی جائیں۔

۱۲۔ مسلمانوں کو مذہبی و ثقافتی تحفظ دیا جائے۔

۱۳۔ مسلمانوں کو صوبائی و مرکزی وزارتوں میں کم از کم ایک تہائی نمائندگی دی جائے۔

۱۴۔ صوبوں کی منظوری حاصل کیے بغیر مرکزی آئین میں کوئی تبدیلی نہ کی جائے۔

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے　　　پہلا پرچہ: قرآن مجید وتجوید　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل...... ترجمہ قرآن

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل اجزاء میں سے چھ کا ترجمہ کریں؟

(۱) وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ۝

(۲) وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ۝

(۳) وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ۝

(۴) وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۝

(۵) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۝

(۶) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۝

(۷) كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۚ ۨالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ۝

(۸) وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ۝

(۹) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ

H_M_Hasnain_Asadi

وَلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَّالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

سوال نمبر 2:۔کوئی سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

(۱) بَقَرَةٌ (۲) زَيْغٌ (۳) رَاعِنَا (۴) مَيْسَرَةٌ

(۵) الرِّبٰوا (۶) بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ (۷) تُرَاب (۸) الْقَوَاعِدُ

(۹) اِثْمٌ (۱۰) مَعْدُوْدَاتٌ (۱۱) الْمَسْكَنَةُ (۱۲) صِبْغَةٌ

(۱۳) بَدِيْعٌ

حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر 3:۔درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) علم التجوید کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

(ب) حروف لثویہ اور حروف لہاتیہ کی وضاحت کریں؟

(ج) غ، ق، جیم اور ص میں سے ہر ایک کا مخرج بیان کریں؟

(د) نون ساکن اور نون تنوین کے قواعد میں سے کوئی سے دو قاعدے سپرد قلم کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2025ء

پہلا پرچہ: قرآن مجید و تجوید

حصہ اوّل...... ترجمہ قرآن

سوال نمبر 1:۔درج ذیل اجزاء میں سے چھ کا ترجمہ کریں؟

(۱) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝

(۲) وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

(۳) وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝

(۴) وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

(۵) وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

(۶) رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

(۷) كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۚ ۖ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝

(۸) وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝

(۹) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

جواب: **قرآنی اجزاء کا ترجمہ:**

ترجمہ(۱): اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم اسی طرح ایمان لاؤ جیسے اور لوگ ایمان لائے تو کہتے ہیں: کیا ہم بے وقوفوں کی طرح ایمان لائیں، سن لو! یہی بیوقوف ہیں مگر یہ جانتے نہیں۔

ترجمہ(۲): اور (یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو، تو سوائے ابلیس کے سب نے سجدہ کیا، منکر ہوا، اور غرور کیا اور کافر ہو گیا۔

ترجمہ(۳): (اور یاد کرو) جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم ہرگز تم پر ایمان نہ لائیں گے جب تک اعلانیہ خدا کو نہ دیکھ لیں، تو تمہیں کڑک نے پکڑ لیا حالانکہ تم دیکھ رہے تھے۔

ترجمہ(۴): اور جب ہم نے تم سے عہد لیا اور تم پر طور کو بلند کیا، لو جو کچھ ہم تمہیں دیتے ہیں مضبوطی سے اور اس کے مضمون کو یاد کرو۔ اس امید پر کہ تمہیں پرہیزگاری ملے۔

ترجمہ(۵): اور جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے وہ اہل جنت ہیں اور انہیں ہمیشہ اس میں رہنا ہے۔

ترجمہ(۶): اے ہمارے رب! ہم دونوں کو اپنا فرمانبردار رکھ اور ہماری اولاد میں سے ایک ایسی امت بنا جو تیری فرمانبردار ہو اور ہمیں عبادت کے طریقے سکھا دے اور ہم پر رجوع فرما اپنی رحمت کے ساتھ، بے شک تو بہت ہی توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

ترجمہ(۷): تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کو موت آئے' (تو) اگر وہ کچھ مال چھوڑے تو اپنے والدین اور قریبی رشتہ داروں کے لیے اچھے طریقے سے وصیت کر جائے۔ یہ واجب ہے پرہیزگاروں پر۔

ترجمہ(۸): اور ان سے لڑتے رہو یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور دین اللہ کے لیے ہو جائے پس اگر وہ باز آجائیں تو ان پر کوئی سختی نہیں مگر ظالموں پر۔

ترجمہ(۹): اے مومنو! خرچ کرو اس رزق میں سے جو ہم نے تمہیں دیا (اللہ کی راہ میں)۔ اس سے پہلے کہ وہ دن آئے جس میں نہ خرید وفروخت ہوگی اور نہ دوستی اور نہ ہی شفاعت ہوگی اور جنہوں نے کفر کیا وہی ظالم ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ کوئی سے دس الفاظ کے معانی تحریر کریں؟

(۱) بَقَرَةٌ (۲) زَيْغٌ (۳) رَاعِنَا (۴) مَيْسَرَةٌ
(۵) اَلرِّبٰوا (۶) بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ (۷) تُرَابٌ (۸) اَلْقَوَاعِدُ
(۹) اِثْمٌ (۱۰) مَعْدُوْدَاتٌ (۱۱) اَلْمَسْكَنَةُ (۱۲) صِبْغَةٌ
(۱۳) بَدِيْعٌ

کتب کا مرکز
ادارہ ضیاء السنہ
0306-6521197
آن لائن ڈیلیوری کی سہولت موجود ہے

جواب: الفاظ کے معانی:

۱- ایک گائے ۲- ٹیڑھاپن
۳- رَاعِنَا ۴- کشائش/کشادگی
۵- سُود ۶- بنی اسرائیل (یہودی)
۷- مٹی ۸- بنیادیں
۹- گناہ ۱۰- گنتی کے
۱۱- محتاجی ومفلسی ۱۲- رنگ
۱۳- نئی طرح بنانے والے

حصہ دوم...... تجوید

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل اجزاء میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) علم التجوید کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

جواب: علم تجوید کی تعریف:

اصطلاح قراء میں علم تجوید وہ فن ہے جس کے ذریعے حروف کو ان کے مخارج سے صفات لازمہ و عارضہ کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے۔

علم تجوید کا موضوع: فن تجوید کا موضوع ''حروف تہجی'' ہیں۔

علم تجوید کی غرض: فن تجوید کی غرض یہ ہے کہ قرآن کو صحیح پڑھا جائے۔

(ب) حروف لثویہ اور حروف لہاتیہ کی وضاحت کریں؟

جواب: حروف لثویہ:

وہ حروف جو دانتوں کے سروں سے ادا ہوتے ہیں انہیں حروف لثویہ کہتے ہیں جیسے ث، ذ، ظ۔

حروف لہاتیہ: وہ حروف جو کوے سے متصل زبان کی جڑ اور تالو کے نرم حصے سے ادا ہوتے ہیں جیسے ق، ک۔

(ج) غ، ق، جیم اور ص میں سے ہر ایک کا مخرج بیان کریں؟

جواب: حروف اور ان کے مخارج:

غ: ابتدائے حلق

ق: زبان کی جڑ اور تالو کا نرم حصہ

جیم: وسط زبان اور وسط تالو

ص: نوکِ زبان

(د) نون ساکن اور نون تنوین کے قواعد میں سے کوئی سے دو قاعدے سپرد قلم کریں؟

جواب: (۱) قلب: لغوی معنی بدلنا۔ جب نون ساکن اور نون تنوین کے بعد باء آ جائے تو نون ساکن اور تنوین کو میم سے بدل کر غنہ کر کے پڑھتے ہیں جیسے مِنْ بَعْدِهٖ۔

(۲) اخفاء: لغوی معنی پوشیدہ کرنا، نون ساکن و نون تنوین کے بعد حروف حلقی اور یَرْمَلُوْنَ اور باء کے علاوہ حروف میں سے کوئی آ جائے، تو اخفاء ہوگا جیسے اِنْتِقَامٌ، جَنّٰتٍ تَجْرِیْ۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک ۔ سال اول)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ   کل نمبر ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل ..... عقائد

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) صراط کیا ہے؟   (ب) معصوم کون ہے؟

(ج) موت کیا ہے؟   (د) دَابَّةُ الْاَرْض کیا چیز ہے؟

(ہ) قبر میں کس کس سے سوال نہیں ہوتا؟   (و) معجزہ اور کرامت میں فرق کیا ہے؟

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) امامت کی تعریف لکھیں؟   (ب) اہل بیت میں کون لوگ داخل ہیں؟

(ج) بدعت کی تعریف کریں؟   (د) سب سے پہلے انسان کا نام لکھیں؟

(ہ) صحابی کس مسلمان کو کہتے ہیں؟

(و) پیر (مرشد) میں کن باتوں کا ہونا ضروری ہے؟

حصہ دوم ..... فقہ

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟   (ب) فرائض وضو لکھیں؟

(ج) کس عمر میں بچہ کو نماز سکھائی جائے؟   (د) ستر عورت کتنا فرض ہے؟

(ہ) کن باتوں سے کنواں ناپاک ہو جاتا ہے؟   (و) موزوں پر مسح کا طریقہ لکھیں؟

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) سجدہ تلاوت کیا ہے؟   (ب) ظہر کی نماز کا وقت کیا ہے؟

(ج) فرائض نماز تحریر کریں؟   (د) مسجد میں بات کرنے کا حکم کیا ہے؟

(ہ) سجدہ سہو کا طریقہ لکھیں؟

(و) آذان کے ثواب پر ایک حدیث لکھیں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2025ء

دوسرا پرچہ: عقائد وفقہ

حصہ اوّل...... عقائد

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) صراط کیا ہے؟

جواب: صراط کی وضاحت: صراط برحق ہے' یہ ایک پل ہے جو دوزخ کے اوپر ہوگا۔ یہ تلوار سے زیادہ تیز اور بال سے زیادہ باریک ہوگا۔ مسلمان اسے پار کرلیں گے لیکن کافر اسے پار نہ کرسکیں گے اور دوزخ میں گر جائیں گے۔ کوئی اس سے برق رفتاری سے گزر جائے گا' بعض ہوا کی طرح، بعض تیز گھوڑے کی طرح، بعض آہستہ آہستہ' بعض گرتے پڑتے اور بعض کانپتے لنگڑاتے ہوئے اس سے گزریں گے۔ غرض جس کا عمل جتنا اچھا ہوگا وہ اسی کے مطابق اس پل پر سے گزرے گا۔

(ب) معصوم کون ہے؟

جواب: معصوم لوگ: معصوم سے مراد ہے گناہ اور نافرمانی کا ارتکاب نہ کرنا۔ جن لوگوں میں یہ صفت پائی جائے' انہیں معصوم کہا جاتا ہے۔ معصوم صرف دو قسم کے لوگ ہوسکتے ہیں:

(۱) انبیاء کرام، (۲) ملائکہ۔

(ج) موت کیا ہے؟

جواب: موت کی تعریف: روح کی بدن سے نکل جانے کو موت کہتے ہیں۔ بدن سے نکلنے کے بعد روح ختم نہیں ہوتی بلکہ عالم برزخ میں رہتی ہے۔

(د) دَابَّةُ الْاَرْض کیا چیز ہے؟

جواب: دَابَّةُ الْاَرْض: دابۃ الارض ایک عجیب وغریب شکل کا جانور ہے جو کوہ صفا سے نمودار ہوگا۔ تیزی سے تمام شہروں میں گھومے گا' اس کے ہاتھ میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی ہوگی۔ یہ ان سے مسلمان اور کافر کی پیشانی پر نشان بنائے گا۔ حضرت موسیٰ

علیہ السلام کی لاٹھی سے مسلمان کی پیشانی پر چمکدار اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی سے کافر کی پیشانی پر سیاہ نشان بنائے گا۔ جس سے مسلمان اور کافر اعلانیہ طور پر ظاہر ہو جائیں گے۔ یہ نشان کبھی نہ مٹے گا یعنی کافر ایمان نہ لائے گا اور مسلمان اپنے ایمان پر قائم رہے گا۔

(ہ) قبر میں کس کس سے سوال نہیں ہوتا؟

جواب: وہ لوگ جن سے قبر میں سوالات نہیں ہوتے: جن لوگوں سے قبر میں سوالات نہیں ہوتے، درج ذیل ہیں:

(۱) انبیاء و رسل کرام، (۲) شہداء، (۳) رمضان میں وفات پانے والا، (۴) جمعۃ المبارک کے دن وفات پانے والا، (۵) ولی کامل، (۶) ہر شب سورہ ملک کی تلاوت کرنے والا۔

(و) معجزہ اور کرامت میں فرق کیا ہے؟

جواب: معجزہ اور کرامت میں فرق: نبی سے جو خلاف عادت فعل صادر ہوتا ہے، اسے معجزہ کہا جاتا ہے۔ معجزہ، نبی کی نبوت کی دلیل ہوتا ہے۔

کسی ولی سے کوئی خلاف عادت فعل صادر ہو تو اسے کرامت کہا جاتا ہے اور یہ ولی کی ولایت کی دلیل ہوتی ہے۔

فائدہ: ان کی تعریفوں سے ان میں فرق بھی واضح ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) امامت کی تعریف لکھیں؟

جواب: تعریف امامت: مسلمانوں کی قرآن وسنت کے مطابق رہنمائی اور پیشوائی کرنا۔

(ب) اہل بیت میں کون لوگ داخل ہیں؟

جواب: اہل بیت میں شامل لوگ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور اولاد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرح ان کے بھی بہت سے فضائل قرآن وحدیث میں وارد ہیں۔

(ج) بدعت کی تعریف کریں؟

جواب: بدعت کی تعریف: جو بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہ ہو اسے بدعت کہتے ہیں۔

(د) سب سے پہلے انسان کا نام لکھیں؟

جواب: پہلے انسان کا نام: سب سے پہلے انسان کا نام حضرت آدم علیہ السلام ہے۔

(ہ) صحابی کس مسلمان کو کہتے ہیں؟

جواب: صحابی کی تعریف: وہ مسلمان ہے، جس نے ایمان کی حالت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس کو پایا ہو اور ایمان کی حالت میں وہ دنیا سے رخصت ہوا ہو۔ یہ واجب التعظیم ہوتا ہے اور اس کی ادنیٰ گستاخی گمراہی ہے۔

(و) پیر (مرشد) میں کن باتوں کا ہونا ضروری ہے؟

جواب: پیر میں موجود باتیں: بیعت سے پہلے پیر میں چار باتوں کا ہونا ضروری ہے:

۱۔ سنی صحیح العقیدہ ہو۔

۲۔ اتنا علم رکھتا ہو کہ ضرورت کے مسائل کتابوں سے نکال سکے۔

۳۔ فاسق وفاجر نہ ہو۔

۴۔ اس کا سلسلہ نبی علیہ السلام تک متصل ہو ورنہ اوپر سے فیض نہ آئے گا۔

حصہ دوم...... فقہ

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) تیمم کا طریقہ تحریر کریں؟

جواب: تیمم کی نیت سے بسم اللہ کہہ کر کسی ایسی پاک چیز پر (جو زمین کی جنس سے ہو) دونوں ہاتھ مار کر الٹ لے، اگر زیادہ گرد لگ گئی ہو، تو ہاتھوں کو جھاڑے اور سارے منہ کا مسح کرے۔ پھر دوسری مرتبہ یوں ہی ہاتھ مارے اور ناخن سے لے کر کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کا مسح کرے۔ یاد رہے کہ سر اور پیر پر تیمم میں مسح نہیں کیا جاتا۔

(ب) فرائض وضو لکھیں؟

جواب: فرائض امور: وضو میں چار چیز فرض ہیں:

۱۔ منہ کا دھونا ماتھے کی جڑ سے تھوڑی تک اور ایک کان کی ایک لو سے دوسرے کان کی لو تک۔

۲۔ کہنیوں سمیت دونوں ہاتھوں کو ایک بار دھونا۔

۳۔ چوتھائی سر کا مسح کرنا۔

۴۔ دونوں پاؤں کا ٹخنوں سمیت ایک بار دھونا۔

(ج) کس عمر میں بچہ کو نماز سکھائی جائے؟

جواب: نماز سکھائے جانے کی عمر: بچے کو سات سال کی عمر میں نماز پڑھنا بتایا جائے اور جب دس برس کا ہو جائے، تو اسے مار کر پڑھوائی جائے۔

(د) ستر عورت کتنا فرض ہے؟

جواب: فرض ستر عورت کی مقدار: مرد کا فرض ستر: مرد کے لیے ناف کے نیچے سے لے کر گھٹنوں کے نیچے تک ستر فرض ہے، جس میں گھٹنے بھی داخل ہیں۔

عورت کا فرض ستر: سوائے منہ، ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں کے سارا بدن ستر (چھپانا) فرض ہے۔

(ہ) کن باتوں سے کنواں ناپاک ہو جاتا ہے؟

جواب: کنوئیں کا ناپاک ہونا: جن چوپاؤں کا گوشت نہیں کھایا جاتا اگر ان کا پاخانہ یا پیشاب کنوئیں میں گر جائے یا مرغی اور بطخ کی بیٹ گر جائے، تو کنواں ناپاک ہو جاتا ہے اور اس صورت میں کنوئیں کا سارا پانی نکالا جائے گا۔

(و) موزوں پر مسح کا طریقہ لکھیں؟

جواب: موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ: موزے پر تین انگلیوں کی مقدار مسح کرنا ضروری ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ موزے پر ہاتھ کی تین انگلیاں وہاں رکھیں، جہاں پاؤں کی انگلیاں موجود ہیں، ہاتھ کی انگلیوں کو کھینچتے ہوئے پنڈلیوں تک لایا جائے۔ اسی طریقہ سے دونوں پاؤں پر مسح کیا جائے، تو وضو کا نائب ہونے کی وجہ سے اس سے نماز ادا کرنا جائز ہو جائے گی۔

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) سجدہ تلاوت کیا ہے؟

جواب: سجدہ تلاوت کی تعریف: قرآن کریم کی آیت سجدہ کی تلاوت کرنے یا سننے سے جو سجدہ واجب ہو جائے، اسے سجدہ تلاوت کہتے ہیں۔

(ب) ظہر کی نماز کا وقت کیا ہے؟

جواب: ظہر کا وقت: ظہر کا وقت سورج کے ڈھلنے سے شروع ہوتا ہے اور اس کا آخیر وقت جب ہر چیز کا سایہ سوائے سایہ اصلی کے دوگنا ہو جائے۔

(ج) فرائض نماز تحریر کریں؟

جواب: نماز کے فرائض: سات چیزیں نماز میں فرض ہیں:

۱-تکبیر تحریمہ، ۲-قیام، ۳-قرأت،

۴-رکوع، ۵-سجدہ، ۶-آخری قعدہ،

۷-خروج بصنعہ یعنی اپنے ارادہ (عمل) سے نماز سے باہر آنا۔

(د) مسجد میں بات کرنے کا حکم کیا ہے؟

جواب: مسجد میں بات کرنے کا حکم: مباح باتیں کرنا بھی مسجد میں منع ہیں اور وہاں بلند آواز کرنا ناجائز ہے۔

(ہ) سجدہ سہو کا طریقہ لکھیں؟

جواب: سجدہ سہو کا طریقہ: نماز کے آخر میں التحیات پڑھنے کے بعد دائیں طرف سلام پھیر کر دو سجدے کریں اور پھر شروع سے التحیات وغیرہ پڑھ کر دونوں طرف سلام پھیریں۔

(و) اذان کے ثواب پر ایک حدیث لکھیں؟

جواب: ثواب اذان سے متعلق حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تمہیں معلوم ہو تا کہ اذان پڑھنے کا کتنا ثواب ہے، تو آپس میں تلواریں چلتیں۔ (رواہ احمد)

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظيم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے تیسرا پرچہ: صرف کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں میں سے کوئی سے دو دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل...... ميزان الصرف و منشعب

سوال نمبر 1:۔ (الف) فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں نیز فعل مضارع معروف کی گردان تحریر کریں؟

(ب) ماضی قریب معروف کی گردان لکھیں؟

سوال نمبر 2:۔ (الف) ماضی مطلق مجہول بنانے کا طریقہ اور اس کی گردان تحریر کریں؟

(ب) ماضی بعید اور ماضی استمراری بنانے کا طریقہ مثالیں دے کر لکھیں؟

سوال نمبر 3:۔(الف) باب تفاعل کی صرف صغیر تحریر کریں؟

(ب) ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب کے نام تحریر کریں نیز ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے ابواب کے نام قلمبند کریں؟

حصہ دوم...... صرف بہتر ال

سوال نمبر 4:۔(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں؟

(ب) معرب اور مبنی کی تعریفات مثالوں کے ساتھ تحریر کریں؟

سوال نمبر 5:۔(الف) ضَرَبَتْ، ضَارِبٌ اور يَضْرِبْنَ میں سے دو کی بنائیں تحریر کریں؟

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالوں کے ساتھ لکھیں؟

(۱) حروف اصلیہ (۲) مہموز (۳) اجواف واوی

(۴) اسم (۵) فعل امر

سوال نمبر 6:۔(الف) اٰمَنَ والا قانون مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ب) قانون کا لغوی اور اصطلاحی معنیٰ تحریر کریں نیز جمع اقصیٰ بنانے کا ضابطہ تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2025ء

تیسرا پرچہ: صرف

حصہ اوّل...... میزان الصرف و منشعب

سوال نمبر 1:۔(الف) فعل مضارع مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں نیز فعل مضارع معروف کی گردان تحریر کریں؟

جواب: مضارع مجہول بنانے کا قاعدہ: مضارع مجہول مضارع معروف سے بناتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ علامت مضارع کو ضمہ دیں گے اور عین کلمہ کو فتحہ دیں گے اور لام کلمہ کو اپنے حال پر رہنے دیا تو مضارع مجہول بن جائے گا جیسے يَضْرِبُ سے يُضْرَبُ۔

گردان مضارع معروف:

يَنْصُرُ، يَنْصُرَانِ، يَنْصُرُوْنَ، تَنْصُرُ،

تَنْصُرَانِ،	يَنْصُرْنَ،	تَنْصُرُ،	تَنْصُرَانِ،
تَنْصُرُوْنَ،	تَنْصُرِيْنَ،	تَنْصُرْنَ،	تَنْصُرْنَ،
أَنْصُرُ،	نَنْصُرُ		

(ب) ماضی قریب معروف کی گردان لکھیں؟

جواب: ماضی قریب معروف کی گردان:

قَدْ نَصَرَ،	قَدْ نَصَرَا،	قَدْ نَصَرُوْا،	قَدْ نَصَرَتْ،
قَدْ نَصَرَتَا،	قَدْ نَصَرْنَ،	قَدْ نَصَرْتَ،	قَدْ نَصَرْتُمَا،
قَدْ نَصَرْتُمْ،	قَدْ نَصَرْتِ،	قَدْ نَصَرْتُمَا،	قَدْ نَصَرْتُنَّ،
قَدْ نَصَرْتُ،	قَدْ نَصَرْنَا۔		

سوال نمبر2:۔(الف) ماضی مطلق مجہول بنانے کا طریقہ اور اس کی گردان تحریر کریں؟

جواب: ماضی مجہول بنانے کا طریقہ: ماضی مجہول ماضی معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ پہلے حرف کو ضمہ دیا اور عین کلمہ کو کسرہ دیا اور لام کلمہ کو اپنے حال پر چھوڑا، تو ماضی مجہول بن جائے گا جیسے ضَرَبَ سے ضُرِبَ۔

(ب) ماضی بعید اور ماضی استمراری بنانے کا طریقہ مثالیں دے کر لکھیں؟

جواب: ماضی بعید کا طریقہ: ماضی مطلق کے شروع میں کَانَ لگا دینے سے ماضی بعید بن جاتی ہے جیسے کَانَ ضَرَبَ۔

ماضی استمراری کا طریقہ: مضارع کے شروع میں کَانَ لگا دینے سے ماضی استمراری بن جاتی ہے جیسے کَانَ یَضْرِبُ۔

سوال نمبر3:۔(الف) باب تفاعل کی صرف صغیر تحریر کریں؟

جواب: صرف صغیر:

تَقَابَلَ،	يَتَقَابَلُ،	تَقَابُلًا،	فَهُوَ مُتَقَابِلٌ،
وَتُقُوْبِلَ،	يُتَقَابَلُ،	تَقَابُلًا،	فَذَاكَ،
مُتَقَابَلٌ،	لَمْ يَتَقَابَلْ،	لَمْ يُتَقَابَلْ،	لَا يَتَقَابَلُ،
لَا يُتَقَابَلُ،	لَنْ يَتَقَابَلَ،	لَنْ يُتَقَابَلَ،	اَلْاَمْرُ مِنْهُ،

H_M_Hasnain_Asadi

تَقَابَلَ، لِتُتَقَابَلْ، لِيَتَقَابَلْ، لِيَتَقَابَلْ،
وَالنَّهْيُ عَنْهُ، لَا تَتَقَابَلْ، لَا تَتَقَابَلْ، لَا يَتَقَابَلْ،
لَا يُتَقَابَلْ، الظرف منه، مُتَقَابَلٌ، مُتَقَابَلَانِ،
مُتَقَابَلَاتٌ۔

(ب) ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب کے نام تحریر کریں نیز ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے ابواب کے نام قلمبند کریں؟

جواب: ثلاثی مجرد مطرد کے ابواب:

(۱) فَعَلَ يَفْعُلُ، (۲) فَعَلَ يَفْعِلُ، (۳) فَعِلَ يَفْعَلُ،
(۴) فَعَلَ يَفْعَلُ، (۵) فَعُلَ يَفْعُلُ

ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے ابواب:

۱-اِفْعَالٌ ۲-تَفْعِيلٌ ۳-تَفَعُّلٌ ۴-مُفَاعَلَةٌ ۵-تَفَاعُلٌ

حصہ دوم...... صرف بہترال

سوال نمبر 4:۔(الف) علم صرف کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں؟

جواب: تعریف: وہ علم جس میں ایک صیغہ سے دوسرا صیغہ بنانے کا طریقہ معلوم ہو۔

موضوع: اس علم کا موضوع کلمہ ہے صیغہ کے لحاظ سے۔

غرض: ذہن کو لفظی غلطی سے بچانا۔

(ب) معرب اور مبنی کی تعریفات مثالوں کے ساتھ تحریر کریں؟

جواب: تعریف معرب: معرب وہ اسم ہے جس کا آخر عامل کے بدلنے سے بدل جائے جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ ۔ضَرَبْتُ زَيْدًا' ضَرَبْتُ بِزَيْدٍ

تعریف مبنی: مبنی وہ اسم ہے جس کا آخر عامل کے بدلنے سے نہ بدلے جیسے هٰؤُلَاءِ ۔ جَاءَنِيْ هٰؤُلَاءِ' رَاَيْتُ هٰؤُلَاءِ ' مَرَرْتُ بِهٰؤُلَاءِ

سوال نمبر 5:۔(الف) ضَرَبَتْ، ضَارِبٌ اور يَضْرِبْنَ میں سے دو کی بنائیں تحریر کریں؟

جواب: الفاظ کی بنائیں: ضَرَبَتْ، ضَارِبٌ کو يَضْرِبُ سے اس طرح بناتے ہیں کہ علامت مضارع کو حذف کیا' پھر فاء کلمہ کو فتحہ دیا، فاء اور عین کلمہ کے درمیان الف فاعل لائے' آخری حرف پر

تنوین دی تو ضَارِبٌ ہو گیا۔

ضَرَبَتْ: واحد مذکر غائب کے صیغہ کے آخر میں تاء ساکنہ علامت تانیث لاحق کی تو ضَرَبَ سے ضَرَبَتْ ہو گیا۔

یَضْرِبْنَ: تَضْرِبُ سے اس طرح بنا کہ تاء کو حذف کر کے اس کی جگہ یاء لائے اور آخر میں نون علامت جمع مؤنث وضمیر فاعل لائے اور نون کے ماقبل کو ساکن کیا یَضْرِبْنَ ہو گیا۔

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات مثالوں کے ساتھ لکھیں؟

(۱) حروف اصلیہ (۲) مہموز (۳) اجوف واوی

(۴) اسم (۵) فعل امر

جواب: اصطلاحات کی تعریفیں: حروف اصلیہ: وہ حروف جو وزن کرتے وقت فاء، عین اور لام کے مقابلہ میں آئیں جیسے نَصَرَ بروزن فَعَلَ۔

مہموز کی تعریف: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ کے مقابلہ میں ہمزہ ہو جیسے سَأَلَ۔

اجواف واوی کی تعریف: وہ اسم یا فعل کہ جس کے عین کلمہ کی جگہ حرف علت واؤ، یا یاء ہو جیسے قَوْلٌ قَالَ۔

اسم کی تعریف: وہ کلمہ جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور کسی زمانہ کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو جیسے زَیْدٌ۔

فعل امر کی تعریف: وہ فعل جس میں کسی کام کا حکم دیا جائے جیسے اُنْصُرْ۔

سوال نمبر 6:۔ (الف) اٰمَنَ والا قانون مثالوں سمیت تحریر کریں؟

جواب: اٰمَنَ والا قانون: قانون: ہر ہمزہ متحرکہ کے بعد ہمزہ ساکنہ ہو، تو اسے ماقبل حرف کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنا واجب ہے مثلاً اٰمَنَ، اُوْمِنَ، اِیْمَانًا جو اصل میں أَأْمَنَ، أُؤْمِنَ، اِءْمَانًا تھے۔

(ب) قانون کا لغوی اور اصطلاحی معنی تحریر کریں نیز جمع اقصیٰ بنانے کا ضابطہ تحریر کریں؟

جواب: قانون کا لغوی معنی: مِسْطَرٌ

اصطلاحی معنی: وہ قاعدہ کلیہ جو اپنی تمام جزئیات پر صادق آئے۔

جمع اقصیٰ بنانے کا طریقہ: جمع اقصیٰ بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ اسم کے پہلے دو حروف کو فتحہ دیں گے تیسری جگہ جمع اقصیٰ کی علامت الف لائیں گے، اس کے بعد دو حرف ہوں گے تو پہلا مکسور اور

دوسرے پر کوئی بھی حرکت آسکتی ہے جیسے مَسْجِدٌ سے مَسَاجِدُ۔ اگر الف کے بعد تین حروف ہوں گے تو پہلا مکسور، دوسری جگہ یاء ساکن اور تیسرے حرف پر کوئی بھی حرکت آسکتی ہے مثلاً مِصْبَاحٌ سے مَصَابِيْحُ۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے چوتھا پرچہ: نحو کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل...... نحو میر

سوال نمبر 1:۔(الف) مفرد اور مرکب کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں؟

(ب) جملہ انشائیہ کی اقسام تحریر کریں؟

(ج) علامات اسم مثالوں سمیت بیان کریں؟

سوال نمبر 2:۔(الف) مذکر کی تعریف کریں نیز مؤنث کی علامت مثالوں کے ساتھ لکھیں؟

(ب) جمع قلت کے اوزان مثالوں سمیت تحریر کریں؟

(ج) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

کلمہ مرکب غیر مفید نکرہ معرب اسم متمکن

سوال نمبر 3:۔(الف) اسباب منع صرف کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تعداد اور نام لکھیں نیز غیر منصرف کا حکم بھی تحریر کریں؟

(ب) عوامل معنوی کتنے اور کون کون سے ہیں؟ وضاحت کریں؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے تین کا اعراب مثالوں سمیت لکھیں؟

(۱) اسماء ستہ مکبرہ (۲) اسم مقصور

(۳) جاری مجری صحیح (۴) اسم منقوص

حصہ دوم...... نظم مائۃ عامل

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) حروف مشبہ بالفعل شعر کی صورت میں تحریر کریں؟

(ب) فعل کو جزم دینے والے اسماء کتنے اور کون کونسے ہیں؟

(ج) فعل مضارع کو جزم دینے والے حروف کتنے اور کون کونسے ہیں؟

(د) شعر کا ترجمہ کریں؟

واؤ یاؤ ہمزہ و الّا أیا وای ھَیا

ناصب اسمند پس ایں ہفت حرف اے مقتداء

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2025ء

چوتھا پرچہ: نحو

حصہ اوّل...... نحو میر

سوال نمبر 1:۔ (الف) مفرد اور مرکب کی تعریفات مثالوں سمیت لکھیں؟

جواب: تعریف مفرد: وہ تنہا لفظ جو ایک معنی پر دلالت کرے جیسے رَجُلٌ۔

تعریف مرکب: وہ لفظ جو دو یا دو سے زائد کلمات سے مل کر بنے جیسے غُلَامُ زَیْدٍ۔

(ب) جملہ انشائیہ کی اقسام تحریر کریں؟

جواب: جملہ انشائیہ کی اقسام:

۱- امر جیسے اِضْرِبْ ۲- نہی جیسے لَا تَنْصُرَ

۳- استفہام جیسے هَلْ زَیْدٌ قَائِمٌ ۴- تمنی جیسے لَیْتَ خَالِدًا حَاضِرٌ

۵- ترجی جیسے لَعَلَّ عَمْرًوا غَائِبٌ ۶- عقود جیسے اِشْتَرَیْتُ

۷- عرض جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا ۸- قسم جیسے وَاللهِ لَاَضْرِبَنَّ زَیْدًا

۹- نداء جیسے یَا اَللهُ ۱۰- تعجب جیسے مَا اَحْسَنَهٗ وَاَحْسِنْ بِهٖ

(ج) علامات اسم مثالوں سمیت بیان کریں؟

جواب: علامت اسم:

☆ الف لام کا شروع میں ہونا جیسے اَلْحَمْدُ ☆ تنوین کا آخر میں ہونا جیسے زَیْدٌ

☆شروع میں حرف جر ہونا جیسے بِزَیْدٍ ☆مسند الیہ ہونا جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ

☆مضاف ہونا جیسے غُلَامُ زَیْدٍ ☆مصغر ہونا جیسے قُرَیْشٌ

☆منسوب ہونا جیسے بَغْدَادِیٌّ ☆مثنیٰ ہونا جیسے رَجُلَانِ

☆جمع ہونا جیسے رِجَالٌ ☆موصوف ہونا جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ

☆آخر میں تائے متحرکہ کا ملا ہونا جیسے ضَارِبَۃٌ

سوال نمبر 2:۔(الف) مذکر کی تعریف کریں نیز مؤنث کی علامت مثالوں کے ساتھ لکھیں؟

جواب: مذکر کی تعرف: مذکر وہ اسم ہے جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ ہو جیسے زَیْدٌ

مؤنث کی علامات: مونث کی علامات چار ہیں:

(۱) تائے ملفوظہ جیسے اِمْرَأَۃٌ (۲) تائے مقدرہ جیسے اَرْضٌ

(۳) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰی (۴) الف ممدودہ جیسے حَمْرَآءُ

(ب) جمع قلت کے اوزان مثالوں سمیت تحریر کریں؟

جواب: جمع قلت کے اوزان: جمع قلت کے چھ اوزان ہیں، جو درج ذیل ہیں:

☆اَفْعُلٌ جیسے: اَحْرُفٍ ☆اَفْعَالٌ جیسے: اَقْوَالٌ

☆اَفْعِلَۃٌ جیسے: اَعْوِنَۃٌ ☆فِعْلَۃٌ جیسے: غِلْمَۃٌ

☆بغیر الف لام کے جمع مذکر سالم جیسے: مُسْلِمُوْنَ

☆بغیر الف لام کے جمع مؤنث سالم جیسے: مُسْلِمَاتٌ

(ج) مندرذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات لکھیں؟

کلمہ مرکب غیر مفید نکرہ معرب اسم متمکن

جواب: تعریفات: کلمہ کی تعریف: وہ اکیلا لفظ جو ایک معنی پر دلالت کرے۔ مثلاً زَیْدٌ

مرکب غیر مفید: وہ مرکب کہ کہنے والا کہہ کر چپ ہو جائے، تو سننے والے کو کوئی خبر یا طلب معلوم نہ ہو جیسے: اَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا

نکرہ: وہ اسم جو غیر معین چیز پر دلالت کرے جیسے: رَجُلٌ

معرب: وہ اسم جس کا آخر عامل کے مختلف ہونے سے مختلف ہو جائے جیسے: ضَرَبَ زَیْدٌ

اسم متمکن: وہ اسم جو مبنی الاصل کے مشابہہ نہ ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ

سوال نمبر 3:۔ (الف) اسبابِ منع صرف کتنے اور کون کون سے ہیں؟ تعداد اور نام لکھیں نیز غیر منصرف کا حکم بھی تحریر کریں؟

جواب: اسبابِ منع صرف: غیر منصرف کے اسباب نو ہیں جو درج ذیل ہیں:

عدل، وصف، تانیث، معرفہ، عجمہ، جمع، ترکیب، وزنِ فعل، الف ونون زائدتان۔

حکم: غیر منصرف کا حکم یہ ہے کہ اس پر کسرہ اور تنوین نہیں آتا۔

(ب) عوامل معنوی کتنے اور کون کون سے ہیں؟ وضاحت کریں

جواب: عوامل معنوی: عوامل معنوی دو ہیں: (۱) ابتداء، (۲) خلو۔

ابتداء: یعنی اسم کا عوامل لفظیہ سے خالی ہونا، یہ مبتداء اور خبر کو رفع دیتا ہے جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ۔

خُلُو: یعنی مضارع کا نواصب اور جوازم سے خالی ہونا، یہ فعل مضارع کو رفع دیتا ہے جیسے یَضْرِبُ۔

(ج) مندرجہ ذیل میں سے تین کا اعراب مثالوں سمیت لکھیں؟

(۱) اسماء ستہ مکبرہ (۲) اسم مقصور

(۳) جاری مجریٰ صحیح (۴) اسم منقوص

جواب: اسمائے ستہ مکبرہ کا اعراب: رفع واؤ کے ساتھ، نصب الف کے ساتھ اور جر یاء کے ساتھ جیسے جَاءَنِیْ اَخُوْكَ، رَاَیْتُ اَخَاكَ، مَرَرْتُ بِاَخِیْكَ۔

اسم مقصور کا اعراب: رفع ضمہ تقدیر کے ساتھ، نصب فتحہ تقدیری کے ساتھ اور جر کسرہ تقدیری کے ساتھ جیسے جَاءَ عِیْسٰی، رَاَیْتُ عِیْسٰی، مَرَرْتُ بِعِیْسٰی۔

جاری مجریٰ صحیح کا اعراب: رفع ضمہ کے ساتھ، نصب فتحہ کے ساتھ اور جر کسرہ کے ساتھ جیسے جَاءَنِیْ دَلْوٌ، رَاَیْتُ دَلْوًا، مَرَرْتُ بِدَلْوٍ۔

اسم منقوص کا اعراب: رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ، نصب فتحہ لفظی کے ساتھ اور جر کسرہ تقدیری کے ساتھ جیسے جَاءَ الْقَاضِیْ، رَاَیْتُ الْقَاضِیَ، مَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ۔

حصہ دوم...... نظم مائۃ عامل

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) حروف مشبہ بالفعل شعر کی صورت میں تحریر کریں؟

جواب: حروف مشبہ بالفعل بصورت شعر:

اِنَّ بَا لَنَّ کَاَنَّ لَیْتَ لٰکِنَّ لَعَلَّ

نَاصِبِ اسمند و رافع در خبر ضد مَاوَلَا

(ب) فعل کو جزم دینے والے اسماء کتنے اور کون کونسے ہیں؟

جواب: اسمائے جازمہ: فعل کو جزم دینے والے اسماء نو ہیں اور وہ یہ ہیں:

مَنْ مَا اَیْنَ مَتٰی اَیٌّ اَنّٰی

اِذْمَا حَیْثُمَا مَھْمَا

(ج) فعل مضارع کو جزم دینے والے حروف کتنے اور کون کونسے ہیں؟

جواب: حروف جامہ: فعل مضارع کو جزم دینے ولاے حروف پانچ ہیں:

لَمْ لَمَّا لام امر لائے نہی اِنْ شرطیہ

(د) شعر کا ترجمہ کریں؟

واَوْ یَاوْ همزه والَّا اَیَا وأی هَیَا

ناصب اسمند پس ایں ہفت حرف اے مقتداء

جواب: ترجمہ: اسم کو نصب دینے والے حروف سات ہیں (اور وہ یہ ہیں)۔

واوَ، یاء، ہمزہ، اِلا، اَیَا اَیْ، ھَیَا۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک۔سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: سیرت وعربی ادب | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل...... سیرت

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد نے کتنے برس کی عمر میں انتقال فرمایا؟
(۲) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی پانچ اسماء تحریر کریں؟
(۳) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا اسم گرامی کیا تھا؟
(۴) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ بنی سعد میں کتنے سال رہے؟
(۵) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے چچا تھے؟
(۶) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹوں کی تعداد تحریر کریں؟
(۷) ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام تحریر کریں؟

سوال نمبر 2:۔درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟
(۱) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیوں کے نام تحریر کریں؟
(۲) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھیاں کتنی تھیں؟
(۳) سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ کس نے پڑھایا؟
(۴) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلا نکاح کس عمر میں فرمایا؟
(۵) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا وصال کس مقام پر ہوا؟
(۶) سفر معراج کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کیا تھی؟
(۷) نعلین پاک کی حفاظت کرنے والے صحابی کا نام تحریر کریں؟

حصہ دوم...... عربی ادب

سوال نمبر 3:۔(الف) درج ذیل میں سے ایک جزء کا ترجمہ تحریر کریں؟

(۱) صَدِيْقِيْ يَمْشِيْ فِي الْحَدِيْقَةِ فِي الْحَدِيْقَةِ اَشْجَارٌ كَبِيْرَةٌ وَ مَقَاعِدُ نَظِيْفَةٌ وَ اَزْهَارٌ جَمِيْلَةٌ وَ وُرُوْدٌ بَدِيْعَةٌ صَدِيْقِيْ يَقْطِفُ وَرْدَةً وَيَشُمُّ الْوَرْدَةَ وَ يَقُوْلُ رَائِحَةُ الْوَرْدَةِ طَيِّبَةٌ جِدًّا .

(۲) رَشِيْدٌ تِلْمِيْذٌ ذَكِيٌّ عُمْرُهٗ سَبْعُ سَنَوَاتٍ وَلَهٗ اَخٌ وَاحِدٌ وَاُخْتٌ وَاحِدَةٌ اَخُوْ رَشِيْدٍ اِسْمُهُ الْفَضْلُ وَاُخْتُهٗ اِسْمُهَا زَيْنَبُ اَلْفَضْلُ عُمْرُهٗ خَمْسُ سَنَوَاتٍ وَزَيْنَبُ عُمْرُهَا اَرْبَعُ سَنَوَاتٍ .

(ب) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں؟

(۱) مَا ذَا يَفْعَلُ خَالِدٌ؟ (۲) أَنَا فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ

(۳) هٰذِهٖ زَهْرَةٌ (۴) هَلْ تَرَانِيْ؟

(۵) أَنْتَ تَقْرَأُ (۶) أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ

(۷) هٰذِهٖ دَارٌ۔

سوال نمبر ۸:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) میں گھڑی کی آواز سنتا ہوں۔ (۲) تو طارق ہے۔

(۳) زید میرے آگے ہے۔ (۴) اس کا پھل کڑوا ہے۔

(۵) میرے ہاتھ میں ایک قلم ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے دو الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟

(۱) كِتَابٌ (۲) اَلصُّوْرَةُ (۳) مِفْتَاحٌ (۴) بَابٌ

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2025ء

پانچواں پرچہ: سیرت و عربی ادب

حصہ اوّل...... سیرت

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد نے کتنے برس کی عمر میں انتقال فرمایا؟

جواب: وقت وصال والد ماجد کی عمر مبارک: ایک قول کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ماجد کی عمر مبارک بوقت وصال پچیس برس تھی اور دوسرے قول کے مطابق اٹھائیس برس تھی لیکن پہلا قول اصح ہے۔

(۲) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی پانچ اسماء تحریر کریں؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ اسماء: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ اسماء مبارکہ درج ذیل ہیں:

۱۔شاہد ۲۔مبشر ۳۔نذیر ۴۔خاتم ۵۔مصطفیٰ

(۳) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا اسم گرامی کیا تھا؟

جواب: دادا کا نام: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام "حضرت عبدالمطلب رضی اللہ عنہ" تھا۔

(۴) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ بنی سعد میں کتنے سال رہے؟

جواب: قبیلہ بنی سعد میں رہنے کا عرصہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ بنی سعد میں پانچ برس رہے۔

(۵) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کتنے چچا تھے؟

جواب: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچاؤں کی تعداد: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچاؤں کی تعداد گیارہ (۱۱) تھی۔

(۶) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹوں کی تعداد تحریر کریں؟

جواب: فرزندوں کی تعداد: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزندوں (بیٹوں) کی تعداد تین تھی۔

(۷) ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے والد کا نام تحریر کریں؟

جواب: حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام: ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد کا نام "حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ" تھا۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(۱) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیوں کے نام تحریر کریں؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بنات کے اسماء: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بنات (بیٹیوں) کے اسماء مبارکہ یہ ہیں:

حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا

(۲) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھیاں کتنی تھیں؟

جواب: پھوپھیوں کی تعداد: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چھ پھوپھیاں تھیں۔

(۳) سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا جنازہ کس نے پڑھایا؟

جواب: سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جنازہ پڑھانے والے صحابی کا نام: اس حوالے سے تین اقوال ہیں: پہلے قول کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ نے، دوسرے قول کے مطابق حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے اور تیسرے قول کے مطابق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ پڑھائی۔ ان میں پہلا قول عروہ کا ہے دوسرا عمرۃ بنت عبدالرحمٰن کا ہے اور تیسرا

نخعی کا ہے۔ شیخ ابن ناصر حافظ کے نزدیک آخری قول اصح ہے۔

(۴) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلا نکاح کس عمر میں فرمایا؟

جواب: نکاح اوّل کے وقت عمر مبارک: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نکاح اوّل کے وقت عمر مبارک پچیس (۲۵) سال تھی۔

(۵) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا وصال کس مقام پر ہوا؟

جواب: والدہ ماجدہ کے وصال کا مقام: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا وصال ''مقام ابواء'' میں ہوا۔

(۶) سفر معراج کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: سفر معراج کے وقت عمر مبارک: جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سفر معراج پر تشریف لے کر گئے، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک پچاس برس اور تین مہینے تھی۔

(۷) نعلین پاک کی حفاظت کرنیوالے صحابی کا نام تحریر کریں؟

جواب: نعلین اقدس کی حفاظت کرنے والے صحابی کا نام: جو صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نعلین اقدس کی حفاظت پر مامور تھے، ان کا نام ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ'' ہے/تھا۔

حصہ دوم...... عربی ادب

سوال نمبر 3:۔(الف) درج ذیل میں سے ایک جزء کا ترجمہ تحریر کریں؟

(۱) صَدِيْقِيْ يَمْشِيْ فِي الْحَدِيْقَةِ فِي الْحَدِيْقَةِ اَشْجَارٌ كَبِيْرَةٌ وَ مَقَاعِدُ نَظِيْفَةٌ وَ اَزْهَارٌ جَمِيْلَةٌ وَ وُرُوْدٌ بَدِيْعَةٌ صَدِيْقِيْ يَقْطِفُ وَرْدَةً وَيَشُمُّ الْوَرْدَةَ وَ يَقُوْلُ رَائِحَةُ الْوَرْدَةِ طَيِّبَةٌ جِدًّا .

(۲) رَشِيْدٌ تِلْمِيْذٌ ذَكِيٌّ عُمْرُهٗ سَبْعُ سَنَوَاتٍ وَلَهٗ اَخٌ وَاحِدٌ وَاُخْتٌ وَاحِدَةٌ اَخُوْ رَشِيْدٍ اِسْمُهُ الْفَضْلُ وَاُخْتُهٗ اِسْمُهَا زَيْنَبُ اَلْفَضْلُ عُمْرُهٗ خَمْسُ سَنَوَاتٍ وَ زَيْنَبُ عُمْرُهَا اَرْبَعُ سَنَوَاتٍ .

جواب: اجزاء کا ترجمہ:

۱- میرا دوست باغ میں چلتا ہے، باغ میں بڑے بڑے درخت ہیں۔ صاف ستھرے بینچ، خوبصورت کلیاں اور نفیس پھول ہیں۔ میرا دوست پھول توڑتا ہے' پھول سونگھتا ہے اور یوں کہتا ہے: پھول کی

خوشبو بہت نفیس ہے۔

۲۔ رشید ذہین طالب علم ہے اس کی عمر سات سال ہے، اس کا ایک بھائی ہے اور اس کی ایک بہن ہے۔ رشید کے بھائی کا نام فضل ہے اور اس کی بہن کا نام زینب ہے۔ فضل کی عمر پانچ سال ہے اور زینت کی عمر چار سال ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں؟

(۱) مَا ذَا يَفْعَلُ خَالِدٌ؟　(۲) أَنَا فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ

(۳) هٰذِهٖ زَهْرَةٌ　(۴) هَلْ تَرَانِيْ؟

(۵) أَنْتَ تَقْرَأُ　(۶) أَكْتُبُ بِالْقَلَمِ　(۷) هٰذِهٖ دَارٌ .

جواب: جملوں کا ترجمہ:

۱- خالد کیا کرتا ہے؟　۲- میں پہلی جماعت میں ہوں۔

۳- یہ پھول ہے۔　۴- کیا تو مجھے دیکھتا ہے؟

۵- تو پڑھتا ہے۔　۶- میں قلم سے لکھتا ہوں۔

۷- یہ گھر ہے۔

سوال نمبر 4:۔ (الف) درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) میں گھڑی کی آواز سنتا ہوں۔　(۲) تو طارق ہے۔

(۳) زید میرے آگے ہے۔　(۴) اس کا پھل کڑوا ہے۔

(۵) میرے ہاتھ میں ایک قلم ہے۔

جواب: جملوں کی عربی:

۱- أَسْمَعُ صَوْتَ السَّاعَةِ　۲- أَنْتَ طَارِقٌ

۳- زَيْدٌ أَمَامِيْ　۴- ثَمَرَتُهَا مَرَارَةٌ

۵- فِيْ يَدِيْ قَلَمٌ وَّاحِدٌ

(ب) درج ذیل میں سے دو الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟

(۱) كِتَابٌ　(۲) اَلصُّوْرَةُ　(۳) مِفْتَاحٌ　(۴) بَابٌ

جواب: الفاظ کا عربی جملوں میں استعمال:

كِتَابٌ: هٰذَا كِتَابٌ اَلصُّوْرَةُ: هٰذِهٖ صُوْرَةٌ

مِفْتَاحٌ: خُذْ مِفْتَاحَ بَابٍ: آنَا قَرِيْبٌ مِنَ الْبَابِ

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال اوّل)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان کل نمبر:۱۰۰

نوٹ: سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں باقی دونوں حصوں سے دو دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل...... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) جابر بن حیان.........کا ماہر تھا۔

(۲) زندگی کی ابتداء..........سے ہوئی۔

(۳) خسرے کا انجیکشن بچے کو.........ماہ میں لگایا جاتا ہے۔

(۴) پودوں کے علم کو.........کہتے ہیں۔

(۵) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے.........استعمال ہوتی ہے۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

(۱) بوعلی سینا طب کے بانی تھے۔

(۲) "کتاب المناظر" البیرونی کی تصنیف ہے۔

(۳) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔

(۴) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

(۵) دماغی بیماریوں کا علاج بہت ضروری ہے۔

سوال نمبر 2:۔ دو پاکستانی سائنسدانوں کے نام اور اہم کارنامے تحریر کریں؟

سوال نمبر 3:۔ پولیو کی علامات، وجوہات اور بچاؤ لکھیں؟

سوال نمبر 4:۔ قرآن حکیم کی روشنی میں سائنسی اور علم کی اہمیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں؟

حصہ دوم...... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) شہاب الدین غوری کے آزاد کردہ غلام کا نام............تھا۔

(۲) مسلمان اور غیر مسلم دو............ہیں۔

(۳) شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ............کو دہلی میں پیدا ہوئے۔

(۴) کسی بھی معاشرے میں............کی حکمرانی ضروری ہے۔

(۵) ....میں قائداعظم نے چودہ نکات پر مشتمل اصولوں کا خاکہ تیار کیا۔

(ب) درج ذیل میں صرف دو مختصر جواب دیں۔

(۱) امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے معاشی نکات لکھیں؟

(۲) برصغیر کے مسلمانوں کے زوال کے دو اسباب تحریر کریں؟

(۳) عدل وانصاف کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیں؟

سوال نمبر 6:۔ دوقومی نظریہ اور حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں مفصل نوٹ لکھیں؟

سوال نمبر 7:۔ انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟

سوال نمبر 8:۔ قائداعظم کے چودہ نکات تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال اوّل) برائے طلباء 2025ء

چھٹا پرچہ: جنرل سائنس و مطالعہ پاکستان

حصہ اوّل...... جنرل سائنس

سوال نمبر 1:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) جابر بن حیان............کا ماہر تھا۔

(۲) زندگی کی ابتداء............سے ہوئی۔

(۳) خسرے کا انجکشن بچے کو............ماہ میں لگایا جاتا ہے۔

(۴) پودوں کے علم کو............کہتے ہیں۔

(۵) بیکٹیریا کو دیکھنے کے لیے............استعمال ہوتی ہے۔

جواب: خالی جگہ پُر:

۱-علم کیمیا ۲-پانی ۳-نو ماہ ۴-بانی ۵-خوردبین

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں؟

(۱) بوعلی سینا طب کے بانی تھے۔

(۲) ''کتاب المناظر'' البیرونی کی تصنیف ہے۔

(۳) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔

(۴) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔

(۵) دماغی بیماریوں کا علاج بہت ضروری ہے۔

جواب: غلط اور درست کی نشاندہی:

۱-غ ۲-غ ۳-ص ۴-غ ۵-ص

سوال نمبر 2:۔ دو پاکستانی سائنسدانوں کے نام اور اہم کارنامے تحریر کریں؟

جواب: دو پاکستانی سائنسدانوں کے نام مع اہم کارنامے:

(۱) **ڈاکٹر عبد القدیر خان:** آپ عالمی شہرت یافتہ پاکستانی ایٹمی سائنس دان ہیں۔ ڈاکٹر عبد القدیر خان یکم اپریل 1936ء کو بھارت کے شہر بھوپال میں پیدا ہوئے۔

آپ نے ابتدائی تعلیم بھوپال سے ہی حاصل کی۔ 1952ء میں بھوپال سے ہجرت کر کے کراچی آ گئے پھر لیون یونیورسٹی بیلجیم سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور 1957ء میں مستقل طور پر پاکستان سکونت پذیر ہوئے اور کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری کے ڈائریکٹر بنے۔ آپ کی خدمات کے صلہ میں اس لیبارٹری کا نام اے کیو خان ریسرچ لیبارٹریز رکھا گیا۔

پاکستان کا کامیاب ایٹمی تجربہ: 28 مئی 1998ء کو دوسرے پاکستانی سائنسدانوں کے تعاون سے آپ نے بلوچستان میں چاغی کے مقام پر کامیاب نیوکلیئر تجربہ کیا' یوں پاکستان ایٹمی طاقت بنا۔ پاکستانی قوم ڈاکٹر قدیر خان کی خدمت کو بھلا نہیں سکتی۔

(۲) **ڈاکٹر منیر خان:** آپ 1926ء میں قصور میں پیدا ہوئے۔ 1973ء میں قصور سے لاہور تشریف لے آئے۔ آپ نے اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد 1957ء میں انٹرنیشنل اٹامک ایجنسی میں 1971ء تک ملازمت کی۔

چیئر مین بطور پاکستان اٹامک انرجی کمیشن: آپ 20 جنوری 1972ء میں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چیئر مین بنے پھر 1990ء میں آپ کمیشن کی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہوئے۔

آپ کی سربراہی میں زرعی تحقیق، میڈیسن اور اٹامک انرجی میں بہت زیادہ ترقی ہوئی۔

سوال نمبر 3:۔ پولیو کی علامات، وجوہات اور بچاؤ لکھیں؟

جواب: پولیو کی علامات: اس بیماری میں زکام کے ساتھ بخار، قئے اور عضلات میں درد ہوتی ہے۔ اگر وائرس کا حملہ زیادہ خطرناک ہو، تو جسم کا ایک حصہ کمزور یا مفلوج ہو جاتا ہے۔

وجوہات: یہ وائرس کھانے پینے کی اشیاء کے ذریعے منہ کے راستے نروس سسٹم میں داخل ہوتا ہے اور نظام انہضام سے خون کی نالیوں میں پہنچ جاتا ہے، اور مریض کے عصبی نظام پر حملہ کر کے نرو سیلز کو تباہ کر دیتا ہے اور فالج کا سبب بن جاتا ہے۔

بچاؤ: اس سے بچنے کا سب سے اہم طریقہ پولیو ویکسین ہے، پاکستان میں پولیو کا مدافعتی ویکسین ای۔پی۔آئی ایک اہم سنگ میل ہے۔

سوال نمبر 4:۔ قرآن حکیم کی روشنی میں سائنسی اور علم کی اہمیت پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں؟

جواب: سائنس اور علم کی اہمیت: اسلام ایک مکمل دین ہے، جو زندگی کے تمام حقائق کو پیش نظر رکھتا ہے اور قدرت کے مظاہر اور دستیاب کو انسانی فلاح اور بہبود کے لیے استعمال میں لانے کی دعوت دیتا ہے۔ جس تعلیم کی اسلام تلقین کرتا ہے اس کی بنیاد دلیل، مشاہدہ، تجربہ اور نتیجہ اخذ کرنے پر ہوتی ہے۔ قرآن کی بہت سی آیات اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ. اسی طرح دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے: اَفَلَا یَتَفَکَّرُوْنَ ۔ تیسری جگہ ارشاد ہے: اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ ۔ اس طرح اور بھی آیات مبارکہ ہیں جو تعلیم کی تلقین کی طرف اشارہ کرتی ہے۔ مثال کے طور پر سورۃ الذاریات میں ہے کہ "اور ہم نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کیے تا کہ تم سمجھو"۔ اسی طرح احادیث مبارکہ میں بھی علم کی فضیلت، اہمیت اور اس کی فرضیت کو بیان کیا گیا۔

اس کے علاوہ سورۃ بنی اسرائیل میں ہے: "اور تمھیں نہایت تھوڑا علم دیا گیا ہے"۔

یوں قرآن کریم میں ہمیں متعدد مقامات پر غور وفکر کرنے کا درس ملتا ہے اور یہ چیز سائنس کی بنیاد ہے۔

حصہ دوم.... مطالعہ پاکستان

سوال نمبر 5:۔ (الف) خالی جگہ پُر کریں؟

(۱) شہاب الدین غوری کے آزاد کردہ غلام کا نام.........تھا۔

(۲) مسلمان اور غیر مسلم دو.........ہیں۔

(۳) شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ.........کو دہلی میں پیدا ہوئے۔

(۴) کسی بھی معاشرے میں.........کی حکمرانی ضروری ہے۔

(۵) ....میں قائداعظم نے چودہ نکات پر مشتمل اصولوں کا خاکہ تیار کیا۔

جواب: خالی جگہ پُر کریں:

۱-قطب الدین ایبک ۲-الگ قومیں ۳-1703ء

۴-قانون ۵-1929ء

(ب) درج ذیل میں صرف دو مختصر جواب دیں؟

(۱) امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے معاشی نکات لکھیں؟

جواب: امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالیٰ کے معاشی نکات: 1912ء میں امام احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے معاشی نکات پیش کیے جو کہ درج ذیل ہیں:

(i) ان امور کے علاوہ جن میں حکومت دخل انداز ہے مسلمان باہم فیصلہ کریں تا کہ مقدمہ بازی میں جو کروڑوں روپے خرچ ہو رہے ہیں پس انداز ہو سکیں۔

(ii) بمبئی، کلکتہ، رنگون، مدراس، حیدر آباد اور دکن کے تونگر مسلمان اپنے بھائیوں کے لیے بینک کھولیں۔

(iii) مسلمان اپنی قوم کے سوا کسی سے کچھ نہ خریدیں۔

(iv) علم دین کی ترویج واشاعت کریں۔

(۲) برصغیر کے مسلمانوں کے زوال کے دو اسباب تحریر کریں؟

جواب: زوال کے اسباب:

۱-نااہل حکمران ۲-نئی ایجادات سے ناواقفیت

(۳) عدل وانصاف کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیں؟

جواب: عدل وانصاف: اسلام کے قوانین کی ایک خوبی یہ ہے کہ ان قوانین سے معاشرے میں انصاف قائم ہوتا ہے۔ مجرم جو بھی ہو قانون کی گرفت میں آ جاتا ہے۔ اسی کو عدل وانصاف کہتے ہیں۔

جس کی مثال یہ ہے کہ بنو مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ کاٹ دینے کا حکم صادر فرمایا۔ جب اس کی سفارش کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس کی جگہ میری بیٹی فاطمہ بھی ایسا کرتی، تو میں اس کا بھی ہاتھ کاٹ دیتا۔

سوال نمبر 6: دو قومی نظریہ اور حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں مفصل نوٹ لکھیں؟

جواب: دو قومی نظریہ: دو قومی نظریہ سے مراد یہ ہے کہ مسلمان اور غیر مسلم دو الگ الگ قومیں ہیں، مسلمان کا دین، مذہب اور ثقافت سب جدا ہیں۔

مغلیہ دور حکومت میں اکبر بادشاہ کے دور میں دو قومی نظریہ کو ختم کر کے ہندو مسلم اتحاد کے تحت "دین الٰہی" کے نام سے ایک نیا دین متعارف کروایا گیا، جس میں ہندو مذہب کو برتری مل گئی اور مسلمانوں کے شعائر کو ختم کر دیا۔

اس نے کلمہ طیبہ میں "محمد رسول اللہ" کی جگہ "اکبر خلیفۃ اللہ" داخل کر دیا۔ گائے کی قربانی پر پابندی لگادی۔ خنزیر اور کتوں کا احترام ہونے لگا۔ شراب وجواء عام ہوگیا۔ علماء کرام کو زبردستی شراب پلائی جانے لگی۔ پردہ کرنے پر پابندی لگادی۔ ہر کسی کو بادشاہ کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا۔ کچھ مساجد شہید کر دی گئیں۔ مدارس عربیہ مسمار کر دیئے گئے، داڑھیاں منڈوادی گئیں اور سرعام اسلامی شعائر کا مذاق اڑایا جانے لگا۔

حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ کا کردار: ان حالات کا مقابلہ کرنے اور دو قومی نظریہ کو از سر نو زندہ کرنے کے لیے حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ میدان میں نکلے۔ اپ کی ولادت 971ء سرہند میں ہوئی۔ آپ رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان تین مقاصد کے لیے جدوجہد فرمائی:

☆ اسلامی حکومت کا قیام ☆ ہندوؤں سے عدم مفاہمت

☆ اسلامی ہند کی تعمیر

آپ نے ہندوؤں کی سازش کے خلاف اور دو قومی نظریہ کے احیاء کے لیے پرامن تحریک شروع کی، اس کے لیے آپ کو جیل بھی جانا پڑا۔ لیکن اس تحریک کے مثبت نتائج نکلے اور جو آزاد خیالی اکبر کے دور میں شروع ہوئی تھی، جہانگیر کے تخت نشین ہونے تک اس کا زوال شروع ہو چکا تھا۔ اورنگزیب عالمگیر کے دور میں دو قومی نظریہ کے خلاف ہندوؤں کی سازش دم توڑ چکی تھی۔

الغرض حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ تعالیٰ اور آپ کے صاحبزادگان اور ان کے سینکڑوں خلفاء

اور لاکھوں مریدین اور معتقدین کی کوششوں کے نتیجے میں عہد عالمگیری میں حیرت انگیز تبدیلیاں رونما ہوئیں۔

سوال نمبر 7:۔ انگریز کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات پر روشنی ڈالیں؟

جواب: انگریزوں کے خلاف جنگ آزادی کے محرکات: انگریزوں کی آمد شروع شروع میں انگریز تجارت کی غرض سے برصغیر میں داخل ہوئے۔ جب انہوں نے یہاں کے حالات کو اپنے لیے سازگار دیکھا' تو انہوں نے چھوٹی ریاستوں کے معاملات میں داخل اندازی شروع کر دی اور یوں وہ اپنی اثر ورسوخ بڑھانے میں کامیاب ہوگئے۔ چنانچہ ایسٹ انڈیا کمپنی نے 1757ء میں نواب سراج الدولہ سے بنگال فتح کر لیا۔ دہلی فتح کرنے کے بعد انگلستان کی ملکہ وکٹوریہ نے برصغیر کو باقاعدہ برطانیہ کی نو آبادی بنانے کا اعلان کر دیا اور یوں مسلمان انگریز اور ہندو دونوں کی غلامی میں چلے گئے اور مسلمانوں کے اقتدار کی کشتی ڈوب گئی۔

جنگ آزادی اور اس کی وجوہات: اب مسلمانوں کے سامنے دو محاذ تھے برصغیر سے انگریز کی غاصبانہ تسلط کو ختم کرنا اور برصغیر کے مسلمانوں کے لیے دو قومی نظریہ کی بنیاد پر علیحدہ مملکت کا قیام جہاں مسلمان آزادی کے ساتھ اسلامی ثقافت کو فروغ دے سکیں اور اسلامی نظام حکومت قائم ہو سکے۔ ان دو محاذوں میں سے پہلا محاذ آزادی کا تھا۔ چنانچہ برصغیر کے مسلمانوں کے آزادی ہند کے لیے جدوجہد شروع کر دی۔ اس کی بنیاد سیاسی، معاشرتی، مذہبی اور فوج وجوہات بھی تھیں، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

مسلمانوں نے اپنے اقتدار میں کبھی بھی نسلی امتیاز کی پالیسی پر عمل نہیں کیا تھا لیکن انگریز محکوم اقوام کو حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے اور معاملے میں گورے کو کالے پر ترجیح دیتے تھے۔

چونکہ انگریز نے حکوم مسلمانوں سے لی تھی اس لیے وہ مسلمانوں کو اپنا دشمن سمجھتے تھے، وہ اس بات سے ڈرتے تھے کہ کہیں مسلمان دوبارہ اقتدار میں نہ آ جائیں، یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں کو سیاسی اقتصادی اور سماجی لحاظ سے کچلنے کے لیے اپنی پوری طاقت استعمال کرتے تھے۔

انگریز حکومت برصغیر کے باشندوں کو عیسائی بنانے میں زیادہ دلچسپی لے رہی تھی اور حکومتی سرپرستی میں مشن اسکولوں اور ہسپتالوں میں کھلم کھلا عیسائیت کی تبلیغ کی جاتی تھی۔

مشنری پادریوں کی بے لگامی: چارٹر ایکٹ 1813ء کی رو سے برطانوی حکومت نے مشنری پادریوں کو برعظیم میں آنے اور یہاں آباد ہونے کی اجازت دے کر عیسائیت کی تبلیغ میں ایک نیا جو

پیدا کر دیا۔ یہ مشنری بہت تنگ نظر اور متعصب واقع ہوئے تھے۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ مختلف طریقوں سے عیسائیت کی تبلیغ شروع کر دی بلکہ دیگر مذاہب پر ناروا تنقید بھی کرتے اور نازیبا اور بیہودہ تحریروں کے ذریعے بھی نفرت پھیلا رہے تھے۔ اس کے علاوہ سرکاری طور پر عیسائیت کی سرپرستی ہونے لگی، اسلامی قوانین میں مداخلت شروع کر دی گئی۔ کمپنی کی افواج میں دیسی سپاہیوں کے ساتھ ذلت آمیز اور امتیازی سلوک کیا جاتا، مذہب کے خلاف احکام جاری کیے گئے مثلاً کسی سپاہی کو فوجی ملازمت کے دوران داڑھی رکھنے کی بھی اجازت نہ تھی۔ ان وجوہات کی بنیاد پر انگریز کے خلاف جنگ آزادی کا آغاز ہو گیا۔

<u>جنگ آزادی کا آغاز</u>: اگرچہ جنگ آزادی کے لیے یہ تمام وجوہات جواز فراہم کرتی تھیں لیکن اس کی فوری وجہ ایک نئی قسم کی رائفل اور چربی والے کارتوس کو استعمال کرنے سے پہلے دانتوں سے کاٹنا پڑتا تھا۔ فوج میں یہ افواہ پھیل گئی کہ نئی کارتوس پر گائے اور سور کی چربی لگی ہوئی ہے۔ چونکہ گائے ہندوؤں کے نزدیک مقدس اور سور مسلمانوں کے لیے حرام ہے۔ اس لیے فوجی سپاہی غصہ سے بے قابو ہو گئے، جس کے ردعمل میں 10 مئی 1857ء کو میرٹھ چھاؤنی کی تین رجمنٹوں نے کھلم کھلا بغاوت کر دی اور جنگ آزادی کا آغاز ہو گیا۔

سوال نمبر 8:۔ قائداعظم کے چودہ نکات تحریر کریں؟

جواب: <u>قائداعظم کے پیش کردہ چودہ نکات:</u>

۱۔ آئین وفاقی طرز کا ہوگا جس میں صوبوں کو خودمختاری دی جائے گی۔

۲۔ تمام صوبائی حکومتوں کو ایک ہی اصول پر داخلی خودمختاری دی جائے گی۔

۳۔ مرکزی مجلس قانون سازی میں مسلمانوں کی ایک تہائی سے کم نمائندگی نہیں ہونی چاہیے۔

۴۔ جداگانہ انتخاب کا اصول ہر فرقہ پر لاگو ہونا چاہیے۔

۵۔ صوبوں کی حدود تبدیل کرتے ہوئے اس بات کا خیال رکھا جائے کہ مسلم اکثریت والے صوبوں میں مسلمان بدستور اکثریت میں رہیں۔

۶۔ تمام لوگوں کو یکساں آزادی اور مکمل مذہبی آزادی حاصل ہو۔

۷۔ اگر کوئی قانونی مسودہ کسی خاص فرقے سے متعلق ہو، تو تین چوتھائی اراکین کی رائے سے منظور کی جائے گی۔

۸- سندھ کو بمبئی سے الگ کر کے ایک صوبہ بنا دیا جائے۔

۹- صوبوں میں اقلیتوں کو مؤثر نمائندگی دی جائے۔

۱۰- صوبہ بلوچستان اور شمال مغربی سرحدی صوبہ میں دیگر صوبوں کی مانند اصلاحات نافذ کی جائیں۔

۱۱- مسلمانوں کو تمام ملازمتوں میں ان کی اہلیت کے مطابق حصہ دیا جائے۔

۱۲- مسلمانوں کو مذہبی اور ثقافتی تحفظ فراہم کیا جائے۔

۱۳- صوبائی اور مرکزی وزارتوں میں مسلمانوں کو کم از کم ایک تہائی نمائندگی دی جائے۔

۱۴- صوبوں کی منظوری کے بغیر مرکزی آئین میں کوئی ردو بدل نہ کیا جائے۔

☆ ☆ ☆

تنظیم المدارس، کنزالمدارس، نظام المدارس، وفاق المدارس العربیہ اور دیگر بورڈز
کی کتابیں، داخلہ جات، امتحانی مسائل کے حل، گزشتہ پیپرز، اور دیگر اپڈیٹس حاصل
کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔

www.ahlesunnatboardspak.com

Follow Our Social Media Account:

1. **Whatsapp Channel (https://whatsapp.com/channel/0029VaFmkdD0VycHbvDRY70I)**
2. **Youtube (https://youtube.com/@ahlesunnatboards)**
3. **Tiktok (https://www.tiktok.com/@ahlesunnatboardspak)**
4. **Facebook Page (https://www.facebook.com/ahlesunnatboardspak)**